ABC CERTIFIED
کوئٹہ اور حب سے شائع ہونیوالا واحد قومی روزنامہ
Daily MASHRIQ QUETTA
اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)
روزنامہ مشرق کوئٹہ
چیف ایگزیکٹو: سید ممتاز احمد
جلد 54 | منگل 09 جمادی الثانی 1447ھ 02 دسمبر 2025ء صفحات 08 | شمارہ 148
رجسٹرڈ BC-m-1 | Email. mashriqqta2008@gmail.com | PTCL 081-2827345 081-2827344 | قیمت 35 روپے

تینوں صوبوں سے نکالا جارہا ہے کے پی حکومت افغانوں کو پناہ دے رہی ہے

ایس ایچ اوز گرفتاریوں کی ذمہ داری دے رہے ہیں، وزیر داخلہ

اپریل تک 11 لاکھ غیر قانونی افغان شہریوں کو واپس بھیج چکے ہیں، ملک میں جتنے بھی حملے ہورہے ہیں ان میں افغان ملوث ہیں، ہر صورت سب کو واپس بھیجیں گے، افغان طالبان دہشتگردوں کو لگام دیں

خیبرپختونخوا حکومت کو بھی بار بار یہ پیغام دے رہے ہیں آپ پہلے ملک کا سوچیں، اس کے بعد اپنی سیاست کریں، ہر صورت وفاقی حکومت کے فیصلے پر عمل کرانا پڑے گا، مزید بم دھماکے افورڈ نہیں کر سکتے

آزادی اظہار رائے کے قائل ہیں، سوشل میڈیا پر غلط خبر پر کریک ڈاؤن، قومی سلامتی کے معاملے پر کوئی سمجھوتا نہیں ہوگا، کوئی لندن میں بیٹھ کر یہ بکواس کر رہا ہے کہ اداروں میں مسئلہ چل رہا ہے، میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا ہے کہ وفاقی حکومت اپریل 2025 تک 11 لاکھ غیر قانونی افغان شہریوں کو واپس بھیج چکی ہے، جن میں سے 4 لاکھ افراد کو طورخم بارڈر کے ذریعے واپس بھیجا گیا، تینوں صوبوں سے افغانوں کو نکالا جارہا ہے جبکہ خیبرپختونخوا میں ان کو تحفظ دیا جا رہا ہے، خیبرپختونخوا کی حکومت کو بھی بار بار یہ پیغام دے رہے ہیں آپ پہلے اپنے ملک کا سوچیں، اس کے بعد اپنی سیاست کریں، ہر صورت وفاقی حکومت کے فیصلے پر عمل کرانا پڑے گا، مزید بم دھماکے افورڈ نہیں کر سکتے، ہر صورت ان کو واپس بھیجیں گے، بطور صحافی یقین رکھتا ہوں کہ آزادی اظہار رائے ہونی چاہئے، تنقید کریں لیکن پچھلے چند دنوں سے سوشل میڈیا پر 90 فیصد خبریں غلط چل رہی ہیں، کسی کی تصویر لگا کر جو دل کرے خبر چلا رہے ہیں، اس کی ہم اجازت نہیں دیں گے، اس کے خلاف بڑے پیمانے پر کریک ڈاؤن کرنے جا رہے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے لاہور میں قذافی اسٹیڈیم میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ وزیر داخلہ نے کہا اسلام آباد خودکش حملے اور کیڈٹ کالج پر حملے میں افغان ملوث تھے جبکہ ایف سی ہیڈکوارٹر پر حملہ کرنے والے تینوں افراد بھی افغان نکلے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ افغانوں کو واپس بھجوانے کے حوالے سے خیبرپختونخوا میں صورت حال مختلف ہے اور وہاں سے تعاون نہیں کیا جارہا۔ انہوں نے کہا غیر قانونی طور پر مقیم افغان خود ہی عزت کے ساتھ واپس چلے جائیں۔ یہ نہیں ہوسکتا ہے کہ......... بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 پر

ایمان مزاری اور ہادی علی کی فوری حکم امتناع کی استدعا مسترد

عدالت نے درخواست پر اعتراضات دور کرکے این سی آئی اے کو نوٹس کردیا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) اسلام آباد ہائیکورٹ نے متنازع ٹوئٹس کیس میں ایڈووکیٹ ایمان مزاری اور ہادی علی چٹھہ کی فوری حکم امتناع کی استدعا مسترد کر دی۔ جسٹس اعظم خان نے محفوظ فیصلہ جاری کر دیا۔ عدالت نے درخواست پر اعتراضات دور کرکے این سی آئی اے کو نوٹس کر دیا۔ عدالت نے کیس کو دو ہفتے بعد سماعت کے لیے مقرر کرنے کی ہدایت......... بقیہ 4 صفحہ نمبر 7 پر

ڈھاڈر نغاری میں آپریشن 4 دہشتگرد ہلاک، نوکنڈی اور پنجگور میں ایف سی حملے ناکام بنادیئے

نوکنڈی ایف سی ہیڈ کوارٹر کے باہر خودکش دھماکہ، دفتر میں داخل ہونے کی کوشش کرنیوالے چھ دہشت گرد ہلاک کر دیے گئے

پنجگور کے علاقے گرمکان میں ایف سی کی چیک پوسٹ پر حملہ، فوری جوابی کارروائی میں متعدد دہشت گرد مارے گئے

کچھی میں سیکورٹی فورسز نے انٹیلی جنس رپورٹ پر دہشت گردوں کے ٹھکانوں کے خلاف آپریشن کیا، متعدد کیمپ تباہ، میڈیا

ڈیرہ مراد جمالی، نوکنڈی (این این آئی، م ڑ) کچھی کے علاقے میں سیکورٹی فورسز کے آپریشن کے دوران 4 مبینہ دہشت گرد ہلاک جبکہ کیمپ کو تباہ کر دیا گیا۔ سیکورٹی فورسز کے ذرائع نے بتایا کہ کچھی کے علاقے ڈھاڈر نغاری میں سیکورٹی فورسز نے انٹیلی جنس کی رپورٹ......... بقیہ 5 صفحہ نمبر 7 پر

چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان پولیس کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

بلوچستان حکومت کی کاوشیں قابل تحسین، تعاون جاری رکھیں گے، بلاول بھٹو

وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی کی ملاقات، صوبے کی موجودہ صورتحال، عوامی مسائل اور حکومتی ترجیحات سے آگاہ کیا

رہنماؤں کا بلوچستان کی مجموعی سیاسی صورتحال، صوبائی معاملات اور مستقبل کی حکمت عملی پر تفصیلی تبادلہ خیال

کراچی (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری سے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے بلاول ہاؤس کراچی میں اہم ملاقات کی۔ ملاقات میں صوبائی وزیر برائے صنعت و حرفت سردار کوہیار ڈومکی، مستونگ سے پیپلز پارٹی کے ٹکٹ ہولڈر سردار نور احمد بنگلزئی اور خضدار سے پارٹی ٹکٹ ہولڈر آغا شکیل درانی بھی موجود تھے۔ ملاقات کے دوران بلوچستان کی مجموعی سیاسی صورتحال......... بقیہ 3 صفحہ نمبر 7 پر

کراچی: پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری سے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی صوبائی وزیر سردار کوہیار ڈومکی آغا شکیل درانی اور نور احمد بنگلزئی کا ملاقات کے بعد گروپ فوٹو

آرمی چیف اور چیف آف ڈیفنس فورسز کا ایک نوٹیفکیشن آئیگا، نوٹیفکیشن کے حوالے سے ایسا کچھ نہیں کہ معاملات رک گئے ہوں، وفاقی وزیر قانون

نواز شریف چیف آف ڈیفنس فورسز کے نوٹیفکیشن میں رکاوٹ نہیں، رانا ثنا اللہ

نواز شریف کی گفتگو کو خوامخواہ اس معاملے سے جوڑا جارہا ہے، انہوں نے جو بات کی اس کا پس منظر کچھ اور تھا، جو بھی آئینی ترامیم ہوئیں نواز شریف کی بحیثیت پارٹی ہیڈ منظوری سے ہوئیں

کسی بھی چیز کے زیر غور ہونے اور فیصلہ ہونے میں فرق ہوتا ہے، مختلف آپشن مختلف اوقات میں زیر غور ہوتے ہیں، جب تک کوئی فیصلہ نہ ہوا ان پر آپ کوئی حتمی بات نہیں کر سکتے، مشیر سیاسی امور

چیف آف ڈیفنس فورسز سے متعلق قانون پاس ہو چکا، نوٹیفکیشن بھی اس سے جڑا معاملہ ہے، وزیر اعظم ملک واپس آجائیں گے تو وزارت دفاع اس پر معاملات آگے بڑھائے گی، اعظم نذیر تارڑ

اسلام آباد (شاکر رحمان) وزیر اعظم کے مشیر برائے سیاسی امور رانا ثنا اللہ کا کہنا ہے کہ نواز شریف چیف آف ڈیفنس فورسز (سی ڈی ایف) کے نوٹیفکیشن میں......... بقیہ 2 صفحہ نمبر 7 پر

جیل کی ملاقات مشاورت کیلئے ہوتی سازشوں کیلئے نہیں، عطا تارڑ

ہم نے پی ٹی آئی دور کی تلخیاں برداشت کی ہیں، غیر قانونی مطالبہ پورا نہیں ہوگا

پیپلز پارٹی اور (ن) لیگ نے اپنی غلطیوں سے سیکھا، قومی اسمبلی میں اظہار خیال

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطا تارڑ نے کہا ہے کہ جیل میں ملاقات ملکی اداروں کے خلاف سازشوں کیلئے نہیں قانونی امور پر مشاورت......... بقیہ 10 صفحہ نمبر 7 پر

سعودی ثالثی میں پاکستان اور افغانستان کے درمیان خفیہ مذاکرات

مستقبل قریب میں سعودی عرب کی میزبانی میں مذاکرات کا ایک اور دور بھی ممکن ہے، ذرائع

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سعودی عرب نے ... خاموشی ... بقیہ 11 صفحہ نمبر 7 پر

فیلڈ مارشل عاصم منیر سے مصری وزیر خارجہ کی ملاقات، دفاعی تعاون بڑھانے کا عزم

ملاقات میں دونوں برادر ممالک کے درمیان دوطرفہ تعلقات کو وسعت دینے کا جائزہ لیا گیا، آئی ایس پی آر

دفاع اور وسیع تر اسٹریٹجک شعبوں میں ہم آہنگی اور دیرینہ تعلقات مزید مضبوط کرنے کے عزم کا اعادہ کیا گیا

راولپنڈی (زاہد احمد خان) آرمی چیف فیلڈ مارشل عاصم منیر سے مصر کے وزیر خارجہ نے ملاقات کی ہے، اس موقع پر برادر ممالک کے درمیان دوطرفہ تعلقات کا جائزہ لیا گیا، دفاعی و سیکیورٹی تعاون، عسکری سطح پر روابط......... بقیہ 6 صفحہ نمبر 7 پر



شہید عبدالصمد خان اچکزئی کی 52 ویں برسی آج منائی جائے گی

دوپہر 1 بجے ایوب اسٹیڈیم میں جلسہ عام منعقد کیا جائے گا، قائدین خطاب کرینگے

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے مرکزی سیکرٹریٹ کی جانب سے جاری کردہ ایک بیان میں کہا گیا ہے کہ......... بقیہ 7 صفحہ نمبر 7 پر

اوگرا نے ایل پی جی 7 روپے 39 پیسے فی کلو مہنگی کردی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) آئل اینڈ گیس ریگولیٹری اتھارٹی (اوگرا) نے مائع پیٹرولیم گیس (ایل پی جی) کی قیمت میں اضافہ کر دیا۔ اوگرا کی جانب سے جاری نوٹیفکیشن کے مطابق ایل پی جی 7 روپے 39 پیسے......... بقیہ 9 صفحہ نمبر 7 پر

ریاست اور پارلیمان کے خلاف باتیں کرنا غیر مناسب ہے، ایاز صادق

پارلیمنٹ کے دفاع کا ذمہ دار، مل کر اس طرح کے معاملات کو روکیں گے، سپیکر قومی اسمبلی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے کہا ہے کہ ریاست اور پارلیمان کے خلاف باتیں کرنا غیر مناسب ہے۔ قومی اسمبلی میں دیے گئے......... بقیہ 8 صفحہ نمبر 7 پر



تحریک تحفظ آئین پاکستان نے حکومت سے مذاکرات کیلئے شرائط پیش کردیں

چوری شدہ انتخابات کا خاتمہ، نئے شفاف انتخابات، سیاسی قیدیوں کی رہائی، میڈیا کی آزادی 73ء کے آئین کی بحالی شامل

پارلیمان کی بالادستی یقینی، داخلی و خارجی پالیسیاں پارلیمان تشکیل دے، پیکا جیسے قوانین کو لازمی طور پر ختم کرنے کے نکات

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) تحریک تحفظ آئین پاکستان نے حکومت سے مذاکرات کے لیے شرائط پیش کرتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ چوری شدہ انتخابات کو فوری طور پر کالعدم قرار دیا جائے۔ پیر کو تحریک تحفظ آئین پاکستان نے اپنے مطالبات میں کہا کہ تمام سیاسی قیدیوں کی رہائی عمل میں لائی جائے، 1973ء کا آئین اپنی اصل صورت میں بحال کیا جائے۔ مطالبات میں کہا گیا کہ پارلیمان کی مکمل بالادستی یقینی بنائی جائے، داخلی و خارجی پالیسیوں پارلیمان...... بقیہ 15 صفحہ نمبر 7 پر



کے پی اسمبلی: ذوالفقار علی بھٹو کو قومی شہید قرار دینے کی قرارداد منظور

قرارداد احمد کریم کنڈی نے پیش کی جسے ایوان نے متفقہ طور پر منظور کیا

پشاور (بیورو رپورٹ) پشاور میں خیبرپختونخوا اسمبلی کے اجلاس میں ایک تاریخی فیصلہ کیا گیا ہے۔ سابق وزیر اعظم اور پاکستان..... بقیہ 12 صفحہ نمبر 7 پر

دھمکیاں دینے سے ایوان فتح نہیں ہوتے، اعظم نذیر تارڑ

سرکاری گاڑیوں پر پارٹی جھنڈے لہرا کر اسلام آباد پر حملہ غیر آئینی ہے، وزیر قانون

اسپیکر جس وقت ہدایت دیں گے ہم بات کرنے کیلئے تیار ہیں، اسمبلی میں خطاب

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وفاقی وزیر قانون سینیٹر اعظم نذیر تارڑ نے کہا ہے کہ دھمکیاں دینے سے ایوان فتح نہیں ہوتے ہیں، وزیر اعظم شہباز شریف نے اپوزیشن سے بار بار مذاکرات کرنے کی بات کی ہے، یہ عوام کا مقدس ایوان ہے، اسپیکر جس وقت ہدایت......... بقیہ 13 صفحہ نمبر 7 پر

کرغزستان کے صدر کل اپنے پہلے دورے پر پاکستان پہنچیں گے

اسلام آباد (شاکر رحمان) کرغزستان کے صدر سادیر جاپاروو کا پہلا تاریخی دورہ پاکستان، کرغز صدر (کل) 3 دسمبر بدھ کو اپنے پہلے دو روزہ دورہ پر پاکستان پہنچیں گے۔ سفارتی ذرائع کے مطابق کرغز صدر وزیر اعظم شہباز شریف کی دعوت پر دورہ کر رہے ہیں اور......... بقیہ 14 صفحہ نمبر 7 پر

لکی مروت، پولیس موبائل پر خودکش حملہ، ایک اہلکار شہید، 5 زخمی

لکی مروت (بیورو رپورٹ) خیبرپختونخوا کے ضلع لکی مروت میں پولیس موبائل پر خودکش حملے میں ایک پولیس اہلکار شہید اور 5 زخمی ہوگئے۔ پولیس کے مطابق لکی مروت میں خودکش بمبار نے پولیس اسٹیشن تجوڑی کی موبائل کو نشانہ بنایا، خودکش دھماکے میں ایک......... بقیہ 16 صفحہ نمبر 7 پر

جو آپ سے اتفاق کرے وہ ٹھیک ورنہ غدار، کیا یہ جمہوریت ہے، بیرسٹر گوہر

پی ٹی آئی پارلیمنٹ پر کبھی حملہ آور نہیں ہوگی، عوام کے ووٹ سے واپس آئیں گے، قومی اسمبلی میں خطاب

محمود اچکزئی اپوزیشن لیڈر کی حیثیت رکھتے ہیں، کے پی کے گورنر راج کا متحمل نہیں ہوسکتا، میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما بیرسٹر گوہر نے کہا ہے کہ کیا یہ جمہوریت ہے جو آپ کے ساتھ اتفاق کرے تو ٹھیک ورنہ غدار۔ قومی اسمبلی......... بقیہ 17 صفحہ نمبر 7 پر

بانی کے پاس نواز شریف کی منی لانڈرنگ کی پوری فائل ہے، علیمہ خان

نورین نیازی اور میری ویڈیو حکومت نے بنا کر خود سوشل میڈیا پر ڈالی، گفتگو

راولپنڈی (م ڈ) سابق وزیر اعظم عمران خان کی ہمشیرہ علیمہ خان کا کہنا ہے کہ میں نے کسی بھارتی چینل پر آپریشن سندور......... بقیہ 8 صفحہ نمبر 7 پر

گرفتار، نظر بند اور زیر حراست افراد سے تفتیش بارے بل سینیٹ سے منظور

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پیپلز پارٹی کے سینیٹر فاروق ایچ نائیک کی جانب سے گرفتار، نظر بند اور زیر حراست افراد سے تفتیش بارے بل سینیٹ نے منظور کرلیا۔ پیر کو اجلاس کے دوران سینیٹر فاروق نائیک نے کہا کہ بل میں یہ ہے اگر کوئی آدمی پکڑا گیا تو اسے تحریری......... بقیہ 20 صفحہ نمبر 7 پر

تلہ گنگ سے افغان شاخت یافتہ دہشت گرد قاسم عرف حسن گرفتار

تلہ گنگ (بیورو رپورٹ) تلہ گنگ سے افغان شناخت یافتہ دہشت گرد قاسم عرف حسن کو گرفتار کرلیا گیا۔ سیکیورٹی حکام کی جانب سے جاری کی گئی ویڈیو میں گرفتار دہشت گرد نے کہا کہ وہ سال پہلے افغانستان سے لکی مروت میں آیا، سرو درگہ میں 2025 میں......... بقیہ 22 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان میں ایڈز کے رجسٹرڈ مریضوں کی تعداد 3 ہزار سے زائد

کوئٹہ میں 2 ہزار 164 کیسز ریکارڈ، گزشتہ سال 452 افراد ہلاک ہوئے

کوئٹہ (یو این اے) محکمہ صحت بلوچستان کے رپورٹ کے مطابق بلوچستان میں ایڈز کے رجسٹرڈ مریضوں کی تعداد 3 ہزار 303 تک پہنچ گئی ہے، جن میں......... بقیہ 19 صفحہ نمبر 7 پر

بدمعاشی کریں گے تو گورنر راج لگ سکتا ہے، فیصل واوڈا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سابق وزیر سینیٹر فیصل واوڈا نے خیبرپختونخوا میں گورنر راج کی خبروں پر ردعمل دیتے ہوئے کہا ہے کہ بدمعاشی کریں گے تو گورنر راج لگ سکتا ہے۔ پارلیمنٹ ہاؤس کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے فیصل واوڈا نے کہا کہ ہم سب کی......... بقیہ 21 صفحہ نمبر 7 پر

کسی میں ہمت ہے تو گورنر راج لگا کر دکھائے، سہیل آفریدی

پشاور (بیورو رپورٹ) وزیر اعلیٰ خیبرپختونخوا سہیل آفریدی نے کہا ہے کہ صوبے میں کسی اور راج کی ضرورت نہیں، اگر ہمت ہے تو گورنر راج لگا کر دیکھیں، ہم نہیں ڈرتے، بند کمروں کی پالیسیاں خیبرپختونخوا میں نافذ کرنے والوں کو احساس کرنا چاہیے تحریک انصاف......... بقیہ 23 صفحہ نمبر 7 پر

صوبائی وزیر پی اینڈ ڈی سردار عبدالرحمن کھیتران عوامی کھلی کچہری میں شہریوں کے مسائل سن رہے ہیں

یونان کشتی حادثہ، غفلت و بدعنوانی پر ایف آئی اے کے 13 افسر برطرف

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وفاقی وزارت داخلہ نے یونان کشتی حادثہ سمیت غفلت و بدعنوانی پر 13 افسروں کو برطرف کر دیا، سزاؤں کے خلاف اپیلیں مسترد کر دیں۔ وفاقی سیکرٹری داخلہ نے یونان کشتی حادثہ 2023 سمیت غفلت، بدعنوانی اور غیر پیشہ ورانہ رویے پر کئی افسران برطرف کیا، کراچی ایئرپورٹ کے......... بقیہ 25 صفحہ نمبر 7 پر

شوکت خانم اور نمل یونیورسٹی کے بینک اکاؤنٹ ڈی فریز کرنے کا حکم

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) راولپنڈی کی انسداد دہشت گردی عدالت نے شوکت خانم کے 4 بینک اکاؤنٹ ڈی فریز کرنے کا حکم دے دیا۔ پیر کو علیمہ خان کے خلاف 26 نومبر کے احتجاج پر درج مقدمے کی سماعت ہوئی۔ شوکت خانم کینسر ہسپتال کے وکلاء عدالت پیش ہوئے دوران سماعت عدالت نے نمل......... بقیہ 24 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ کسٹم نے 27 کروڑ روپے مالیت کی 28 نان کسٹم پیڈ گاڑیاں ضبط کرلیں

گاڑیوں میں ٹویوٹا لینڈ کروزر، کرولا، پراڈو، فیلڈر، کراؤن، پریمیو، ایکوا، وٹز، پروباکس اور آلٹو جیسے قیمتی ماڈلز شامل

موبائل اسکواڈ نے ایف سی 74 ونگ کے ہمراہ گودام پر چھاپہ مار کر 9 گاڑیاں قبضے میں لیں، کسٹمز انفورسمنٹ کوئٹہ

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) کسٹمز انفورسمنٹ کوئٹہ نے ستائیس کروڑ روپے سے زائد مالیت کی 28 نان کسٹم پیڈ گاڑیاں ضبط کرلیں۔ کلکٹریٹ آف کسٹمز (انفورسمنٹ) کوئٹہ نے بلوچستان بھر میں دو بڑے آپریشنز کے دوران 28 نان کسٹم پیڈ گاڑیاں ضبط کر لی ہیں جن کی مالیت ستائیس کروڑ میں لاکھ روپے ہے۔......... بقیہ 27 صفحہ نمبر 7 پر

افغانستان سے حملوں میں 5 افراد مارے گئے، تاجکستان

تاشقند (م ڈ) تاجکستان کی صدارتی پریس سروس نے بتایا ہے کہ گزشتہ ہفتے ہمسایہ ملک افغانستان سے کیے گئے 2 حملوں میں 5 افراد ہلاک اور 5 دیگر زخمی ہو گئے۔ خبر رساں ادارے رائٹرز کی رپورٹ کے مطابق سیکولر حکومت کا حامل تاجکستان تقریباً ایک کروڑ 10 لاکھ آبادی کے حامل پہاڑی خطے پر مشتمل سابقہ......... بقیہ 28 صفحہ نمبر 7 پر

بدعنوانی کے مقدمے میں شیخ حسینہ واجد کو 5 سال قید کی سزا

عدالت نے بھانجی اور برطانوی رکن پارلیمنٹ ٹیولپ صدیق کو 2 سال قید کی سزا سنادی

ڈھاکا (م ڈ) بنگلادیش کی سابق وزیر اعظم شیخ حسینہ واجد کو بدعنوانی کے مقدمے میں 5 سال قید کی سزا سنادی گئی۔......... بقیہ 26 صفحہ نمبر 7 پر

امریکہ آبادکاری پروگرام بحال کرے، پاکستان میں مقیم افغان باشندوں کا مطالبہ

کوئٹہ (نیوز ڈیسک) امریکا میں دوبارہ آبادکاری کے منتظر افغان پناہ گزینوں نے ٹرمپ انتظامیہ سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ اس پروگرام کو دوبارہ شروع کرے، کیونکہ وہ پاکستان میں انتہائی مشکلات اور مسلسل جبری واپسی کے خدشے کے تحت زندگی گزار رہے ہیں۔ رپورٹ کے مطابق افغان پی ون، پی ٹو کیس ہولڈرز...... بقیہ 30 صفحہ نمبر 7 پر

بانی کا درست پیغام نہیں پہنچایا جاتا، مشال یوسفزئی، الزامات جھوٹے ہیں، سلمان اکرم راجہ

درست پیغام پہنچاتے ہیں، ملاقاتیں محدود ہوتی ہیں، ہمیں ملنے والوں کی بات پر اعتماد کرنا ہوتا ہے، سیکرٹری جنرل

پارلیمانی پارٹی اجلاس میں رہنماؤں کے درمیان سخت جملوں کا تبادلہ، اس معاملے پر کوئی بات نہیں کرنا چاہتی، پارٹی سینیٹر

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان تحریک انصاف کے سیکرٹری جنرل سلمان اکرم راجا اور پی ٹی آئی کور کمیٹی کی رکن سینیٹر مشال یوسف زئی کے درمیان اختلافات ایک بار پھر سامنے آگئے۔ ذرائع کے مطابق تحریک انصاف کے پارلیمانی پارٹی اجلاس میں مشال یوسف زئی اور سلمان اکرم کے درمیان سخت جملوں کا تبادلہ ہوا۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ مشال یوسف زئی نے بانی پی ٹی آئی کی باتیں باہر ٹھیک طرح سے نہ آنے کا معاملہ اٹھایا۔ ذرائع کے مطابق مشال یوسف زئی نے سلمان اکرم راجا پر......... بقیہ 29 صفحہ نمبر 7 پر

تعلیمی معیار اور تحقیقی سرگرمیوں میں مزید بہتری کی ضرورت ہے، ڈاکٹر ظہور احمد بلیدی

تمام فیکلٹی ڈینز اور سنڈیکیٹ ممبران میں تحقیق کے فروغ کو ترجیح دی جارہی ہے، بورڈ آف گورنرز کے اجلاس سے وی سی کا خطاب

اجلاس میں بجٹ، تحقیق کے فروغ، اساتذہ کی پیشہ ورانہ تربیت، نجموعی فعالیت میں اضافے سے متعلق متعدد سفارشات منظور کیں

کوئٹہ (اے پی پی) جامعہ بلوچستان کے ایریا اسٹڈی سنٹرز برائے مشرق وسطیٰ و عرب ممالک کا بورڈ آف گورنرز کا 25 واں اجلاس جامعہ بلوچستان کے وائس چانسلر سنڈیکیٹ ہاؤس میں منعقد ہوا جس کی صدارت وائس چانسلر جامعہ بلوچستان پروفیسر ڈاکٹر اکبر احمد بلیدی نے کی۔ اجلاس میں ڈائریکٹر ایریا اسٹڈی سنٹرز ڈاکٹر عزیز جرب نے شرکا کو خوش آمدید کہا۔ اجلاس میں آن لائن شرکت کرنے والوں میں پروفیسر ڈاکٹر راشد شفیع، وائس چانسلر ویمن یونیورسٹی مردان، ڈاکٹر نوشابہ ایوب، ممبر بلوچستان ایجوکیشن کمیشن، سید وقار حسین شاہ، ڈاکٹر اسرار الحق، ڈاکٹر جلال کیلش، سہیل بہ وائس چانسلر اسلامیہ یونیورسٹی، وائس چانسلر میر چاکر خان رند، پروفیسر ڈاکٹر منظر بلوچ یونیورسٹی کی، ڈائریکٹر پاکستان اسٹڈی سنٹر جامعہ بلوچستان، ڈاکٹر محمد حسن ڈوالا، ڈین فیکلٹی آف ارٹس ایجوکیشن فزیکل ایجوکیشن اینڈ لینگویجز جامعہ بلوچستان ڈاکٹر ظہور احمد بلیدی، وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر شاہد صدیقی، ڈین فیکلٹی آف سوشل سائنسز جامعہ بلوچستان ڈاکٹر عبدالرحمان، ڈین فیکلٹی آف بزنس ایڈمنسٹریشن جامعہ بلوچستان ڈاکٹر عبدالواحد ہزاروی، ڈین فیکلٹی آف سائنس جامعہ بلوچستان پروفیسر ڈاکٹر عبدالصمد رحیمی، ڈین فیکلٹی آف لینگویجز جامعہ بلوچستان پروفیسر ڈاکٹر عبدالواحد بائیدی، ڈین فیکلٹی آف ایجوکیشن جامعہ بلوچستان پروفیسر ڈاکٹر عبدالرزاق صابر، ڈین فیکلٹی آف آرٹس جامعہ بلوچستان پروفیسر ڈاکٹر عبدالرؤف بزدار، ڈین فیکلٹی آف سائنس جامعہ بلوچستان پروفیسر ڈاکٹر عبدالصمد رحیمی، ڈین فیکلٹی آف بزنس ایڈمنسٹریشن جامعہ بلوچستان پروفیسر ڈاکٹر عبدالواحد ہزاروی، ڈین فیکلٹی آف سوشل سائنسز جامعہ بلوچستان ڈاکٹر عبدالرحمان، ڈین فیکلٹی آف بزنس ایڈمنسٹریشن جامعہ بلوچستان ڈاکٹر عبدالواحد ہزاروی، ڈین فیکلٹی آف لینگویجز جامعہ بلوچستان پروفیسر ڈاکٹر عبدالواحد بائیدی، ڈین فیکلٹی آف ایجوکیشن جامعہ بلوچستان پروفیسر ڈاکٹر عبدالرزاق صابر، ڈین فیکلٹی آف آرٹس جامعہ بلوچستان پروفیسر ڈاکٹر عبدالرؤف بزدار، ڈین فیکلٹی آف سائنس جامعہ بلوچستان پروفیسر ڈاکٹر عبدالصمد رحیمی، ڈین فیکلٹی آف بزنس ایڈمنسٹریشن جامعہ بلوچستان

Daily MASHRIQ QUETTA & Hub
روزنامہ مشرق کوئٹہ و حب
ایگزیکٹو ایڈیٹر سید ممتاز احمد

کوئٹہ ضلعی انتظامیہ کا گیس کمپریسر فروخت کنندگان کیخلاف کریک ڈاؤن

سب ڈویژن سریاب اور سب ڈویژن سٹی میں بیک وقت کارروائیاں کی گئیں جن کے دوران بڑی تعداد میں کمپریسر ضبط، دکاندار گرفتار

اے سی سریاب نے کلی کمالو، ازبک بازار اور دیگر علاقوں میں کارروائیاں کرتے ہوئے 10 دکاندار گرفتار کیے اور 2 دکانیں سیل کر دیں

اسپیشل مجسٹریٹ نے سریاب روڈ کے مختلف علاقوں میں آپریشن کرتے ہوئے 25 کمپریسر ضبط کیے، 4 دکاندار گرفتار اور 3 دکانیں سیل کیں

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی کے احکامات پر ضلعی انتظامیہ کی جانب سے گیس کمپریسر مافیا کے خلاف مؤثر اور بھرپور کریک ڈاؤن جاری ہے۔ سب ڈویژن سریاب اور سب ڈویژن سٹی میں مشترکہ کارروائیوں کے دوران بڑی تعداد میں کمپریسر ضبط کیے گئے جبکہ متعدد دکاندار گرفتار اور دکانیں سیل کی گئیں۔ 100 گیس کمپریسر ضبط 18 دکاندار گرفتار 10 دکانیں سیل۔ اسسٹنٹ کمشنر سریاب منصور اچکزئی نے کمالو، ازبک بازار اور دیگر علاقوں میں کارروائیاں کرتے ہوئے 10 دکاندار گرفتار کیے اور 2 دکانیں سیل کر دیں۔ اسپیشل مجسٹریٹ عزت اللہ نے سریاب روڈ کے مختلف علاقوں میں آپریشن کرتے ہوئے 25 کمپریسر ضبط کیے، 4 دکاندار گرفتار کیے اور 3 دکانیں سیل کیں۔ اسپیشل مجسٹریٹ حسیب سردار نے سب ڈویژن سٹی میں کارروائی کرتے ہوئے 65 کمپریسر ضبط کیے، 3 دکانیں سیل کیں اور 4 دکاندار گرفتار کیے۔ ڈپٹی کمشنر کوئٹہ نے کہا کہ شہریوں کو گیس پریشر میں کمی کے مسئلے سے نجات دلانے کے لیے کمپریسر مافیا کے خلاف سخت کارروائیاں جاری رہیں گی۔

چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان بلوچستان ماحولیاتی فنڈ کمیٹی کے پہلے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

جلد بلوچستان سے دہشت گردوں کا صفایا کر دیا جائے گا، سید جہانگیر شاہ

ضلع کیچ میں کاریز سسٹم کی اہمیت اور درپیش چیلنجز "پر ایک روزہ سیمینار"

"Forgotten Flows of Karez"

قومی وحدت کیلئے برابری کی بنیاد ضروری ہے، سید امان شاہ

بارکھان: دوہرے قتل میں ملوث ملزم گرفتار

ہنگول نیشنل پارک ناقص انتظامات کے باعث تباہ حالی کا شکار

(Sindh Ibex)

کمشنر کوئٹہ شاہ زیب خان کاکڑ آوارہ کتوں کے خلاف مہم کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

حکومت ایچ آئی وی کی روک تھام اور مریضوں کی دیکھ بھال کیلئے سنجیدہ ہے، ثاقب کاکڑ

اس وقت بولان میڈیکل کمپلیکس میں ایچ آئی وی کے دو مخصوص وارڈز فعال ہیں، جلد ان کی تعداد بڑھائی جائے گی، ایڈیشنل سیکرٹری صحت

شعور کی کمی کی وجہ سے ایڈز کے مریضوں کو حقارت سے دیکھا جاتا ہے حالانکہ یہ مرض انتقال خون اور دیگر غلطیوں سے بھی منتقل ہوتا ہے، ڈاکٹرز

کوئٹہ میں صوبائی ایڈز کنٹرول پروگرام کے زیر اہتمام ایڈز کے عالمی دن کے موقع پر تقریب منعقد کی گئی تقریب، ماہرین اور عوام کی شرکت

کوئٹہ (اے پی پی) کوئٹہ میں صوبائی ایڈز کنٹرول پروگرام کے زیر اہتمام ایڈز کے عالمی دن کے موقع پر تقریب منعقد کی گئی تقریب میں علمائے کرام، طلبا و طالبات، صحت کے ماہرین، خواتین اور ٹرانسجینڈرز سمیت مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے ... ہے جو فرنٹ لائن پر خدمات انجام دے رہے ہیں تقریب سے خطاب کرتے ہوئے صوبائی کوآرڈینیٹر پروونشل ایڈز کنٹرول پروگرام ڈاکٹر تحریم نوشیروانی نے کہا کہ بدقسمتی سے لوگوں میں شعور کی کمی کی وجہ سے ایڈز کے مریضوں کو حقیر نظر ... کے نہ رکھیں انہوں نے کہا کہ اس مرض کے خلاف سب کو جہاد کرنا ہے سوسائٹی، علما، سمیت معاشرے کے تمام طبقات کو اس موذی مرض کے حوالے سے نہ صرف شعور اجاگر کرنا ہے بلکہ عملی طور پر اس کے خاتمے کے لئے سب کا کردار اہم ہے ... رپورٹ ہوئے جبکہ تاحال رجسٹرڈ مریضوں کی تعداد لگ بھگ دس ہزار ہے انہوں نے کہا سب سے زیادہ مریضوں کی تعداد کوئٹہ سے ہیں تقریب سے ڈاکٹر خدائے داد اچکزئی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان میں جتنے بھی ایڈز کے مریض ہے ان کی علاج میں معالجہ بہترین ہو رہی ہے صوبائی حکومت کی کوشش ہے ایک بھی مریض بغیر علاج ... روک تھام اور مریضوں کی دیکھ بھال کے لیے سنجیدہ ہیں اس وقت بولان میڈیکل کمپلیکس (BMC) میں ایچ آئی وی کے دو مخصوص وارڈز فعال ہیں، اور آنے والے بجٹ میں ان وارڈز کی تعداد کو بڑھایا جائے گا تاکہ مریضوں کو بہتر طبی سہولیات فراہم کی جا سکیں۔ ڈاکٹر اور محکمہ صحت کے دیگر ورکرز کی خدمات کو سراہتے ہوئے کہا کہ ہمارے حقیقی ہیروز ... بات کرنے سے گریز کرتے ہیں ایچ آئی وی ایک بیماری ہے جس کا جدید طبی سائنس کے ذریعے علاج اور انتظام ممکن ہے، اور اس کے علاج تک رسائی میں شرمندگی کو حائل نہیں ہونا چاہیے۔ ان کا کہنا تھا کہ اس موذی مرض کے حوالے سے عام لوگوں میں بڑے پیمانے پر شعور اجاگر کرنے کی اشد ضرورت ہے تاکہ بروقت تشخیص اور علاج کو یقینی بنایا جا سکے

چمن: اے سی صدر امتیاز بلوچ سے حبیب اللہ اچکزئی و دیگر ملاقات کر رہے ہیں

بلوچستان کانسٹیبلری میں بھرتی کا عمل شفافیت کیساتھ مکمل

4 اقلیتی امیدواروں اور 8 خواتین سمیت 149 جوان بھرتی، تمام مراحل کمانڈنٹ بی سی اشفاق احمد خان نے ذاتی نگرانی میں شفافیت سے مکمل کرائے

کل 2431 امیدواروں نے بھرتی کیلئے کاغذات جمع کروائے جن میں سے سلیکشن پراسیس میں 2282 امیدوار مختلف وجوہ کی بناء پر ڈراپ ہوئے

کوئٹہ (آن لائن) آئی جی پولیس بلوچستان محمد طاہر کے حکم مطابق ایڈیشنل آئی جی پی کمانڈنٹ بلوچستان کانسٹیبلری اشفاق احمد خان کی زیر نگرانی ٹیم نے بی سی میں جوانوں کی بھرتی کو انتہائی شفاف طریقے سے پایہ تکمیل تک پہنچایا۔ 149 جوانوں، 4 اقلیت اور 8 خواتین امیدواروں کو بھرتی کیا گیا۔ تمام مراحل انتہائی شفاف طریقے سے کمانڈنٹ ... اظہار کیا ہے اور کمانڈنٹ بی سی اور ٹیم کی میرٹ کی بحالی کے اقدام کو سراہا ہے۔ تفصیلات کے مطابق بلوچستان کانسٹیبلری میں بھرتی ہونے کیلئے کل 2431 امیدواروں نے کاغذات جمع کروائے جس میں سے 35 فارم رجیکٹ، غیر حاضر 658 دوڑ میں 1036 فیل، قد چھاتی میں 58 فیل بقیہ 1644 امیدواران نے اگلے مرحلے کیلئے کوالیفائی کیا اور تحریری امتحان میں 222 غیر حاضر ہوئے 422 امیدواروں نے تحریری امتحان میں شرکت کی جن میں سے 18 امیدواروں کے پیپر کینسل ہوئے اور بقیہ 189 امیدواروں نے تحریری امتحان پاس کیا۔ مزید 40 امیدوار ڈراپ ہو گئے بقیہ 149 امیدوار جس میں 4 اقلیتی اور 8 خواتین امیدواروں کو بھرتی کیا گیا۔ اس تمام مرحلے میں کل 11 امیدواروں پر ایف آئی آر کی گئی۔ ایڈیشنل IGP کمانڈنٹ بلوچستان کانسٹیبلری اشفاق احمد خان نے انتہائی ایمانداری کے ساتھ انتہائی قابل اور ذہین امیدواروں کو بھرتی کیا تاکہ بلوچستان کانسٹیبلری کا مورال اوپر رہے اور پڑھے لکھے نوجوانوں کو آگے بڑھنے کا موقع ملے۔ جو ملک اور قوم کی خدمت کر سکیں اور صوبے میں امن کو برقرار رکھ سکیں۔

عوام کیلئے فرائض کی ادائیگی میں کوئی کسر نہیں چھوڑیں گے، امتیاز بلوچ

ایماندار اور فرض شناس افسروں کی تعیناتی وقت کی اہم ضرورت ہے، حبیب اللہ اچکزئی

چمن میں مسائل کے فوری حل اور انتظامی معاملات میں شفافیت قابل تعریف ہے، گفتگو

چمن (پ ر) مرکزی انجمن تاجران و دکانداران کے ضلعی چیئرمین حبیب اللہ اچکزئی کی قیادت میں تاجروں کے ایک اہم وفد نے اسسٹنٹ کمشنر صدر امتیاز بلوچ سے ملاقات کی۔ اس ملاقات میں شہر کے انتظامی امور، تاجر برادری کے مسائل اور تعاون کے فروغ سے متعلق تفصیلی گفتگو ہوئی وفد میں پریس سیکرٹری حاجی باری اسحاق، سرپرست اعلیٰ حاجی لالی نورزئی، جنرل سیکرٹری شفیع اللہ اچکزئی، حاجی لطیف ... تاجران نے اسسٹنٹ کمشنر کی کاروباری ماحول کو بہتر بنانے، مسائل کے فوری حل اور انتظامی معاملات میں شفافیت لانے کی کوششوں کی بھرپور تعریف کی تاجران کا کہنا تھا کہ امتیاز بلوچ جیسے فعال اور ایماندار افسران کی موجودگی سے نہ صرف تاجر برادری کو اعتماد ملتا ہے بلکہ شہر کے مجموعی ماحول پر بھی مثبت اثرات مرتب ہوتے ہیں آخر میں مرکزی انجمن تاجران و دکانداران نے حکومت بلوچستان سے مطالبہ کیا کہ چمن ...

کوہلو: جھگڑے میں ایک شخص شدید زخمی

... بعد تشویشناک حالت میں ملتان ریفر کر دیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق واقعہ زرکون قبائل کے باہمی تنازع کے دوران پیش آیا، جس میں آفتاب شدید زخمی ہوا۔ زخمی نوجوان کو ڈپٹی ڈائریکٹر لائیو اسٹاک ڈاکٹر بہادر شاہ زرکون اور سردار عبدالرؤف کا بھتیجا بتایا جا رہا ہے۔

ڈپٹی کمشنر ژوب میجر (ر) الیاس کبزئی اور 122 ونگ کے ونگ کمانڈر کرنل عبدالمنان و دیگر قومی ترانے کے احترام میں کھڑے ہیں

TENDER NOTICE

TSE-252611917603 Only electronic bid will be submitted, No physical bid is required. Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB. The BURN UNIT SPH invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2025 based on Composite schedule rates 2023 on Percentage Rates

Tender Fee 2000 PKR and Bid Security 4%

S.No	Name of Work/s	E/Cost
1	STRENGTHENING OF BURN UNIT AT SPH QUETTA	57,268,560

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Presence in Active Tax Payer List The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan Balochistan Revenue Authority Registration is required The bidder must have completed 3 Assignment of similar nature of work Turn over of at least 40,087,992 PKR Amount in3 subsequent previous years showing financial capacity of the firm Registration with Pakistan Engineering council (PEC) C-5 and above (Upto 65 million)In Relevant Category And Specialized Code is C6 (11) , ME01 (HVAC), ME02 (Fire Prevention and Protection System), CE10(i) (General Civil Engineering Works) . All bidders must submit the original Call Deposit Receipt (CDR) within one (01) hour of bid opening. Failure to do so will result in disqualification of the bidder. Bidder must have completed at least 3 similar projects each with cost not less than 75 percent of the estimated cost during the last 3 years the bidder must have on-going Two assignment of similar nature of work (75% of this work) with satisfactory performance certificates **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of Bank Gurantee,Deposit at Call of 4 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The NIT & Bidding Document can be obtained electronically from www.bppra.gob.pk **Issuance of tender Documents:** Complete Bidding Document can be viewed at www.bppra.gob.pk **Last Date of bid submission:** Bid can only be submitted electronically latest by 17 December, 2025till 09:00 AM through supplier dashboard. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at 10:00 AM on EPPS System Address: Burn Unit Sandeman (Provincial) Hospital Quetta Phone no: 0819201662

Email: Manzoor7813535@gmail.com

HEAD OF DEPARTMENT
Burn Unit Sandeman Provincial Hospital Quetta

PRQ No.2641/01-12-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

NOTICE INVITING TENDER

TSE-252611917412

The Balochistan Public Service Commission is conducting upcoming examination held from December 2025 to January 2026 Quetta, therefore the undersigned invites E bids for supply of the following Work/Items. **Bid Security 2% (Rs. in Million) Time Limit 30**

S.#	Items / Descriptions of Procurements	E/Cost
1.	**Supply & installation of Shamiana, Kanata,, chairs (6000) and (70) tables with cover sheets , LPG Gas Cylander with Burners Generators for Electricity with lights, water coolers for water 150 approximately etc. (per day rent)** Lunch (Chicken Baryani) with service only for **04** day for 550 (more or less) duty staff and tea refreshment for whole examination double sessions morning and evening approximately **Locations (where the Field days will be arranged).** At Govt Elementary Coolege , Govt Girls High School Jinnah Town Quetta and Office of Balochistan Public Service Commission	10.0 M

Eligibility: Reputed firms having relevant experience, financial capability and registration with tax authorities i.e. Income and . Registration with the Baluchistan Revenue Authority is also required (where applicable). The evidence of "Active Taxpayer" in Active Taxpayer List (ATL) of Federal Board of Revenue according to the Government's Policy Directives. **Method of Procurement: Single Stage-one envelope Bidding/ Tender Documents: - Bid Submission**. The E bids will be received on **15/12/2025 at 10:00 AM**. **Opening of Bids:** The E bids will be opened on **15/12/2025 at 11:00 AM** in the presence of bidders or their nominated agents who prefer to be present in the meeting. **Issuance.** Bid Documents deposited tender fee (Green Bank Challan) of Rs. 1000/- under the Head of Account (C-03870) till a day before tender opening . Contact # 081-9202201/081-9201507, for further detail of this tender & condition, the biding documents can be seen at www.bppra.org.pk under procuring agency. **Bid Submission**. The E bids will be received on exact date and time mentioned in Bid Documents. **Opening of Bids:** The E bids will be opened on exact date and time mentioned in Bid Documents in the presence of bidders or their nominated agents who prefer to be present in the meeting. **Address/ Opening Venue.** Bids will be opened in the office of the Secretary Baluchistan Public Service Commission Samungli Road Quetta. **Bid Security.** An amount of 2% Original Call Deposit Receipt of Estimated cost. Are required in shape of Call Deposit Receipts from any scheduled bank in the name of Secretary Baluchistan Public Service Commission. **Note: -** The Procurement will be made under the provision of BPPRA Rules, 2014.

SECRETARY
Balochistan Public Service Commission

PRQ NO.2637/01-12-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

ڈیرہ اللہ یار: مسلح افراد کی گھر میں ڈکیتی

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈیرہ اللہ یار میں ڈکیتی کی بڑی واردات مسلح ڈاکو گن پوائنٹ پر اہل خانہ کو یرغمال بنا کر سونا زیورات اور لاکھوں روپے لوٹ کر فرار ہو گئے پولیس کے مطابق ڈیرہ اللہ یار پولیس تھانے کی حدود بابا گن بابا علاقے میں گزشتہ شب نامعلوم پانچ نقاب پوش افراد وڈیرہ صحبت خان کھوسو کے گھر گھس کر اسلحے کے زور پر اہل خانہ کو یرغمال بنا کر سونا زیورات سمیت لاکھوں روپے نقدی و دیگر سامان چوری کر کے فرار ہو گئے واقع کی اطلاع پر پولیس موقع پر پہنچ کر علاقے کی ناکہ بندی کر کے ملزمان کی تلاش شروع کر دی۔

کوئٹہ میں چوریاں اور ڈکیتیاں، عوام غیر محفوظ، پولیس محو خواب

دن دیہاڑے مسلح ڈکیت اور چور سرعام وارداتیں کر رہے ہیں، غریب عوام اپنی محنت کی کمائی سے محروم ہو رہے ہیں، پولیس منظر سے غائب ہے

عوام نے ضلعی انتظامیہ، پولیس اور قانون نافذ کرنے والے اداروں سے مطالبہ کیا ہے کہ چوروں اور ڈکیتوں کیخلاف فوری طور پر کریک ڈاؤن کیا جائے

سریاب روڈ، کچلاک، ایئرپورٹ روڈ اور نواں کلی سمیت پورے شہر کو چوروں اور ڈکیتوں سے پاک کیا جائے تاکہ غریب عوام مزید لٹنے سے بچ سکیں

کوئٹہ (یو این اے) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں جرائم پیشہ عناصر کھلے عام دندناتے پھر رہے ہیں جیسے شہر ان کی جاگیر ہو، جبکہ پولیس اور متعلقہ ادارے خاموش تماشائی بنے بیٹھے ہیں۔ شہر میں ... زیورات، نقدی اور پانچ موبائل فون لوٹ کر آرام سے فرار ہو گئے۔ اسی طرح ولدار خان سے ریسانی روڈ پر دو نامعلوم مسلح افراد نے 125 موٹر سائیکل لوٹ لیا۔ خدائے رحیم سے ارباب کرم خان روڈ پر ... روپے نقدی اور موٹر سائیکل چھین لیے۔ امیر خان سے لنک روڈ پر، مجیب اللہ سے لنک ہزار گنجی روڈ پر، محمد اعظم سے لانگو چوک اور ضمیر احمد سے سریاب روڈ پر مسلح افراد نے 125 موٹر سائیکلیں چھین ...

عوام کو بروقت علاج کی فراہمی اولین ترجیح ہے، میر رحمت صالح بلوچ

نصیر آباد اور جعفر آباد پولیس کی مشترکہ کارروائی گینگ گرفتار

پولیو کا خاتمہ تمام اداروں کی مشترکہ ذمہ داری ہے، ڈی سی پنجگور

ڈیرہ مراد جمالی: دو موٹر سائیکل، نقدی اور موبائل فون چھین لیے گئے

اے سی سریاب منصور احمد اچکزئی گیس کمپریسر فروخت کرنے والوں کے خلاف کارروائی کر رہے ہیں

پی ٹی آئی کا ہر کارکن قائد پر جان نچھاور کرنے کیلئے تیار ہے، سید صادق آغا

اڈیالہ جیل کے سامنے ڈٹ جانے والے وزیراعلیٰ سہیل آفریدی کا اقدام عوامی مینڈیٹ کے تحفظ کی شاندار مثال ہے، قوم میں شدید اشتعال پایا جاتا ہے

حق اور سچ کی یہ جدوجہد جلد کامیاب ہوگی اور ملک میں حقیقی جمہوریت کی فتح ہوگی، جعلی حکومت اپنے دن گننا شروع کر دے، نائب صدر پی ٹی آئی بلوچستان

کوئٹہ (اے این این) پاکستان تحریک انصاف ... عوام کے جذبات کی ترجمانی کی بلکہ پورے ملک کو ... کہ ایسے مشکل حالات میں وزیراعلیٰ کا بے خوف اور ...

سیکرٹری مواصلات و تعمیرات لعل جان جعفر مالی سال 2026-27 منصوبوں کے کنسیپٹ پیپرز کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

نوجوانوں کی کردار سازی کیلئے کھیلوں کا فروغ اہمیت کا حامل ہے، ڈی سی

27 تا 30 نومبر جاری رہنے والا اسی ڈویژن اسپورٹس فیسٹیول رنگارنگ تقریبات کے ساتھ اختتام پذیر، اختتامی تقریب میں مختلف اعلیٰ حکام کی شرکت

ژوب (ن خ) سی ڈویژن اسپورٹس فیسٹیول 27 تا 30 نومبر ... گزشتہ شب اختتام پذیر ہو گیا۔ فیسٹیول کا باضابطہ افتتاح ڈپٹی کمشنر ژوب میجر (ر) الیاس کبزئی اور 122 ونگ کے ونگ کمانڈر کرنل عبدالمنان نے کیا۔ تقریب میں ژوب، کوہلو، زیارت، ہرنائی اور ڈیرہ بگٹی کی ٹیموں نے بھرپور شرکت کی۔ فیسٹیول میں کرکٹ، کبڈی، رسہ کشی، بیڈمنٹن، ٹینس، فٹبال، شوٹنگ بال، میوزیکل نائٹ اور دلکش آتش بازی سمیت ... تعاون سے منعقد ہوا، جہاں کھلاڑیوں نے بہترین مہارت، کھیلوں کے جذبے اور نظم و ضبط کا مظاہرہ کیا۔ اختتامی تقریب میں مہمان خصوصی کمانڈنٹ سی اسکاؤٹس کرنل منیر احمد سلطان، ڈپٹی کمشنر ژوب میجر (ر) الیاس کبزئی، کرنل عبدالمنان، کرنل شہریار، اسسٹنٹ کمشنر ژوب منصور علی شاہ سمیت شائقین کی بڑی تعداد موجود تھی۔ تقریب کے شرکاء نے فیسٹیول کے ... ہیں، شہر میں خوشیوں کی فضا پیدا کرتے ہیں اور کھیلوں کے فروغ میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ مہمان خصوصی نے نمایاں کارکردگی دکھانے والے کھلاڑیوں میں انعامات اور اسناد تقسیم کیں اور کہا کہ ایسے ایونٹس نوجوانوں میں امن، بھائی چارے اور کھیلوں سے محبت کو فروغ دیتے ہیں۔ مستقبل میں بھی اسی نوعیت کی تقریبات کے تسلسل کا عزم ظاہر کیا گیا۔

درخواستیں مطلوب ہیں

پاک فوج 2 ایف ایف رجمنٹ میں مندرجہ ذیل خالی آسامی کے لئے پاکستان شہریت (بلوچستان) کوئٹہ ژوب کے حامل امیدواران سے مورخہ 10 دسمبر 2025 تک درخواستیں مطلوب ہیں:-

نمبر شمار	آسامی	عمر کی حد	تعلیم	تنخواہ کا بنیادی سکیل	ڈومیسائل	تعداد
1	سول میس ویٹر	18 سے 30 سال	مڈل	1	مقامی	1

رابطہ: لیفٹیننٹ کرنل محمد وقاص چیمہ
کمانڈنگ آفیسر گائیڈز انفنٹری (2 ایف ایف) ژوب کینٹ
ٹیلی فون نمبر: 0319-6462296, 0310-5161958

ڈیرہ مراد جمالی: ایک ہفتے کے دوران چھ افراد اغوا

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈیرہ مراد جمالی سے ایک اور نوجوان کو اغوا کر لیا گزشتہ ایک ہفتے کے دوران ڈیرہ مراد جمالی سے محکمہ اریگیشن ڈرائیور سمیت چھ افراد کو اغوا کیا گیا ہے اغوا کاری کی بڑھتی ہوئی وارداتوں پر عوام میں سخت پریشانی کی لہر دوڑ گئی پولیس کے مطابق ڈیرہ مراد جمالی میں گزشتہ روز نامعلوم مسلح افراد نے محمد ایوب کو اغوا کر لیا گیا واقع کی اطلاع رپورٹ پر پولیس نے کارروائی شروع کر دی واضح رہے کہ ڈیرہ مراد جمالی اور نوتال ربی میں ایک ہفتے کے دوران محکمہ اریگیشن ایکسین ڈرائیور سمیت چھ افراد کو اغوا کیا جا چکا ہے۔

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق ومغرب (قرآن حکیم)

مشرق

ایگزیکٹو ایڈیٹرز:- پرنٹر و پبلشر سید کامران ممتاز نے ایم ای ایم (پرائیویٹ) لمیٹڈ کیلئے مشرق پریس سے چھپوا کر A-4 ماڈل ٹاؤن حالی روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔ چیف ایڈیٹر سید ممتاز احمد

ٹیلی فون نمبر:- 2829164-2821538-2821626 فیکس نمبرز:- 2830228-2835934

ای میل mashriqqta2008@gmail.com

منگل 2 دسمبر 2025ء

ساختی و ادارہ جاتی اصلاحات: پائیدار معاشی استحکام کی بنیاد !!

ہماری معیشت گزشتہ کئی برسوں سے متعدد چیلنجز کا سامنا کر رہی ہے۔ سیاسی عدم استحکام، بڑھتا ہوا قرض، مہنگائی میں اضافہ، اور عالمی سطح پر معاشی بحران کی وجہ سے ملک کی اقتصادی حالت ایک نازک مرحلے میں ہے۔ اس کے باوجود، حکومت پاکستان نے اپنی پائیدار معاشی ترقی کی حکمت عملی کو نئی جہت دینے کے لئے اہم اقدامات کئے ہیں۔ ان اقدامات کی تصدیق روز بروز مستحکم ہوتے معاشی منظرنامے اور معاشی اشاریوں سے اچھی طرح ہوتی ہے گزشتہ روز وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب نے پریس کانفرنس کرتے ہوئے ساختی و ادارہ جاتی اصلاحات پر بات کی ہے اور گزشتہ کچھ مہینوں میں معیشت میں واضح بہتری کا ذکر کرتے ہوئے بتایا ہے کہ اقتصادی سرگرمیوں میں اضافہ ہوا ہے۔ وزیر خزانہ نے اس بات کی نشاندہی کی کہ ملک کی برآمدات میں پانچ فیصد اضافہ ہوا ہے اور آئی ٹی سروسز کی برآمدات میں بیس فیصد سے زائد اضافہ دیکھنے کو ملا ہے۔ ترسیلات زر کا ذکر کرتے ہوئے وزیر خزانہ نے بتایا کہ گزشتہ سال یہ اڑتیس ارب ڈالر تک پہنچ چکی تھیں، اور اس سال ان میں مزید اضافہ متوقع ہے، جس سے ملک کی معیشت میں استحکام کی علامات دکھائی دیتی ہیں۔ معیشت میں بہتری کا یہ تسلسل کسی طور پر سرفراز و خوشحال مستقبل کی علامت بن سکتا ہے، جب حکومت نے مختلف شعبوں میں اصلاحات کو ایک ترجیحی بنیاد پر نافذ کیا ہے وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے پاکستان کی معیشت کے لئے ایک اور اہم نقطہ اٹھایا۔ انہوں نے کہا کہ حکومت نے ملک میں ساختی اور ادارہ جاتی اصلاحات کو اپنی اولین ترجیح قرار دیا ہے۔ ان اصلاحات کا مقصد پاکستان کی معیشت کو جدید خطوط پر استوار کرنا اور اسے عالمی معیشت کے ساتھ ہم آہنگ کرنا ہے۔ اس کے بغیر ملک پائیدار ترقی نہیں حاصل کر سکتا۔ یہ اصلاحات نہ صرف ملک کی معیشت کو جدید اور مضبوط بنانے میں مدد فراہم کریں گی، بلکہ عالمی سطح پر پاکستان کی مسابقتی طاقت میں بھی اضافہ ہوگا۔ حکومت نے یہ فیصلہ کیا ہے کہ ملک میں مالی نظم و ضبط، مؤثر گورننس اور سرمایہ کاری کے ماحول کو بہتر بنایا جائے، تاکہ پاکستانی معیشت ترقی کی راہوں پر گامزن ہو۔ وزیر خزانہ نے یہ بات بھی واضح کی کہ حکومت نجی شعبے کی مسابقتی صلاحیتوں کو بڑھانے کے لئے سنجیدہ اقدامات کر رہی ہے۔ ان کے مطابق، نجی شعبے کو پیداوار اور اختراع میں اضافہ کرنے کی ضرورت ہے، تاکہ وہ ملکی معیشت کے ایک اہم ستون کے طور پر ابھرے۔ ٹیکسٹائل سیکٹر، جو پاکستان کی معیشت میں اہم کردار ادا کرتا ہے، میں جدیدیت لانے کی ضرورت پر زور دیا گیا۔ وزیر خزانہ نے اس بات پر زور دیا کہ اگر ملک کے ٹیکسٹائل سیکٹر کو عالمی معیار کے مطابق ڈھالا جائے تو یہ ملکی معیشت کو ایک نئی سمت دے سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس بات کی ضرورت ہے کہ پاکستان کا ٹیکس ٹو جی ڈی پی تناسب 9 فیصد سے زیادہ ہو، تاکہ ملک کی معیشت میں مالی استحکام آئے۔ حکومت اس سلسلے میں مختلف اقدامات کر رہی ہے، اور انہیں یقین ہے کہ جلد ہی اس مقصد کو حاصل کیا جا سکے گا۔ حکومت نے آئی ایم ایف کے دو جائزے کامیابی سے مکمل کئے ہیں، جس سے عالمی مالیاتی اداروں کا پاکستانی معیشت پر اعتماد بڑھا ہے۔ یہ ایک بڑی کامیابی ہے کیونکہ آئی ایم ایف کی منظوری کے بعد دیگر عالمی مالیاتی ادارے بھی پاکستان میں سرمایہ کاری کرنے کے لئے تیار ہو سکتے ہیں ہماری معیشت کا ایک اہم جزو اس کی برآمدات اور مینوفیکچرنگ سیکٹر ہے۔ وزیر خزانہ نے اس بات پر زور دیا کہ ملک میں برآمدات میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے اور اس میں مزید بہتری لانے کے لئے حکومت نے متعدد اقدامات کئے ہیں پاکستان کا مینوفیکچرنگ سیکٹر بڑی صنعتوں میں پیداوار بڑھانے میں کامیاب رہا ہے، اور اس کے نتیجے میں مجموعی صنعتی پیداوار میں چار اعشاریہ ایک فیصد اضافہ دیکھنے کو ملا ہے اسی طرح حکومت نے ایکسپورٹ ڈیویلپمنٹ فنڈ کو ختم کرنے کی تجویز دی ہے، تاکہ برآمدات میں مزید اضافہ کیا جا سکے۔ یہ قدم ملک کی اقتصادی ترقی کے لئے بہت اہم ہے، کیونکہ برآمدات میں اضافہ پاکستان کی معیشت کے استحکام کے لئے ضروری ہے۔ وزیر خزانہ نے مستقبل کی سرمایہ کاری کے حوالے سے بھی پرعزم موقف اختیار کیا۔ انہوں نے کہا کہ آئندہ تین برسوں میں پاکستان میں بڑی تعداد میں نئی کمپنیاں آنے کی توقع ہے، خاص طور پر توانائی کے شعبے میں۔ وزیر خزانہ نے اس بات کا اشارہ دیا کہ عالمی سطح پر سرمایہ کار پاکستان کی معیشت میں دلچسپی لے رہے ہیں، اور اگلے سال تک مزید سرمایہ کاری کی توقع ہے۔ یہ پاکستان کے لئے ایک مثبت علامت ہے، جو اقتصادی ترقی کے نئے دروازے کھولنے میں مددگار ثابت ہوگی۔ وزیر خزانہ نے قرضوں کی ادائیگی کے حوالے سے بھی اہم نکات پیش کئے۔ ان کے مطابق، گزشتہ نو سالوں میں پہلی مرتبہ مجموعی قرض میں اضافہ نہیں ہوا۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ حکومت نے قرضوں کے انتظام میں کامیابی حاصل کی ہے اور اس کے نتیجے میں ملکی معیشت میں استحکام آیا ہے۔ انہوں نے اس بات پر بھی زور دیا کہ حکومت نے گلوبل ڈائیگنوسٹک رپورٹ جاری کرنے کی ہدایت دی ہے، جس کی بنیاد پر معاشی اصلاحات کے حوالے سے مزید اقدامات کئے جائیں گے۔ وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب کی پریس کانفرنس نے واضح طور پر یہ ثابت کیا کہ حکومت پاکستان نے معیشت کی بحالی کے لئے متعدد اہم اقدامات کئے ہیں، جو نہ صرف معیشت کو استحکام دے رہے ہیں بلکہ ملک کو ترقی کی راہوں پر گامزن کرنے کے لئے سنگ میل ثابت ہوں گے۔ حکومت کی جانب سے ساختی اور ادارہ جاتی اصلاحات، برآمدات میں اضافہ، آئی ایم ایف کی منظوری، اور سرمایہ کاری کے نئے دروازوں کا کھلنا پاکستانی معیشت کے لئے ایک روشن مستقبل کی نوید ہے۔ اس کے علاوہ، نجی شعبے کی اہمیت، خاص طور پر اختراع اور ٹیکنالوجی میں بہتری، ملک کی ترقی کے لئے ضروری ہے موجودہ حکومت پاکستان کی معیشت کو مستحکم اور پائیدار ترقی کے راستے پر ڈالنے کے لئے سنجیدہ ہے، اور یہ اقدامات حکومت کی محنت اور عزم کا مظہر ہیں۔ ہم وزیر خزانہ کے عزم کو سراہتے ہیں ساختی و ادارہ جاتی اصلاحات: پائیدار معاشی استحکام کی بنیاد ہیں اور یہ کسی بھی معیشت کی پائیدار ترقی کے لئے سنگ بنیاد کی حیثیت رکھتی ہیں۔ وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب نے اس بات پر زور دیا کہ حکومت نے پاکستان کی معیشت کو مستحکم کرنے کے لئے ان اصلاحات کو اپنی اولین ترجیح قرار دیا ہے۔ یہ اصلاحات نہ صرف ملک کے اقتصادی ڈھانچے کو جدید خطوط پر استوار کرنے میں مددگار ثابت ہوں گی، بلکہ حکومتی اداروں کی کارکردگی، شفافیت اور احتساب میں بھی بہتری لائیں گی۔ مضبوط مالی نظم، مؤثر گورننس اور ادارہ جاتی جدت کے ذریعے ملک کی معیشت کو عالمی معیارات کے مطابق ڈھالنے کے لئے حکومت نے کئی اہم اقدامات کئے ہیں، جن کا مقصد طویل المدتی معاشی استحکام اور ترقی حاصل کرنا ہے۔ ان اصلاحات کے ذریعے حکومت نہ صرف اپنے مالیاتی مسائل کو حل کرنے کی کوشش کر رہی ہے، بلکہ عالمی سطح پر بھی پاکستان کی معاشی مسابقت کو مضبوط کرنے کے لئے پائیدار اقدامات کر رہی ہے۔

نا نغمے کا سبب

برملا

نصرت جاوید

اب آنکھ مچولی کا کیا فائدہ؟

اظہار خیال

عاصمہ شیرازی

سیاحت کے فروغ کے لیے عوام کی ذمہ داریاں

میڈیا آئی

عبدالباسط علوی

شوگر ملز، بیروزگاری اور برآمدات

دسترس

میاں عمران احمد

پھولوں کا وہ شہر پشاور کہاں، جو کبھی مہکتا تھا؟

منظر نامہ

عمران خان کی بہنیں اور سیاست

خورشید ندیم

ٹیلے پر بیٹھا سارنگی نواز

خیالات

دنیا کا اور اپنا مستقبل غیر مرئی قوتوں اور نادیدہ آسمانی مخلوق پر ڈالنے والے ہوا میں اڑتے پتوں سے زیادہ طاقت نہیں رکھتے۔ وہ اس لیے کہ اڑنے گرنے اور کہاں جا کر وہ آسودہ خاک ہوں گے اس کا تعین ہوا ہی کرے گی۔ بے جان پتوں کے بس میں تو کچھ نہیں ہوتا۔

اریگیشن کے مغوی ڈرائیور غلام حسین مینگل کی عدم بازیابی کیخلاف ملازمین گرینڈ الائنس کی احتجاجی ریلی، دھرنا

سرکاری ڈرائیور کا ڈیوٹی کے دوران اغواء ہونا انتہائی قابل تشویش ہے جو انتظامیہ کی نااہلی ظاہر کرتا ہے

اپنے ساتھی کی بازیابی تک چین سے نہیں بیٹھیں گے اور احتجاج کا دائرہ مزید وسیع کیا جائے گا، مقررین

نصیر آباد (نامہ نگار) اریگیشن ڈیرہ مراد جمالی کے مغوی ڈرائیور غلام حسین مینگل کی عدم بازیابی کے خلاف آل ملازمین گرینڈ الائنس کی جانب سے مرکزی سیکرٹری اطلاعات علی بخش جمالی کی قیادت میں گرینڈ الائنس نصیر آباد ڈویژن کے صدر عبداللہ بلوچ۔ بابو محمد عالم بلیدی۔ حسین بخش جونیجو۔ پیر محمد سیال۔ ڈاکٹر تاج دین عمرانی، کامریڈ نزیر احمد مستوء، مہر اللہ موسیانی مٹھا خان سیال، سید ظہیر شاہ۔ علی خان کھوسہ۔ لونگ خان جانڈیو۔ نثار احمد جھلگری۔ بابو برکت علی سامت۔ شیر علی سوتگی۔ طارق حسین بگٹی۔ بابو یعقوب لہڑی امان اللہ بلیدی مصدق حسین امداد شاہ کوڑا خان حاجی یعقوب مینگل سمیت دیگر سینکڑوں ملازمین نے احتجاجی ریلی نکالی دھرنا دیا اور ایس ایس پی آفس کے سامنے شدید نعرے بازی کرتے ہوئے مغوی کی فوری بازیابی کا مطالبہ کیا۔ مظاہرین نے کہا کہ ایک محنت کش سرکاری ڈرائیور کا ڈیوٹی کے دوران اغواء ہونا انتہائی قابل تشویش ہے، جبکہ کئی روز گزرنے کے باوجود پیش رفت نہ ہونا حکومت اور انتظامیہ کی نااہلی کو ظاہر کرتا ہے۔ ملازمین نے واضح کیا کہ وہ اپنے ساتھی کی بازیابی تک چین سے نہیں بیٹھیں گے اور احتجاج کا دائرہ مزید وسیع کیا جائے گا۔ اس موقع پر مرکزی سیکرٹری اطلاعات علی بخش جمالی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ملازمین گرینڈ الائنس ایک مضبوط اور منظم فورم ہے، ہم اپنے ساتھیوں کے ساتھ ہر حال میں کھڑے ہیں، غلام حسین مینگل کی عدم بازیابی کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی، اگر ایک سرکاری ملازم دوران ڈیوٹی محفوظ نہیں تو باقی اداروں کی سکیورٹی پر بھی سوالیہ نشان لگ جاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملازمین پر امن ہیں لیکن اگر مجبور کیا گیا تو احتجاج کو پورے نصیر آباد ڈویژن تک پھیلا دیا جائے گا، حکومت اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کو چاہیے کہ فوری نوٹس لیتے ہوئے مغوی کی بازیابی کو یقینی بنائیں، ورنہ یہ تحریک ایک بڑے مرحلے میں داخل ہو جائے گی احتجاج کے دوران مختلف سیاسی و سماجی رہنماؤں نے بھی اظہار یکجہتی کیا، اسی سلسلے میں مسلم لیگ ن کے مرکزی رہنما اور سابق صوبائی وزیر میر عبدالغفور لہڑی بھی دھرنے میں پہنچے۔ انہوں نے ملازمین سے ملاقات کی، مغوی ڈرائیور کے اہل خانہ سے ہمدردی کا اظہار کیا اور احتجاج کو حق پر مبنی قرار دیا میر عبدالغفور لہڑی نے کہا کہ کسی بھی سرکاری اہلکار کا یوں اغواء ہونا انتہائی افسوس ناک ہے، ملازمین تنہا نہیں، ہم ان کے ساتھ کھڑے ہیں اور ہر فورم پر آواز بلند کریں گے بعدازاں میر عبدالغفور لہڑی کی پولیس حکام سے کامیاب مذاکرات ہوئے جن میں پولیس کی جانب سے یقین دہانی کرائی گئی کہ مغوی کی بازیابی کے لیے خصوصی ٹیم تشکیل دے دی گئی ہے اور کارروائی مزید تیز کر دی گئی ہے۔ مذاکرات میں طے پایا کہ پولیس سات دن کے اندر پیش رفت سے ملازمین کو آگاہ کرے گی جبکہ ملازمین پانچ روز مہلت دینے پر آمادہ ہوئے۔

خاران، چوری کے واردات میں ملوث ملزمان گرفتار

خاران (نمائندہ خصوصی) ڈی آئی جی پولیس رخشان رینج عبدالحی عامر ایس پی خاران منظور احمد بلیدی کے خصوصی ہدایت پر زیر نگرانی ایس ڈی پی او گل محمد گرکناڑی ایس ایچ او خاران عبدالباقی سیاپاد ایڈیشنل ایس ایچ او مختیار احمد شاہ نے ہمراہ پولیس ٹیم نے کارروائی کرتے ہوئے چوری کے واردات میں ملوث ملزمان سمیع اللہ اعجاز اور دوست محمد ساکنان شہر خاران کو حسب ضابطہ گرفتار کیا گیا ہے ملزمان نے قبرستان روڈ کلیم اللہ کے دکان سے سمر سیل وغیرہ چوری کیا تھا ملزمان سے دوران تفتیش چوری شدہ سامان سمر سیل برآمد کیا گیا ہے مزید ملزمان سے تفتیش جاری ہے

میڈیکل اسٹور مالکان لائسنس کی تجدید فوری طور پر کروائیں، ڈرگ انسپکٹر

خضدار (خ ن) ڈسٹرکٹ ڈرگ انسپکٹر عبدالرشید میڈیکل سٹورز ایسوسی ایشن خضدار کے صدر ڈاکٹر محمد اسماعیل نائب صدر ڈاکٹر نثار احمد کے ہمراہ خضدار بازار کے میڈیکل اسٹوروں کی چیکنگ کی اس دوران میڈیکل اسٹور پر زائد المیعاد ادویات کو چیک کیا اسٹور لائسنس بھی چیک کیے چند میڈیکل اسٹور لائسنس کی معیاد ختم ہو چکی تھی جسے ڈسٹرکٹ ڈرگ انسپکٹر نے سختی سے ہدایت کی کہ وہ اپنے لائسنسوں کی جلد از جلد تجدید فوری طور پر کروائیں نہیں تو ان کے میڈیکل سٹورز سیل کیے جائیں گے تمام میڈیکل اسٹور مالکان کو سختی سے نوٹس دیتے ہوا کہا کہ میڈیکل اسٹور مالکان اپنے میڈیکل لائسنس کی تجدید فوری طور پر کروائیں اگلی بار لائسنس منسوخ بھی کیا جاسکتا ہے

وائس چانسلر گوادر یونیورسٹی ڈاکٹر عبدالرزاق صابر و دیگر تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

آل پارٹیز ایکشن کمیٹی بھاگ کا اجلاس گیس پریشر کی کمی پر غم و غصے کا اظہار

بھاگ شہر کے عوام کو عرصہ دراز سے گیس پریشر میں کمی اور لوڈشیڈنگ کی سنگین مشکلات کا سامنا ہے

فوری مسئلے کا حل نہیں نکالا تو آل پارٹیز ایکشن کمیٹی عوامی احتجاجی تحریک شروع کرنے پر مجبور ہوگی، شرکاء

بھاگ (نامہ نگار) آل پارٹیز ایکشن کمیٹی کا اجلاس بھاگ شہر میں گیس پریشر کی کمی اور گیس لوڈشیڈنگ پر شدید غم و غصے کا اظہار آل پارٹیز ایکشن کمیٹی کا اجلاس چیئرمین ایکشن کمیٹی بھاگ عبدالستار بنگلزئی کی زیر صدارت دفتر نیشنل پارٹی میں بھاگ شہر میں گیس پریشر کی کمی اور گیس لوڈشیڈنگ کے حوالے سے منعقد ہوا جس میں شہر کے مختلف سیاسی جماعتوں کے رہنماؤں نے اپنی تشویش اور غم و غصے کا بھرپور اظہار کیا اس موقع پر نیشنل پارٹی جمعیت علماء اسلام پیپلز پارٹی تحریک انصاف بولان یوتھ اتحاد جماعت اسلامی جمہوری وطن پارٹی گورنمنٹ ٹیچرز ایسوسی ایشن بی این پی عوامی مزدور اتحاد تحریک لبیک بھاگ کے بانی و دیگر کے رہنماؤں نے ...

کہ اگر حکام نے فوری طور پر اس مسئلے کا حل نہیں نکالا تو آل پارٹیز ایکشن کمیٹی عوامی احتجاجی تحریک شروع کرنے پر مجبور ہو جائے گی رہنماؤں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ وہ عوام کے حقوق کے تحفظ کے لیے ہر سطح پر آواز اٹھاتے رہیں گے اور عوامی مشکلات کے حل تک چین سے نہیں بیٹھیں گے انہوں نے کہا کہ شہر کے عوام کو درپیش مسائل کے حل کے لیے حکومت کی طرف سے سنجیدہ اقدامات کی ضرورت ہے تاکہ شہر کی معیشت اور عوامی زندگی معمول پر آسکے۔

پاک ایران قومی شاہراہ پر کھڈے کسی حادثے کا سبب بن سکتے ہیں

تھانہ مل سے نچلی چاہ تک متعدد جگہوں پر شاہراہ کے اوپر کھڈے بن چکے ہیں

مل (نامہ نگار) این ایچ اے کی غفلت یا نااہلی پاک ایران قومی شاہراہ پر جگہ جگہ بڑے کھڈے کسی بھی جان لیوا حادثے کا سبب بن سکتے ہیں تفصیلات کے مطابق پاک ایران قومی شاہراہ این 40 مل ... لاپرواہی کی وجہ سے مسافر گاڑیوں اور ہیوی گاڑیوں کو شاہراہ پر سفر کرنے میں مشکلات کا سامنا ہے شاہراہ پر جہاں مرمت کی ضرورت ہے وہاں کام نہیں کیا جا رہا جہاں مرمت کی ضرورت نہیں وہاں ...

مل، پاک ایران قومی شاہراہ پر گڑھا جو کسی بھی وقت بڑے حادثے کا سبب بن سکتا ہے

ترقیاتی منصوبوں کے معیار پر سمجھوتہ قبول نہیں کیا جائے گا، ڈی سی

سرکاری فنڈز عوام کی امانت ہے، مفاد عامہ میں استعمال اولین ذمہ داری ہے

ڈیرہ مراد جمالی (نامہ نگار) ڈپٹی کمشنر نصیر آباد کیپٹن ریٹائرڈ ذوالفقار علی کرار کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن کمیٹی کا اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں بلوچستان اسپیشل ڈیولپمنٹ انیشیٹو (BSDI) فیز ٹو کے حوالے سے تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں اراکین صوبائی اسمبلی کے نمائندگان میر بلال صادق عمرانی، میر نیاز احمد لہڑی، ایس ایس پی غلام ... کے ترقیاتی منصوبوں کے معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ قبول نہیں کیا جائے گا۔ تمام اسکیمات کی کوالٹی اور کوانٹٹی کا باریک بینی سے جائزہ لیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ سرکاری فنڈز عوام کی امانت ہیں اور انہیں بہتر مفاد عامہ میں استعمال کرنا ہماری اولین ذمہ داری ہے۔ ... انہوں نے بتایا کہ فیز تو میں چھوٹی مگر ضروری اسکیمات کو ترجیح دی جائے گی تاکہ زیادہ سے زیادہ لوگوں کو فائدہ پہنچ سکے۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ آج کے اجلاس میں پیش کی جانے والی نئی اسکیمات کو منظوری کے بعد حکام بالا کو ارسال کیا جائے گا تاکہ BSDI فیز ٹو منصوبوں کی بحالی، منظوری اور عملدرآمد میں تیزی لائی جا سکے

پرامن ماحول کی فراہمی پولیس کی ذمہ داری ہے، غلام سرور مینگل

بھاگناڑی (اے این این) ایس ایچ او بھاگ انسپکٹر غلام سرور مینگل نے پولیس تھانہ بھاگ میں میڈیا نمائندوں سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ پولیس اور میڈیا بہترین ریلیشن شپ سے ہی معاشرے سے ہر قسم کے جرائم کا خاتمہ ممکن ہے میڈیا مسائل کی نشاندہی کرے ہم فوری ایکشن لے کر انہیں حل کرنے کی بھرپور کوشش کریں گے پرامن ماحول کی فراہمی پولیس کی ذمہ داری ہے ... ہمارا سرمایہ ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے جناح پریس کلب بھاگ کے صحافی حافظ امداد صابر گوندار انجم راحت حمزہ کی قیادت میں ملنے والے وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کیا اس موقع پر بھاگ کی معروف شخصیت کامریڈ نور احمد جاموٹ بھی موجود تھے انہوں نے کہا بھاگ پر امن علاقہ ہے مجموعی طور پر یہاں کے حالات بہت بہتر ہیں

ڈپٹی کمشنر قلعہ عبداللہ کی سربراہی میں 3 دسمبر کو کھلی کچہری کا انعقاد ہوگا

قلعہ عبداللہ (اے پی پی) ڈپٹی کمشنر قلعہ عبداللہ منور حسین مگسی کی سربراہی میں 3 دسمبر بروز بدھ ڈی سی کمپلیکس جنگل پیر علیزئی میں کھلی کچہری منعقد کی جائے گی۔ اس سلسلے میں ضلعی انتظامیہ نے تحصیل قلعہ عبداللہ اور تحصیل دوبندی کے قبائلی معتبرین، عمائدین اور علاقے کے عوام سے اپیل کی ہے کہ وہ بڑی تعداد میں شرکت کرکے اپنے مسائل براہ راست انتظامیہ کے سامنے پیش کریں۔ ڈپٹی کمشنر منور حسین مگسی نے تمام محکموں کے افسران کو ہدایت کی ہے کہ وہ بروقت کھلی کچہری میں اپنی شرکت یقینی بنائیں تاکہ عوامی مسائل کے فوری حل میں ...

ڈی سی موسیٰ خیل میر رزاق خان نجک نے عہدے کا چارج سنبھال لیا

... خان نجک نے اپنے عہدے کا چارج سنبھال کر باقاعدہ کام کا آغاز کر دیا ہے۔ چارج سنبھالنے کے بعد انہوں نے ضلعی انتظامیہ کے افسران سے ملاقات کی اور انتظامی امور پر تفصیلی بریفنگ لی اس موقع پر میر رزاق خان نجک نے کہا کہ ضلع موسیٰ خیل کی عوام کی خدمت، قانون کی بالادستی اور انتظامی امور میں شفافیت ان کی اولین ترجیح ہوگی۔ انہوں نے ہدایت کی کہ تمام دفاتر عوامی شکایات کے فوری ازالے کے لیے اپنے اپنے محکموں کی کارکردگی بہتر بنائیں ڈپٹی کمشنر نے عزم ظاہر کیا کہ ترقیاتی منصوبوں میں شفافیت اور بروقت تکمیل یقینی بنائی جائے گی، جبکہ امن و امان کے قیام کے لیے متعلقہ اداروں کے ساتھ قریبی رابطہ برقرار رکھا جائے گا۔

میونسپل کمیٹی گنداواہ کے فنڈز سے نئی مشینری کا باقاعدہ افتتاح

عوام کو بنیادی سہولیات کی بہتر فراہمی کیلئے جدید مشینری خریدی گئی ہے

... چیئرمین مشتاق احمد ترین نے اس بات پر بھی زور دیا کہ ایم سی گنداواہ کے تحت جاری ترقیاتی منصوبے آخری مراحل میں داخل ہو چکے ہیں۔ ان منصوبوں کی تکمیل سے گنداواہ کی واضح شکل بدل جائے گی اور ترقی کی راہیں مزید ہموار ہوں گی جن سے عوام براہ راست فائدہ اٹھائیں گے۔" ... وڈیرہ محمد بخش ڈھکو، کونسلر سید ظہور شاہ حسینی، کونسلر شاہد حسین کلواڑ، کونسلر علی شیر سومرو، اقلیتی کونسلر گردھاری لعل عرف جیوبل، اسسٹنٹ سی او قاضی زوار علی کلواڑ، میونسپل کمیٹی اسٹاف، صحافی برادری اور معزز شہری بڑی تعداد میں شریک تھے۔ افتتاح کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے چیئرمین ایم ...

گوادر یونیورسٹی میں میڈیا لٹریسی ڈیجیٹل حقوق کے موضوع پر تربیتی ورکشاپ

نوجوانوں کو ڈیجیٹل میڈیا کے محفوظ اور ذمہ دارانہ استعمال بارے آگاہ کرنا وقت کی اہم ضرورت بن چکا ہے

سوشل میڈیا کا غیر ذمہ دارانہ استعمال معاشرے میں غلط فہمیوں اور بے چینی کا باعث بنتا ہے، ڈاکٹر عبدالرزاق

گوادر (آن لائن) گوادر یونیورسٹی اور انڈی ویجوئل لینڈ کے اشتراک سے میڈیا لٹریسی اور ڈیجیٹل حقوق کے موضوع پر تین روزہ تربیتی ورکشاپ کا باقاعدہ افتتاح پیر کے روز جامعہ گوادر کے مین سیمینار ہال میں ہوا۔ افتتاحی تقریب کی صدارت وائس چانسلر جامعہ گوادر پروفیسر ڈاکٹر عبدالرزاق صابر نے کی۔ اپنے خطاب میں وائس چانسلر نے کہا کہ موجودہ دور میں نوجوانوں کو ڈیجیٹل میڈیا کے محفوظ اور ذمہ دارانہ استعمال کے بارے میں آگاہ کرنا وقت کی اہم ضرورت بن چکا ہے۔ انہوں نے کہا کہ سوشل میڈیا کا غیر ذمہ دارانہ استعمال معاشرے میں غلط فہمیوں اور بے چینی کا باعث بنتا ہے، اس لیے ضروری ہے کہ نوجوان اس کے مثبت اور موثر استعمال سے واقف ہوں۔ ڈاکٹر عبدالرزاق صابر نے اس تربیتی ورکشاپ کو طلبہ کے لیے نہایت مفید قرار دیتے ہوئے کہا کہ اس طرح کے پروگرامز نہ صرف ان کی پیشہ ورانہ مہارتوں میں اضافہ کرتے ہیں بلکہ انہیں مستقبل کے چیلنجز سے نمٹنے کے قابل بھی بناتے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ نوجوان نسل میں ڈیجیٹل میڈیا کے استعمال کا رجحان تیزی سے بڑھ رہا ہے، اور اس پیش رفت کے پیش نظر ایسی تربیت وقت کی ناگزیر ضرورت ہے۔ وائس چانسلر نے کہا کہ حکومت بلوچستان نوجوانوں کو جدید ڈیجیٹل سکلز فراہم کرنے کے لیے سنجیدہ کوششیں کر رہی ہے تاکہ وہ ملک و قوم کی تعمیر و ترقی میں بھرپور کردار ادا کر سکیں۔ ورکشاپ کے دوران ٹرینرز نے شرکا کو میڈیا کے جدید تقاضوں، معلومات کی درستگی، خبر کی تصدیق، میڈیا ایتھکس اور ڈیجیٹل رائٹس سے متعلق تفصیلی آگاہی فراہم کی۔ مختلف عملی سیشنز میں صحافیوں اور طلبا کو ڈیجیٹل میڈیا کے ذمہ دارانہ استعمال سے متعلق عملی تربیت بھی دی گئی۔ ورکشاپ کے اختتام پر شرکا میں اسناد (سرٹیفکیٹس) تقسیم کیے گئے۔

اوستہ محمد، گیس کمپنی صارفین کو گیس کی فراہمی میں بری طرح ناکام

اوستہ محمد (نامہ نگار) اوستہ محمد شہر میں گیس کی شدید بحران سوئی سدرن گیس کمپنی صارفین کو گیس کی فراہمی میں بری طرح ناکام گیس کے پائپ لائن خستہ و بوسیدہ ہو چکے ہیں پائپ لائنوں میں گیس کے بجائے سیوریج کا گندا پانی نکل رہا ہے صارفین شدید ذہنی کوفت کا سامنا کر رہے ہیں حکام بالا اس جانب فوری نوٹس لیں۔ اوستہ محمد کے عوامی حلقوں نے شدید غم و غصے کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ دور جدید میں اوستہ محمد کے صارفین گیس کی سہولیات سے یکسر محروم ہیں سوئی سدرن گیس کمپنی کی مجرمانہ غفلت کی وجہ سے گیس کے مین پائپ لائن سمیت شہر کے تمام لائنیں خستہ اور بوسیدہ ہو چکے ہیں جس کی وجہ سے صارفین گیس کی سہولیات سے محروم صارفین مسلسل شکایات کر کے شکایات کے انبار لگا دیے لیکن کوئی شنوائی نہیں ہوئی اوستہ محمد کے عوامی حلقوں نے الزام عائد کرتے ہوئے کہا کہ وفاقی ادارے بلوچستان میں بے لگام گھوڑے بن چکے ہیں

مختلف بازاروں، شاہراہوں پر سٹریٹ لائٹس نصب کرنے کا کام شروع

سٹریٹ لائٹس جدید ٹیکنالوجی پر مبنی ہیں جس سے توانائی کی بچت کریں گی، خان محمد

سنجاوی (خ ن) صوبائی وزیر خوراک حاجی نور محمد دمڑ کے خصوصی فنڈ سے چیئرمین میونسپل کمیٹی سنجاوی حاجی خان محمد دمڑ کی نگرانی میں شہر کے مختلف بازاروں، شاہراہوں، چوکوں اور گلیوں میں جدید سٹریٹ لائٹس نصب کرنے کا کام باقاعدہ طور پر شروع کر دیا گیا ہے اس منصوبے کی عملداری میں لوکل گورنمنٹ کے انجینئر لطف، سردار عبداللہ خان ترین، حاجی علی محمد دومڑ، ٹھیکیدار احسان اللہ نیازی، چیئرمین ملک بالچ خان دومڑ، چیئرمین حاجی نصرالدین ترین، ڈپٹی چیئرمین دنیا خان باچا اندڑ، ٹھیکیدار محمد ولی اچکزئی، ٹھیکیدار احسان اللہ نیازی اور محبوب خان سمیت متعلقہ عملہ پیش پیش ہے نصب کی جانے والی یہ سٹریٹ لائٹس جدید ٹیکنالوجی پر مبنی ہیں جو نہ صرف توانائی کی بچت کریں گی بلکہ رات کے وقت بازاروں اور گلیوں میں مکمل روشنی فراہم کریں گی۔

دالبندین کلی باز محمد بادینی گلی کا ٹرانسفارمر 12 دن سے خراب

کلی باز محمد بادینی میں نصب کا ٹرانسفارمر گزشتہ دس سے دن سے خراب پڑا ہے

دالبندین (نمائندہ خصوصی) دالبندین کلی باز محمد بادینی گلی کا ٹرانسفارمر 12 دن سے خراب، علاقہ تاریکی میں ڈوب گیا، دالبندین کے علاقے کلی باز محمد ...

عوامی اشتہارات
MASHRIQ CLASSIFIED

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبے سے شائع کیے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں "ادارہ" کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا۔
☆۔ اوور رائٹنگ اور مشکوک انداز والے مسودے کے غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔
☆۔ 2 فون نمبروں میں سے ایک غلط یا فون نمبر اور ایڈریس میں سے ایک اتفاقی غلط شائع ہونے کی صورت میں "ادارہ" ذمہ دار نہ ہوگا مقررہ تاریخ سے پہلے شائع ہو جائے تو دوبارہ شائع نہیں ہوگا۔
☆۔ غلط اشتہار شائع ہونے کی صورت میں (3) دن میں ہمیں اپنی تحریری شکایت درج کرائیں ورنہ "ادارہ" ذمہ دار نہ ہوگا۔
☆۔ اگر کسی وجہ سے کوئی اشتہار شائع ہونے سے رہ گیا ہو تو "ادارہ" اسکو دوسرے دن شائع کرنے کا مجاز ہوگا۔

اطلاع عام

پلاٹ نمبر D-430 رقبہ 120 گز زرغون اسکیم اس وقت شجاع الرحمن ولد غلام رسول کے نام ہے ٹرانسفر غضنفر علی ریاض ولد ریاض اختر کے نام کرانا مقصود ہے اعتراض کی صورت میں پندرہ یوم کے اندر کیو ڈی اے سے رابطہ کریں

R.No..........62452

تلاش گمشدہ

میرا بٹوہ جس میں میرا قومی شناختی کارڈ نمبر 1620144895107 ایف سی کا سروس کارڈ اور 3 عدد اے ٹی ایم کارڈز بینک الفلاح، JS، HBL، بینک بنام عبداللہ ولد احسان اللہ میزان چوک کوئٹہ میں کہیں گم ہو گئے ہیں ملنے پر فون نمبر 03138949393 پر مطلع کریں

R.No..........62454

تلاش گمشدہ

میرا نام سلال خان ولد قطب خان میری آٹھویں پاس ڈی ایم سی کہیں گم ہوگئی ہے جس کو ملے اس نمبر پر رابطہ کرے 03353836672

اسٹاف:- ہارون پرویز R.No.....

بعدالت جناب شاہ اللہ خان لونی تحصیلدار اسسٹنٹ کلکٹر درجہ اول بوری لورالائی

اشتہار برائے عوام الناس

... اللہ نور اللہ، عبدالصمد، جلات خان، نجیب اللہ، شاہ اللہ، حسن بانو بی بی، نور جہاں بی بی، عابدہ بی بی، پسران و دختران اختر محمد ہیں اسکے علاوہ کوئی جائز وارث نہیں حقوق مذکورہ کی جائیداد موضع شہر لورالائی موصول میں درج ریکارڈ ہے جسکا انتقال وراثت ہونا ہے اگر کسی شخص یا ادارے کو کوئی عذر اعتراض ہو تو 10 یوم کے اندر دفتر زیر دستخطی حاضر ہو کر پیش کریں بصورت دیگر انتقال وراثت بحق جائز ورثاء درج و تصدیق کیا جائیگا اسکے بعد کوئی عذر اعتراض قابل قبول نہ ہوگا اشتہار ہذا آج مورخہ 1.12.2025 کو ادارے دستخط و مہر سے جاری ہوا

نمائندہ لورالائی

TENDER NOTICE

TSE-252611917623 Only electronic bid will be submitted, No physical bid is required. Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB. The DEPUTY CONSERVATOR OF FOREST KILLA SAIFULLAH invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2025 based on Composite schedule rates 2023 on Percentage Rates

Tender Fee 1000 PKR and Bid Security 2%

S.No	Name of Work/s	E/Cost
1	CONSTRUCTION OF STONE CHECK DAM, Construction Of Gabbion Structures , 400 acres (162 Hetares) Plantation Using Water Harvesting Structures , Kacha Water Ponds AND Raising of 100000 Potted (Forest Plants) Plant Nursery with Maintenance	124,500,000

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Presence in Active Tax Payer List The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan Balochistan Revenue Authority Registration is required The bidder must have completed 3 Assignment of similar nature of work Turn over of at least 87,150,000 PKR Amount in3 subsequent previous years showing financial capacity of the firm PEC Category Code is C-4 and above (Upto 200 million) Three (3) Projects of similar nature and complexity completed must be equal to 80% of the Estimated Cost in last three years. (Commencement/ Work Order and Successful Completion Certificates) Completed Two project costing 50% or above of the estimated cost each work. Credit line 80% of Estimated cost (verified bank certificate) Audit Report 2023,2024,2025 2% CDR of Estimated cost & Bank Guarantee Green Challan of RS 1000 **Procedure Of Procurement:** Single Stage One Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of Bank Gurantee,Deposit at Call of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The NIT & Bidding Document can be obtained electronically from www.bppra.gob.pk **Issuance of tender Documents: Complete Bidding** Document can be viewed at www.bppra.gob.pk **Last Date of bid submission:** Bid can only be submitted electronically latest by 16 December, 2025till 10:00 AM through supplier dashboard. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at 11:00 AM on EPPS System Address: DCF Office near Police line Killa Saifullah Phone no: 0819213539 Fax no: 0819201139 Email: rajaasifiatif123@gmail.com

DEPUTY CONSERVATOR OF FOREST KILLA SAIFULLAH

PRQ No.2640/01-12-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

TENDER NOTICE

The Executive Engineer (Roads) CWPP&H Department Pishin invites sealed bids from eligible bidders who can prove their eligibility and qualification as mention in the bidding documents for the work mentioned below based on Composite Schedule of Rates 2023, Government of Balochistan amended up-to-date from interested contractors / firms for the work listed below under BPPRA Rules. **Earnest Money 3% in Shape of Call Deposit. Tender Fee 1500 for each work.**

S#	Name of Work	E/Cost
1	CONSTRUCTION OF MAIN ROAD HURAMZAI TEHSIL HURAMZAIDISTRICT PISHIN (BSDI) **TSE-252612918093**	14.760 M
2	CONSTRUCTION OF B/T ROAD IN KILLI LAMARAN MUHAMMAD DINCOLONY MC PISHIN (BSDI) **TSE-252612918113**	9.900 M

The procurement shall be carried out in accordance with Balochistan Public Procurement Regulatory, Rules 2014.and Pakistan Engineering Council By-Laws **BASIC ELIGIBILITY:** The Contractor must have valid registration i.e 2024-25 with Pakistan Engineering Council in relevant Category & relevant discipline and fresh registration with tax authority's i.e (NTN, sales tax Department and BRA) where applicable. The bidder must have completed at least 03 similar nature assignment & all other eligibility factors are mention in the biding documents. As per BPPRA rule #25 (3) only one Bid can be submitted against one NTN. **METHOD OF PROCUREMENT:** (Single Stage –Two Envelop) bidding Procedure will be adopted Call Deposit and Challan should be attached with Technical proposal. Which will be verified accordingly. **BIDDING / TENDER DOCUMENTS:** The bidders can obtain the bidding document from the address mention below on production of green Challan form for an amount of Rs. mentioned above (Non- refundable) for each work deposited in the head of account C-02716 Civil works through Govt: Treasury/National Bank of Pakistan or can be downloaded from the website of BPPRA (wwe.bppra.gob.pk), from the date of publication of this invitation in newspapers till the last date of submission. The contractors/Forms who obtain bidding documents by downloading them from BPPRA website will also be required to provide deposited green Chillan from of above mentioned Fee. The bids must be accompanied with bid security "in Technical Bid" for each work in the form of call deposit of amount specified above in the office name of the undersigned from a scheduled bank. **No any Bank Drafts & Banker Check will be acceptable. DEADLINE OF SUBMISSION:** For serial No 1 to 2, Technical and financial proposals from intending contractors/ firms by hand or through registered mail to the address mentioned below on or before **18th December 2025 at 11:00 AM** . **OPENING:** The envelope containing "Technical Bids" will be opened on the same day **18th December 2025 at 12:00 PM for** seriel No 1 to 2 before procurement committee in the presence of bidders or their authorized representatives who choose to attend with authority letter. Second envelope containing financial bids of technically qualified bidders will be opened later, the date of which will be communicated after evaluation of the technical bids. **BIDS VALIDITY:** Ninety (90) days **PLACE:** The place of issuance, submission, inquiries and opening will be the Office of the Executive Engineer (Roads), CWPP&H Department District Pishin.

Telephone No. 0826920562.

E-mail Address: EEIProvincialBandRDisttPishin@yahoo.com

The Technical Qualification Criteria is incorporated in the detailed bidding documents uploaded on BPPRA website. The firms providing unsubstantiated and / or incorrect information are liable to disqualification and / or legal action at any stage. The undersigned reserves the right to reject all bids as per the BPPRA rules. Any person appearing / submitting bids other than the owner of the firm will need an Authority letter on stamp paper of Rs. 100 duly attested by a first class magistrate.

Executive Engineer (Roads) CWPP&H Department District Pishin

PRQ No.2649/01-12-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

CORRIGENDUM

It is for information of interested bidders / contractors that estimated cost tender bearing TSE-No. 252611914771 issued under AB No.503/25-11-2025 may be read as Rs 40,000,000 (40 Million) instead of 4,000,000 (4 four, million).

MANAGING DIRECTOR LASBELA INDUSTRIAL ESTATES DEVELOPMENT AUTHORITY

AB No.521/01-12-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

اطلاع برائے ہاکرز حضرات بابت ہاکرز ویلفیئر فنڈ

صوبہ بھر کے تمام ورکنگ ہاکرز حضرات کو مطلع کیا جاتا ہے کہ ہاکرز ویلفیئر فنڈز کے تحت مالی امداد کیلئے درخواستیں مطلوب ہیں جو کہ ایک ہفتہ کے اندر صدر ہاکرز ویلفیئر ایسوسی ایشن کے پاس جمع کرائیں ہاکرز ویلفیئر فنڈ پالیسی 2020 کے تحت امدادی کیٹگری درج ذیل ہیں۔

ھاکرز ویلفیئر فنڈ کے تحت معاونت

(1) ہاکرز کی وفات کی وجہ سے ہاکرز کے اہل خانہ کو -/50,000 (پچاس ہزار روپے) تک ادا کیا جائیگا (2) ہاکرز کو مستقل طور پر معذوری کی صورت میں -/30,000 (تیس ہزار روپے) تک مہیا کیے جائینگے۔ ہاکرز کو صرف ایک بار امداد فراہم کی جائیگی۔ (3) موذی امراض کینسر، گردوں کے فیل ہونے، دل کی بیماریوں جیسے بائی پاس اوپن ہارٹ سرجری وغیرہ کی صورت میں 120,000 (ایک لاکھ بیس ہزار روپے) تک ادا کیا جائیگا۔ (4) -/50,000 (پچاس ہزار روپے) تک ایسے حادثات کی صورت میں مہیا کی جاسکتی ہیں جن کی وجہ سے شدید زخمی ہونے والے افراد کو ہسپتال میں داخل ہونا ضروری ہے۔ بشرطیکہ فائدہ اٹھانے والوں کو دوسرے اداروں سے کوئی مالی مدد نہیں ملی ہو۔ (5) سال میں ایک بار شادی (خود / 2 بچے) کی صورت میں -/60,000 (ساٹھ ہزار روپے) تک فراہم کی جائیگی (6) ہاکرز ویلفیئر فنڈ کے مطابق ہاکرز کو سرکاری ہسپتال میں آؤٹ ڈور مریض کی حیثیت سے ہاکرز ویلفیئر فنڈ کی دلچسپی سے دوائیں ٹیسٹ وغیرہ کی خریداری کیلئے ہاکرز کو اس کے علاج کیلئے -/10,000 سے -/15000 روپے دیے جاسکتے ہیں (7) ... -/15000 ... حاصل کر سکتے ہیں۔ **نوٹ** ...

ڈائریکٹر جنرل محکمہ تعلقات عامہ بلوچستان

PRQ No2652/01-12-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

از دفتر ڈپٹی کمشنر لورالائی

نوٹس برائے عوام الناس

ہر گاہ عوام الناس کو بذریعہ نوٹس ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ دفتر ہذا میسرز اسفندیار فلور ملز اسٹیٹ وارڈ نمبر 14 مکان نمبر 3 محلہ پرانا ہسپتال کالونی لورالائی کی بابت 2669.52 اسکوائر فٹ زندہ فلور ملز ضلع لورالائی کی اپیلی کیشن موصول ہوئی ہے جس پر کاروائی عمل میں لائی جارہی ہے اگر کسی فرد/افراد یا ادارہ کو اعتراض ہو تو اشتہار کے جاری ہونے کے 07 (سات) یوم کے اندر زیر دستخطی کو داخل کرائیں بصورت دیگر اعتراض سرٹیفکیٹ جاری کرنے کی سفارش کی جائیگی اور کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا نوٹس ہذا آج مورخہ 1 دسمبر 2025 کو میرے قلم و مہر سے جاری ہوا

نمائندہ لورالائی

DATE EXTENSION

Refer advertisement published in daily newspaper and hoisted on BPPRA websites (www.bppra.org.pk) on 22 November,2025. following Vide TSE-252611913073, TSE -252611913063, TSE - 252611913053, TSE 252611913033 under PRQ No.2491/21-11-2025, due to unavoidable circumstance the date of opening extended to 11-Dec- 2025. Other term and condition will be same as mentioned in NIT/bidding documents.

Executive Engineer Public Health Engineering Division Chaman

PRQ No.2645/01-12-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

بعدالت جوڈیشل مجسٹریٹ نمبر گیارہ اسول جج کوئٹہ

مثل نمبر 59/2025 — آئندہ ساعت 10/12/2025

حنظلہ جاوید ولد طارق جاوید سکنہ ہاؤس نمبر 103 کواری روڈ کوئٹہ بنام
1۔ محمد یوسف 2۔ عبداللہ پسران عبدالنبی سکنہ پاکستان فلور ملز کلی نیزی چوک مشرقی بائی پاس کوئٹہ

دعویٰ ریکوری: =/12,000,000 ہرجانہ 500000

اشتہار بنام مدعاعلیہم 1۔ محمد یوسف 2۔ عبداللہ پسران عبدالنبی سکنہ پاکستان فلور ملز کلی نیزی چوک مشرقی بائی پاس کوئٹہ ہرگاہ مقدمہ دعویٰ ریکوری عدالت ہذا میں زیر سماعت ہے جس کی آئندہ ساعت 10/12/2025 کو مقرر ہو چکی ہے جس میں مدعاعلیہم نمبر 1۔ محمد یوسف 2۔ عبداللہ پسران عبدالنبی سکنہ پاکستان فلور ملز کلی نیزی چوک مشرقی بائی پاس کوئٹہ نوٹس لینے سے دیدہ و دانستہ طور پر گریزاں ہے اور روپوش ہے لہذا اس نسبت مدعاعلیہم نمبر 1۔ محمد یوسف 2۔ عبداللہ پسران عبدالنبی کے خلاف اشتہار شائع کی جاتی ہے اگر مدعاعلیہم مقررہ تاریخ ساعت پر حاضر عدالت نہ ہوئے تو ان کے خلاف یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی آج بمورخہ 27/11/2025 کو بدستخط میرے و مہر عدالت کے جاری ہوا

62457

CORRIGENDUM

This is general information for all Govt Contractor that this office Notice inviting Tender TSE- 252611910851 called for the Purchase of Machinery was Published in Daily Newspaper Urdu and English Quetta on 15-11-2025 vide AB No 466/14-11-2025 is hereby some amend in tender. The bidders who have downloaded Bidding Document(s) before 26 November, 2025 are required to download the amended Bidding Document(s).

Chief Officer Municipal Committee Hurramzai

AB No.520/01-12-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

بعدالت جناب اسسٹنٹ کمشنر صدر کوئٹہ

اشتہار نیلامی جائیداد

دیوانی مقدمہ نمبر 67 بابت 2023
اجرا مقدمہ نمبر 22 بابت 2024

S.M.E بینک لمیٹڈ بنام M/S ... بذریعہ پروپرائیٹر ... خان ولد ...

57,46,974/- ...

بحکم جناب بینک جج صاحب بینکنگ کورٹ کوئٹہ

... 8/12/2025 بوقت 11:00 بجے ...

صدر 1 تحصیل و ڈسٹرکٹ کوئٹہ

روزنامہ مشرق کوئٹہ

خان شہید عبدالصمد خان اچکزئی کی 52 ویں برسی

اشاعت خاص









میرے ہاتھ میں قلم ہے، میرے ذہن میں اجالا...... مجھے کیا گرا سکے گا کوئی ظلمتوں کا پالا

خان شہید، صاحب اسلوب، زبان کی سچائی اور سادگی کا مظہر

خان شہید عبدالصمد خان اچکزئی کی 52 ویں برسی کی مناسبت سے اشاعت خصوصی

تحریر۔ ڈاکٹر نصیب اللہ سیماب

لے آؤٹ: وسیم شہزاد پال

ادب میں "صاحب اسلوب" وہ ہوتا ہے جو اپنی تحریر کے ذریعے زبان اور فکر کو ایک منفرد شناخت بخش دے۔ اسلوب، دراصل، ادیب کی شخصیت کا عکس، اس کی فکری سمت اور اس کے جمالیاتی شعور کا مظہر ہوتا ہے۔ خان شہید عبدالصمد خان اچکزئی کی نثر اس فکری انفرادیت کا جیتا جاگتا ثبوت ہے۔ وہ محض ایک سیاسی رہنما نہیں بلکہ ایسے صاحب قلم تھے جنہوں نے اپنی قوم کے اجتماعی شعور کو زبان کے توسط سے بیدار کرنے کی کوشش کی۔ ان کی نثر میں سیاست، تاریخ، ثقافت اور زبان ایک وحدت کی صورت میں جلوہ گر ہیں۔ خان شہید کی تحریریں پڑھتے وقت یہ محسوس ہوتا ہے کہ لکھنے کو محض بیانی عمل نہیں سمجھتے، بلکہ اسے قوم سازی کا وسیلہ تصور کرتے ہیں، یہی وجہ ہے کہ ان کی نثر میں سیاسی عزم کے ساتھ ایک تہذیبی درد بھی کارفرما ہے۔

خان شہید کی نثر کی سب سے نمایاں خصوصیت سادگی اور سچائی ہے۔ ان کی زبان میں نہ تصنع ہے نہ غیر ضروری رنگینی۔ وہ زبان کو کسی ادبی یا فلسفیانہ بناوٹ میں قید نہیں کرتے بلکہ فطری انداز میں اپنے خیالات بیان کرتے ہیں۔ ان کے جملوں میں وہی سادہ مگر پُر اثر تاثیر پائی جاتی ہے جو خلوص نیت سے جنم لیتی ہے۔ ان کے نزدیک زبان کی عظمت اس کے عوامی لہجے میں ہے وہ سمجھتے تھے کہ اگر ایک قوم کو ترقی دینی ہے تو سب سے پہلے اپنی زبان کو عوامی بنیادوں سے جوڑنا ہوگا۔ یہی وجہ ہے کہ وہ پشتو میں خالص اور دیہاتی الفاظ کے استعمال کو ترجیح دیتے تھے۔ وہ کہتے تھے کہ "زبان کی جڑیں دیہات کے دل میں ہوتی ہیں، اور ادیب کا فرض ہے کہ ان جڑوں سے اپنا رشتہ قائم رکھے۔" یہی فکری زاویہ ان کے اسلوب میں ایک مخصوص روانی پیدا کرتا ہے۔ ان کے جملے قاری سے فاصلہ پیدا نہیں کرتے بلکہ اس سے مکالمہ کرتے ہیں۔ وہ تحکمانہ نہیں، بلکہ رفیقانہ انداز میں قاری کو سوچنے پر آمادہ کرتے ہیں۔

خان شہید لسانی شعور صوتیات (Phonetics) اور فطری لہجے سے گہری وابستگی رکھتا ہے۔ وہ زبان کو صرف معنی کا نظام نہیں بلکہ آواز کا تہذیبی مظہر سمجھتے تھے۔ ان کے نزدیک جب کسی زبان کا اصل آوازیں تبدیل ہو جاتی ہیں تو اس کی فکری روح بھی مدہم پڑ جاتی ہے۔ اسی لیے وہ پشتو میں غیر فطری آوازوں، غیر ملکی لہجوں اور مصنوعی املا کے سخت مخالف تھے۔ وہ سمجھتے تھے کہ ہر زبان کی اپنی ایک "روحانی آہنگ" ہوتی ہے، اور اگر اس میں بگاڑ پیدا ہو تو قوم کی ثقافتی ہم آہنگی بھی متزلزل ہو جاتی ہے۔ یہ نظریہ صرف لسانی نہیں بلکہ فکری اور تہذیبی بھی ہے۔ وہ زبان کو قوم کی اجتماعی خودی (collective self) کا مظہر سمجھتے تھے۔ ان کے نزدیک "لفظ" محض ایک لفظ نہیں، بلکہ قوم کی تاریخی یادداشت، ثقافتی حافظہ اور فکری ارادہ ہے۔ یہی وجہ ہے کہ وہ آواز، لہجے اور تلفظ کی درستی پر اتنا زور دیتے تھے۔

خان شہید عبدالصمد خان اچکزئی کے نثر میں ایک واضح سیاسی شعور اور مزاحمتی احساس کارفرما ہے۔ وہ صرف ظلم کی مذمت نہیں کرتے، بلکہ قاری کے شعور کو اس قابل بناتے ہیں کہ وہ خود ظلم کے خلاف آواز اٹھا سکے۔ ان کی نثر میں مزاحمت کا جوش تو ہے مگر شور نہیں، احتجاج ہے مگر انتشار نہیں۔ وہ جذباتیت کی بجائے عقل، تجربے اور دلیل سے بات کرتے ہیں۔ ان کی زبان استدلال کی زبان ہے، اور یہی ان کے قلم کی اصل طاقت ہے۔

خان شہید کی نثر میں پشتون ثقافت کی خوشبو رچی بسی ہے۔ ان کے جملوں کی ساخت، محاوروں کی مٹھاس اور لہجے کی سادگی پشتون طرز گفتگو کی یاد دلاتی ہے۔ وہ اپنے قومی لہجے اور دیسی محاوروں پر فخر کرتے تھے۔ ان کی نثر میں دیہی منظر نامہ، عام لوگوں کے جذبات اور مقامی معاشرت کے خدوخال صاف جھلکتے ہیں۔ اس طرح وہ پشتون ثقافت کے ایک زندہ نمائندہ بن کر سامنے آتے ہیں۔ یہی امتزاج۔ یعنی زبان کی فصاحت اور پشتو کی دیسی تازگی۔ ان کے اسلوب کو ایک جداگانہ شناخت بخشتا ہے۔

خان شہید عبدالصمد خان اچکزئی کی نثر کا ایک اور نمایاں پہلو ان کی اخلاقی جرات اور نظریاتی استقامت ہے۔ وہ اپنے نظریے پر کسی مصلحت یا مفاد کے بغیر قائم رہے۔ ان کے جملوں میں ایمان داری، استقلال اور خود اعتمادی کی لہریں واضح محسوس ہوتی ہیں۔ ان کا قلم کسی دربار کا محتاج نہیں تھا۔ وہ لکھتے تھے تو اپنے ضمیر کے حکم پر۔ یہی وجہ ہے کہ ان کی زبان میں ایک روحانی صداقت محسوس ہوتی ہے۔ ایسی صداقت جو قاری کو متاثر کرنے کے ساتھ ساتھ بیدار بھی کرتی ہے۔ خان شہید عبدالصمد خان اچکزئی کی نثر سادگی، سچائی اور فکری گہرائی کا حسین امتزاج ہے۔ ان کی تحریر میں نہ صرف زبان کی قوت اظہار جھلکتی ہے بلکہ ایک پوری قوم کی تہذیبی یادداشت بولتی ہے۔ ان کا قلم صرف سیاست کا بیان نہیں بلکہ شعور، خودی اور اخلاقی آزادی کی علامت ہے۔ آج کے دور میں جب زبان اکثر مصلحت، مفاد اور ظاہری فصاحت کی نذر ہو چکی ہے، ایسے میں خان شہید کی نثر ہمیں یہ سبق دیتی ہے کہ جب الفاظ خلوص اور صداقت سے جنم لیتے ہیں تو وہ صرف تحریر نہیں رہتے۔ بلکہ تاریخ بن جاتے ہیں۔

خان شہید کے اساسی نظریات

تحریر: سید خیر محمد عارف

برصغیر پاک و ہند میں شمع آزادی جلانے کیلئے جہاں بہت سے نام قابل ذکر ہیں وہاں ایک نام بطل حریت خان شہید عبدالصمد خان اچکزئی کا بھی ہے اس لیے خصوصی اہمیت حاصل ہے کہ اس نے گلستان جیسے پسماندہ اور دور افتادہ علاقے سے تن تنہا انگریزی استعمار کے خلاف آزادی اور بنیادی انسانی حقوق حاصل کرنے کے لیے لوگوں کو صف آرا ہونے کا راستہ دکھایا ہے کہ اس سے پہلے اس خطے میں نہ کوئی تحریک تھی، اور نہ انگریزوں کو للکارنے کے لیے کوئی قوت موجود تھی بقول شورش کاشمیری وہ بلوچستان کے "استعماری جنگلے میں پہلی تکبیر حریت تھے" اس لئے اگر اسے یہاں کا بابائے سیاست کہا جائے تو بے جا نہ ہوگا۔ خان شہید کی زندگی کا ہر حوالہ معتبر ہے، صحافی، ادیب، سیاستدان، ماہر لسانیات، مقرر، مترجم اور سب سے بڑھ کر ایک مخلص ملنسار، اور ایک ہمدرد انسان کے طور پر اس نے آزمائش کی کڑی دھوپ میں ہر قسم کے مصائب والا کو خندہ پیشانی سے برداشت کیا ایک روشن فکر اور روشن ضمیر رہنماء کی حیثیت سے اس نے بڑی مشکل سے پہلے پریس ایکٹ لاگو کروانے کے لیے تگ و دو کی۔ اس کے بعد اس دور میں پریس کا لگوانا اور ان کی توسط سے استقلال اخبار کا اجراء اس بات کا ثبوت ہے کہ وہ عام لوگوں میں شعوری طور پر روشنی پھیلانے والے، وحدت و اشتراک کے علمبردار، انسان نواز مصلح رہنما، تھے۔ ظاہر ہے کہ بلوچستان جیسے پسماندہ اور دور دراز علاقے میں گوناگوں مسائل کے باوجود استقلال اخبار جاری رکھنے کا منشاء اس کے سوا کچھ نہ تھا کہ تحریک استقلال کے ساتھ ساتھ یہاں کے لوگوں کی خواہشوں اور آرزوؤں کی ترجمان اور ان کی حقوق کی حمایت وحفاظت کے علاوہ عام لوگوں میں آزادی کی روح پھونکنے اور ان کی حقوق کی حمایت وحفاظت کا ایک موثر ذریعہ ہو اور آگے جا کر اس اخبار کی حیثیت محض ایک مقامی اخبار کی نہ ہو بلکہ ایک ہمہ گیر اخبار ہو جس میں اس خطے کے لوگوں کے اغراض و مقاصد کی خصوصیت کے ساتھ لحاظ رکھنے کے علاوہ یہاں کے مختلف قوموں اور فرقوں کے مابین برابری اور مساوی حیثیت سے اتحاد و اتفاق رکھنے کا وسیلہ ہے۔ ایک دور رس اور دور اندیش رہنما کی حیثیت سے وہ اپنی ذہانت مطالعہ اور قوت مشاہدہ کی بنا پر اپنے طبقے کے زوال و انحطاط کا سبب معلوم کر چکے تھے۔ وہ اکثر اوقات اس حقیقت کا اظہار اور برملا اعتراف بھی کرتے کہ انگریزی استعمال کے دور سے لیکر آج تک سرکار کے در پر دم پلے ہوئے خود ساختہ معتبرین اور لیڈرز اگرچہ بظاہر امن پسندی اور رواداری کا راگ الاپتے ہیں لیکن ان کا دل آزادی کے اصل روح کے خلاف نفرت اور کدورت سے بھرا ہوا ہے اس لیے انگریزوں اور ان کے گماشتوں کی چاکری کرنے والے کی ہاں الزام تراشی اور دشنام ترازی کے سوا کچھ بھی نہیں۔ مجھے اچھی طرح یاد ہے کہ خان شہید کی حق گوئی اور بے باکی کو مذکورہ عناصر بطور نفرت اور پروپیگنڈہ اچھالتے رہے، جب کہ بات صرف اتنی سی تھی کہ خان شہید کا ماننا تھا کہ انسان کا اصل پتہ اس کے کردار اور سچائی سے ہوتی ہے، ہمارے وطن کی سیاسی محکومی، غلامی، استحصال و معاشرتی زوال میں استعماری ہتھکنڈوں کے علاوہ خود اہل وطن کی ناعاقبت اندیشی اور حکم بجا آوری کا خاص دخل ہے۔ لہذا ہمیں ذلت اور رسوائی سے بچنے کے لیے اور راہ حق پانے کے لیے شعوری طور پر مسلسل عمل کی ضرورت ہے۔ ان کا عقیدہ یہ تھا کہ سیاسی بیداری کی فصل پکنے سے پہلے جانے بار جانے اور عزم سفر سے دست کش ہو جانے والے لوگ آخری سانس لینے سے بہت پہلے مر جاتے ہیں۔ منزل مطلوب تک پہنچنے کے لیے آبلہ پا ہونا بری بات نہیں اس لیے وہ عوام کو عمر بھر عملی زندگی گزارنے، عمل اور مسلسل عمل کی ترغیب دیتے رہے۔ بہر کیف عدم تشدد کی عظیم پرچارک خان شہید اس ناکردہ جرم کے پاداش میں کہ یہاں رہنے والی تمام قوموں کو قومی شناخت، مادری زبان میں تعلیم، برابری مساوات اور ان کے تمام سیاسی حقوق ملنے سے ہی ملک صحیح جمہوریت اور سولین سپرمیسی کی راہ پر ڈالا جا سکتا ہے۔ لیکن نشہ اقتدار میں بدمست طبقے نے حقائق تسلیم کرنے کی بجائے خان شہید کو کم و بیش بتیس سال تک پابند سلاسل رکھا۔ میں سمجھتا ہوں کہ آج بھی اگر ان کے پرامن تعلیمات کے بنیادی اصولوں پر عمل کیا جائے تو ہر مسئلے کا حل ڈھونڈا جا سکتا ہے۔ یعنی عدم تشدد، سچائی پر قائم رہنا، تمام چھوٹے بڑے قوموں کی مساوی حقوق تسلیم کرانا، انفرادی سیاسی حق، آزادانہ انتخابات، حق رائے دہی کا احترام، تنازعات نمٹانے کے لیے تشدد کی بجائے عدم تشدد، باہمی ڈائیلاگ کا راستہ اختیار کرنا، اور امن و امان قائم کرنے کے لیے دشمنی کی بجائے باہمی تعاون اور معدنی وسائل پر وہاں کی عوام کو اعتماد میں لینا جیسے مسائل کا حل خان شہید کے نظریے اور فرمودات میں ڈھونڈا جا سکتا ہے۔ ان ہی اساسی نظریات کو مد نظر رکھ کر خان شہید نے جمہوری آزادی اور معاشرے کے محکوم اور پسے ہوئے طبقے کے لیے اپنے لہو سے جو روشن تحریر لکھی ہے اس سے ایک نہ ایک روز محکوم اقوام کی تقدیر ضرور بدلے گی۔ اگرچہ خان شہید نے اپنی پوری زندگی تشدد اور عدم مساوات کے خلاف امن کا پرچار کرتے ہوئے گزاری، برطانوی سامراج کے جبر و تشدد سے لے کر ایوبی آمریت تک پاکستان کا ایسا جیل نہ ہوگا جس میں انہوں نے زندگی کے دن رات نہ گزارے ہوں لیکن اس کے باوجود انہوں نے صبر و استقلال کا دامن تھامے رکھا اور یہ ثابت کر دکھایا کہ طاقت کا استعمال وقتی پتہ دیتا ہے لیکن اصل پتہ کردار کا ہوتا ہے تاریخ نے یہ ثابت کر دکھایا کہ ایوبی آمریت اور مارشل لاء کے قیام کا نتیجہ قومی المیوں سے ہوتا ہوا ملک شکنی پر ختم ہوا۔ آج ایوب کو ایک جابر اور آمر کے طور پر جانا جاتا ہے جب کے ایوبی دور کا دس سالہ قیدی مظلوم و مقہور خان شہید کے لاکھوں معتقدین اس بات کا اعتراف کرتے ہیں کہ خان شہید نے زندگی بھر سچ کا ساتھ دیا اور تمام دنیا کے مظلوم و محکوم قوموں کے لیے یہ نکتہ بطور میراث چھوڑا کہ تاریکی کو تاریکی کہنے کی پاداش میں عمر عزیز گنوانے والے اور صبح بے نور سے انکاری خان شہید جیسے عظیم المرتبت انسان مرنے کے بعد بھی زندہ رہتے ہیں۔ بہر حال خان شہید کے حیات، خدمات، نگارشات اور افکار علامت ہے جمہوریت، مساوات، برابری اور جمہوری جدوجہد کے لیے جان قربان کرنے والے بہادر انسان جس نے محکوم اقوام کے حقوق اور سربلندی کی خاطر باون سال پہلے آج کے دن 2 دسمبر کو جام شہادت

انسانی سماج نے ہر دور میں مختلف قسم کے حالات دیکھے ہیں آج ہم جس سماج میں رہ رہے ہیں سماج کی یہاں تک پہنچنے میں معاشرے کی ہر فرد کی اپنی علمی حیثیت کے مطابق اور ہر فن کی اپنی اہمیت کے مطابق حصہ داری اور ہے۔ اس ترقی میں دوسرے علوم اور فنون کے ساتھ ترجمے نے بھی اپنا کردار ایک مضبوط سپاہی کی طرح ادا کیا ہے۔ ترجمے ہی کی بدولت آج ہم دنیا کے ہر زبان کے بولنے والے کی آہ و فریاد یا خوشی کا احساس سمجھ سکتے ہے۔ ترجمہ عمل خیر ہے جو ہمیشہ امن، نسل انسانی کی فکری تربیت، علوم وفنون میں اضافے کا باعث بنا ہے،

خان شہید ایک قومی نبض شناس مترجم

تحریر: ڈاکٹر محمد نسیم ترین

ترجمہ معاشرے میں عقل و شعور کی پروان اور مثبت تبدیلی لانے کی خواہش کی علامت ہے، ترجمے ہی کے ذریعے الگ الگ فکروں کا مثبت تجزیہ اور ترقی ممکن ہے۔ ان سب کا اور اک مشرقی معاشرے کو بہت دیر سے پہنچا ہے بالخصوص اس جغرافیے میں جہاں سماج علمی رجحان سے حالات کی بدولت کافی حد تک دور اور ناآشنا رہ رہے ہیں۔ وہاں ترجمے جیسے فن میں کام کرنا اور باقاعدہ طور پر ترجمے کرنا کسی معجزے سے کم نہیں۔ جس خطے میں ہم رہتے ہیں یہ خطہ بار بار کئی مثبت اور منفی تبدیلیوں کی زد میں آچکا ہے جس کی وجہ سے یہاں کے علمی اور ادبی حلقے متاثر ہوچکے ہیں اس مضمون میں پشتو زبان اور ادب کے تناظر میں اس خطے کی ایک ایسی شخصیت کی خدمات کا اجمالی جائزہ لیتے ہیں جس نے اس خطے میں پشتو زبان اور ادب کی ترقی میں ایک منفرد کردار ادا کیا ہے۔ جنوبی پشتونخوا کے پشتو ترجمے کے میدان میں بہت سے مترجمین نے طبع آزمائی کی ہے مگر اس خطے کی پشتو ترجمے کی بنیاد جن مترجمین نے رکھا ہیں ان سب مترجمین کا سرخیل خان شہید عبدالصمد خان اچکزئی ہے جو اس خطے کی آزادی کی جدوجہد، محکوم اور مظلوم اقوام کی آواز، سیاست اور ادب میں ایک منفرد مقام کے مالک ہیں، جہاں خان شہید عوامی سیاست میں ایک سچے اور نڈر رہنما کی حیثیت سے مصروف عمل تھے وہاں ادب میں بھی اپنے حصے سے زیادہ کام کیا کرتے تھے۔ عبدالصمد خان اچکزئی نے اپنے زندگی کی زیادہ تر حصہ سلاخوں کے پیچھے گزارا ہے مگر قید خانوں میں بھی اپنی قلم کو زندہ اور پائندہ رکھا۔ عبدالصمد خان اچکزئی نے جتنے بھی ترجمے کی ہیں زیادہ تر ترجمے جیل کے دوران ہی کیے ہیں، اس دور میں جس کو یہ الفاظ دیگر ادب کے حوالے سے جدید دور کہتے ہیں اس جدید دور کی تول سے اگر عبدالصمد خان اچکزئی کی ترجمے کو تولا جائے تو نہ انتخاب اور نہ فن میں کسی مترجم سے پیچھے رہ جائیں گی، اگرچہ عبدالصمد خان اچکزئی کی پشتو رسم الخط پشتو زبان کے لیے ایک اضافہ ہیں مگر عبدالصمد خان اچکزئی کی متعارف رسم الخط پر ابھی تک خاطر خواہ کام نہیں ہوا ہے پشتو کے ایک نئے رسم الخط کے ساتھ ہی جنوبی پشتونخوا کے پشتو ترجمے میں ابھی بھی فکر اور فن دونوں اعتبار سے آگے ہیں۔ تقریباً ایک بات پر اکثر محققین اور تخلیق کار متفق ہیں کہ ادیب معاشرے کی نمائندہ ہوتے ہیں، مگر عام اصطلاح میں وہ ادب اور ادیب حقیقت میں معاشرے کی آنکھیں ہوتے ہیں جس کے اپنے معاشرے کی خرابیوں اور خوبیوں کا پورا ادراک ہو، مترجم بھی ادیب جیسا ہے اکثر اوقات میں مترجم جو کچھ بھی ترجمہ کر رہا ہے اپنے معاشرے کی علمی، شعوری، معاشرتی حالات کو مد نظر رکھ کر ترجمے کرتے ہیں، ترجمے میں بہت سے مسائل ہوتے ہے مگر سب سے پہلے اور مشکل مسئلہ مترجم کے لیے متن کا انتخاب ہوتا ہے، قابل فہم بات یہ ہے کہ مترجم کا سب سے بڑا جو امتحان ہوتا ہے وہ یہ ہے کہ مترجم کیا چاہتا ہے کہ وہ اپنی زبان اور اپنی قوم کے لیے مناسب اور کارآمد سمجھیں، اگرچہ مترجم صرف دوسرے کی فن پارے کو اپنے زبان میں رکھتے ہے مگر یہ کہ مترجم کیا پسند کرتے ہیں اور کیا ترجمہ کرتے ہیں یہ انتخاب معاشرے کی علمی سطح کے ساتھ ساتھ مترجم کی علمیت اور ذہنیت کی عکاسی بھی کرتی ہے، ان کے ترجمہ کردہ کتابوں سے خان شہید کی فکر بہت واضح ہوتا ہے کہ وہ پشتون سماج کو جدید کلاسیکیت کے ساتھ اسلامی دائرے میں رہ کر دنیا کے دوسرے اقوام سے تقابلی زندگی گزارنے کی درس دیتے ہیں۔ عبدالصمد خان اچکزئی نے جو بھی ترجمے کیے ہیں ان میں اکثر ترجمے اخلاقی، مذہبی اور معاشرتی فکر کو پروان چڑھانے کی بلاواسطہ کوشش ہے۔ "آزادی کا افق" کے نام سے کینڈین مصنف کارلیٹ اورڈ کارمن کی کتاب (Future Of freedom) کا اردو ترجمہ ہے جو خان شہید نے قید کے دوران کیا ہے، اس ترجمے کا بنیادی مقصد اپنے لوگوں کو آزادی کے مفہوم کو سمجھانا ہے، اپنے اس کتاب کی ترجمے کی

خان شہید عبدالصمد خان اچکزئی
اور خان عبدالغفار خان باچا خان

انتخاب کے حوالے سے لکھتے ہے۔ آزادی ایک سے زائد مقاصد رکھنے والا لفظ ہے جن کو مختلف لوگوں نے اپنے اپنے خیال کے مطابق پیش کیا ہے: اس کتاب کی ترجمے کا اصل مقصد اپنے لوگوں کو آزادی کے مفہوم سے واقفیت اور آزادی کے اقسام کے بارے میں معلومات آسان اور قومی زبان میں فراہم کرنا تھا جو کہ مترجم اپنے اس مقصد میں کامیاب ہوا ہے، یہ الگ بات ہے کہ جس قوم کی خان شہید نمائندگی کرتا ہے اس قوم میں آج تک مطالعے کی رجحان دوسرے اقوام کے مقابلے میں بہت کم ہیں اکثر جذباتی اور تقلیدی نعروں پر یقین رکھتے ہیں۔ خان شہید عبدالصمد خان اچکزئی نے فارسی ادب کے مشہور کتاب "گلستان" کو پشتو زبان میں ترجمہ کیا ہے یہ کتاب کئی زبانوں میں ترجمہ ہوا ہے، پشتو ادب کے ترجمے کے میدان میں

مذکورہ ترجمہ انتہائی اہمیت کا حامل ہے، اس ترجمے کی فن پر بات نہیں کرتے ہے اگر فن پر بھی بات کی جائے تو پشتو کے منظوم ترجموں میں صف اول میں شمار ہوتی ہے، اس کتاب کو ترجمہ کرنے کے لیے انتخاب عبدالصمد خان اچکزئی کو ایک عالم باعمل، پشتون سماج کی حقیقی نمائندہ، عدل و انصاف کی علامت کے طور پر ظاہر کرتے ہے۔ اس ترجمے سے مترجم بنیادی طور پر اپنے معاشرے کو اسلامی دائرے میں رہتے ہوئے ایک ترقی یافتہ، پر امن، عدل و مساوات پر مبنی دیکھنا چاہتے ہیں، خان شہید نے شیخ سعدی کا یہ ترجمہ بھی جیل کے دوران کیا ہے، مذکورہ ترجمہ 1950 میں مکمل ہوا ہے مگر چاپی صورت میں 2020 میں دستیاب ہوا ہے، اس ترجمے کو اگر ہم فکری تناظر سے دیکھیں تو یہ بات بہت واضح ہے کہ یہ کتاب مکمل طور پر اخلاقیات کا درس دیتا ہے، خان شہید چونکہ ایک قومی اور علمی ذہن کے مالک تھے وہ چاہتے تھے کہ جو کتاب صدیوں سے پشتون معاشرہ میں پڑھائی جاتی ہے اور کتاب میں جو حکایات ہے وہ اکثر پشتون معاشرے کے حکایات سے مطابقت رکھتی ہیں تو خان شہید یہ مقبول اور معنی خیز کتاب پشتونوں کے لیے اپنی مادری زبان پشتو میں ترجمہ کرنے کی عہد کی تاکہ پشتون قوم اس کتاب کی رموز اور مفہوم سے بخوبی آشنا ہو سکیں اور اس عہد کو وفا بھی کی۔ کیمیائے سعادت جو امام غزالی کی مشہور تصنیف ہے اور فارسی زبان میں لکھی گئی ہے یہ کتاب بہت سی زبانوں میں ترجمہ ہوئی ہیں جس سے اس کتاب کی معیار اور قیمت کی اندازہ لگایا جا سکتا ہے، اس کتاب کا بنیادی موضوع روح اور جسم کا تعلق ہے جس سے انسان کی اندر اور باہر صفائی پر زور دیا گیا ہے۔ جب انسان پاکیزگی کی اس حد تک پہنچ جاتا ہے کہ قول اور فعل میں تضاد نہ ہو تو ایک صاف اور اصولی معاشرہ کی تکمیل ممکن ہو جاتی ہے، اس کتاب میں روحانی پاکیزگی پر زور دیا گیا ہے جو کہ ہر اسلامی معاشرے کی بنیادی تقاضا ہے اور اسی روحانی پاکیزگی سے مذہب کی جانب میں جو فرسودہ نظریات ہمارے معاشرے میں پائے جاتے ہیں جس سے پشتون قوم اپنے اسلامی مذہب سے دور ہوتے جاتے ہے تقریباً اس کتاب کے پڑھنے اور عمل کرنے سے ختم ہو جاتا ہے۔ عبدالصمد خان اچکزئی نے خاص اسی تناظر میں کیمیائے سعادت کو پشتو زبان میں ترجمہ کیا ہے، خان شہید خود اس نظریے کے داعی تھے کہ اگر روح اور جسم ایک ہی رخ پر ہو تو یہ ممکن ہے کہ معاشرہ اکثر برائیوں سے صاف ہو جاتے ہیں۔ اس میں کوئی شک نہیں ہے کہ خان شہید ایک ترقی یافتہ معاشرے کے لیے کوشاں تھا مگر خان شہید کے ترجموں سے صاف ظاہر ہوتا ہے کہ خان شہید اسلامی دائرے میں رہتے ہوئے ایک ایسی ترقی یافتہ، تعلیم یافتہ، انصاف پر مبنی اور پر امن سماج دیکھنا چاہتا تھا کہ فرسودہ نظریات، مذہب سے دوری اور معاشرتی عدم استحکام سے پاک ہو، اسی خواہشات کے تناظر میں خان شہید عبدالصمد خان اچکزئی نے مذکورہ کتاب کو پشتونوں کو اپنی ہی زبان پشتو میں ترجمہ کیا تاکہ لوگ آسانی سے اس کتاب کو سمجھ سکیں اور کسی حد تک معاشرتی خامیوں کی تدارک ہو سکیں۔

خان شہید عبدالصمد خان اچکزئی کے نزدیک مقدس اسلام ان حتمی صداقتوں کا مجموعہ ہے جنہیں اللہ تعالی نے انسانوں کی ہدایت کے لیے اپنے انبیاء کے ذریعے زمین پر بیان کیا، اسلام وہ صداقت ہے جس پر اس دنیا میں کبھی بھی فرسودگی کا سایہ نہیں پڑ سکتا، خان شہید کی نظر میں ہر دور میں جو ضرورت ابھرتی ہے وہ یہ ہے کہ ان ابدی صداقتوں اور ان کے تقاضوں کو اس زبان میں بیان کیا جائے جو اس دور اور زمان میں لوگوں کے لیے سمجھنے میں آسانی ہو، اسی ضرورت کے پیش نظر خان شہید نے ابوالکلام آزاد کے ترجمان القرآن کو پشتو میں ترجمہ کرنے کے لیے انتخاب کیا، خان شہید نے جب ترجمان القرآن کا مطالعہ کیا تو یہ بہت ضروری سمجھا کہ پشتون قوم کے لیے ترجمان القرآن جیسا کیمیائی نسخہ پشتو ہی زبان میں میسر ہو تو اس کار خیر کے لیے سلاخوں کے پیچھے ہی ترجمے پر کام شروع کیا اور بڑے تگ و دو کے بعد یہ ترجمہ مکمل کیا جو کہ بنیادی طور پر پشتو زبان اور پشتون قوم کے لیے ایک نعمت سے کم نہیں۔

ترجمے کی اس سلسلے کو آگے بڑھاتے ہوئے خان شہید نے شبلی نعمانی کی تحریر کردہ کتاب سیرت النبی کو پشتو زبان میں ترجمے کی کوشش کی، مگر زندگی کی بے وفائی نے خان شہید کو یہ کار خیر کو مکمل کرنے تک نہیں چھوڑا، البتہ اس کتاب سے بھی تقریباً 54 صفحے ترجمہ کیے ہیں۔ ترجموں کی علاوہ خان شہید عبدالصمد خان اچکزئی نے اور بھی کتابیں لکھی ہیں جیسے کہ صدالغات جس میں ہزاروں کے حساب سے پشتو لغات جمع کیے گیے ہیں ساتھ میں خان شہید نے پشتو رسم الخط پر بہت کام کیا ہے یہاں تک پشتونوں کو پشتو زبان کے لیے وہ رسم الخط دیا ہے جس میں جتنے بھی پشتو رسم الخط کے حوالے سے ابہام موجود ہے وہ سارے دور ہو جائیں گے۔ مگر بدقسمتی سے آج تک اس رسم الخط پر خاطر خواہ کام نہیں ہوا ہے جو کہ یہ ذمہ داری پشتون دانشور اور محققین کا ہے کہ عام پشتونوں تک خان شہید رسم الخط کی ثمرات پہنچ جائیں، دوسری اہم بات یہ ہے کہ خان شہید عبدالصمد خان اچکزئی اس خطے کی ایک مانا ہوا سیاسی ستارہ سمجھا جاتا ہے اور خطے کی باسیوں کے لیے سیاسی میدان اور ادبی میدان میں بہت کچھ کیا ہے یہاں تک کہ اپنی جان کی قربانی بھی اس قوم کے لیے دی، مگر حقیقی معنوں میں ابھی تک خان شہید کی فکر عام لوگوں کو اس طرح نہیں سمجھایا گیا ہے جس طرح ہونا چاہیے تھا۔ خان شہید عبدالصمد خان اچکزئی کو اگر ہم ان ترجموں کی انتخاب کی تناظر میں سامنے رکھیں تو خان شہید کی فکر روز روشن کی طرح عیاں ہوتی ہے، خان شہید اگر چاہتے ہیں تو فکری حوالے سے اور بھی بہت سے کتابیں ترجمہ کر سکتے تھیں مگر یہ مذکورہ کتابوں کا انتخاب اس بات کی واضح دلیل ہے کہ اپنے قوم اور پورے خطے کے لیے ایک نبض شناس رہنما کی حیثیت رکھتے ہیں۔

☆☆☆☆☆

زندگانی روشن دلاں

چوں شمع زندگانی روشن دلاں دمیست
امادمے کہ باعث احیائے عالمیست

خان یونس نورزئی

خان شہید مچھ جیل میں قید تھے کہ کوئٹہ کے تاریخی زلزلے کا انسانی المیہ پیش آیا۔ نظامی صاحب نے خان شہید کو اس زلزلے میں ان کے عزیز از جان دوست نوابزادہ یوسف علی خان مگسی کے وفات پا جانے کی خبر دی۔ خان شہید نے خط کے جواب میں فارسی کا یہ شعر لکھا۔ اور یہ شعر خان شہید کی زندگی پر کتنا صادق آتا ہے۔ اپنی مختصر زندگی میں عمر عزیز کا بیشتر حصہ قید و بند کی صعوبتوں کی نذر ہوا۔ بچپن اور لڑکپن کو نکال دیجیے تو کتنا وقت ان کے پاس بچ پایا، مگر اس مختصر عرصے میں بھی؛ اخبار استقلال کی بنیاد رکھی اور اس خطے میں صحافت کے بانیوں میں شمار ہوئے۔ وہ بھی کیسے حالات میں؟ خود لکھتے ہیں کہ: ان دنوں میری شریک حیات سینی ٹوریم میں زیر علاج تھی۔ اخبار کی اشاعت کے بعد میرے پاس اتنے پیسے نہ بچ پاتے کہ تانگہ کرایہ کر سکوں۔ اس لیے پیدل ہی چل پڑتا۔

خان شہید نے اس خطے میں وطن دوست، جمہوری اور ترقی پسند سیاست کی بنیاد رکھی۔ وہ بھی ایسے حالات میں کہ مسلم کانفرنس کے ایگزیکٹیو کمیٹی کی رکنیت محض اس لیے قبول نہ کی کہ اجلاسوں میں شرکت کے لیے لاہور آنے جانے کا کرایہ پاس نہ تھا۔ اور خودداری ایسے کہ ان امیروں کی جماعت سے اپنی مشکل کا ذکر بھی نہ کیا۔ خان شہید نے اس خطے میں توہم پرستی، پیر پرستی، سامراج کے زرخرید ملاؤں، سامراج کے ٹکڑوں اور اعزازوں پر پلنے والے قبائلی معتبرین کے خلاف بے مثال جدوجہد کی۔ ان کی آپ بیتی میں ایسے کرداروں کی بے شمار مثالیں مل جاتی ہیں۔ ان کرداروں کی جس طرح تحلیل کی گئی ہے وہ خان شہید کے ترقی پسند سیاسی اور سماجی نظریات کا واضح خاکہ پیش کرتی ہیں۔ ظاہر ہے یہ جدوجہد اس دور میں بھی کوئی آسان جدوجہد نہیں ہے۔ اس دور میں تو یہ اپنی مثال آپ تھا۔ خان شہید کی آپ بیتی میں سے یہ مکالمہ آج بھی ان سیاسی کارکنوں کے لیے مشعل راہ ہے جو اپنی جدوجہد کے کثیر جہتی پہلوؤں پر نظر رکھتے ہیں۔

1935 کے زلزلے کے بعد، موسم سرما میں انسپکٹر جنرل جیل خانہ جات جو کہ ایک بدخو اور متکبر انگریز تھے، مچھ جیل کا معائنہ کرنے آئے۔ سخت سردی پڑ رہی تھی۔ میں دھوپ میں بیٹھا تھا کہ وہ چل کر میرے پاس آئے اور بغیر کسی ظاہری وجہ کے بات چیت شروع کی۔ اس نے مجھ سے پوچھا کہ یہاں کوئی پریشانی لاحق تو نہیں؟ میں نے ہمیشہ کی طرح جواب دیا، نہیں! آپ کا شکریہ۔ اس نے اصرار کیا کہ پھر بھی کسی شئے کی کمی ہو، کوئی پریشانی لاحق ہو تو آپ کہہ سکتے ہیں۔ میں حیران رہ گیا۔ اور اس سے کہا کہ جیل کوئی سکون و آسائش کی جگہ تو نہیں۔ اگر آپ کا مطلب ہے کہ اس مروجہ قانون سے بڑھ کر کوئی اضافی مصیبت ہے تو وہ نہیں ہے۔

وہ کہنے لگے کہ یہ تو آپ کا اپنا انتخاب ہے۔ اس سردی و مصیبت میں یہاں پڑے ہو۔ کس نے آپ پر یہ عذاب مسلط تو نہیں کیا ہے۔ تم اپنے گھر کیوں نہیں چلے جاتے؟ میں نے کہا کہ آپ کی یہ بات بالکل درست نہیں کہ میں اپنی مرضی سے یہاں بیٹھا ہوں۔ آپ ان محافظوں کو ہٹائیں اور جیل کا دروازہ کھول دیں اور پھر دیکھیے کہ میں گھر کی طرف جاتا ہوں یا نہیں۔ کہنے لگے کہ اگر آپ واقعی جانا چاہتے ہیں تو کاغذ کے ایک ٹکڑے پر لکھ کر دے دیں کہ یہاں سے نکل کر انتشار نہیں پھیلاؤں گا اور میں وعدہ کرتا ہوں کہ آپ کو ساتھ لیے بغیر یہاں سے نہیں نکلوں گا۔ میں سمجھ گیا کہ اس سارے مکالمے کا مقصد ہی یہی تھا۔ وہ اپنے تکبر کی وجہ سے یہ بات براہ راست کہنے سے کترا رہا تھا۔ میں نے کہا کہ آپ مجھے عیسائی دکھتے ہیں! اس نے کہا کہ ہاں! میں ایک نیک اور اچھا عیسائی ہوں۔ لیکن تم یہ کیوں کہہ رہے ہو؟

میں نے کہا کہ کیا عیسائیت؛ حضرت عیسی علیہ سلام کی بے مثال قربانی کے تصور پر قائم نہیں ہے؟ کیا وہ بھی اپنے وطن میں غیر ملکیوں کے قانون کے خلاف بغاوت کے جرم میں گرفتار نہیں کیے گئے تھے؟ کیا انہیں عدالت میں پیش نہیں کیا گیا تھا؟ اور کیا یہ آرام طلبی، بزدلی اور موقع پرستی کا راستہ اپنانے کا مشورہ انہیں نہیں دیا گیا ہوگا؟ (جو آپ مجھے بتا رہے ہیں)۔ چونکہ آپ کی بات، حضرت عیسی علیہ سلام کے بتائے گئے راستے سے ہٹ کر ہے؛ اس لیے میں نے پوچھ لیا کہ آپ ان کے پیروکار نہیں دکھتے۔ وہ کچھ نادم سے دکھائی دیے۔ اور زبردستی ہنس کر کہنے لگے: 'اچھا! تو آپ شہادت کے خواب دیکھ رہے ہیں' اس زہر خند کا بھی اثر نہ ہوا، اس کے مشورے بھی بے کار گئے۔ قید و بند کی صعوبتیں اور مالی افلاس بھی اس عزم صمیم کے پیکر کو راستے سے نہ ہٹا سکے۔ ہاں اتنا تو ہوا کہ اس انگریز کی پیشینگوئی سچ ثابت ہوئی۔ خان شہید اس انجام سے بھی واقف تھے۔ اور رحمت شاہ سائل نے انقلابی جذبوں سے سرشار اس نفسیاتی صورتحال کا نقشہ کس خوبصورتی سے کھینچا ہے: منصور بہ سنگ ذلیل آواز

پہ انجام سے پو ہیدو
بغیر ددارہ سوک دستر گو خواتہ چرتہ زی

(یہ تو ممکن نہیں کہ منصور اپنی صدا کے انجام سے واقف نہ ہو۔ مگر دار کے بغیر بھی تو کوئی ان نظروں میں مقام پا نہیں سکتا) خان شہید کو جرگہ کے سرکاری ممبران نے سمجھایا، سامراجیوں نے صورتحال سے آگاہ کیا، بر خود غلط غمگساروں نے انہیں بزدلی اور موقع پرستی کے فیض سے فیض یاب ہونے کا راستہ دکھایا۔ مگر وہ بھی اپنے دھن کے پکے تھے۔ ان کی نظروں میں یہ مقام فیض نہیں بچا۔ جو زنداں سے نکلے تو سوئے دار چلے۔



بقیہ 1 — وفاقی وزیر داخلہ

ہم کسی افغان شہری کو واپس بھیجیں وہ واپس آئے اور پھر واپس بھیجیں، اب اس کو گرفتار کیا جائے گا اور اس کے ہدایات جاری کردی گئی ہیں۔ مزید بم دھماکے افورڈ نہیں کر سکتے، ہر صورت ان کو واپس بھیجیں گے۔ محسن نقوی نے کہا کہ خیبر پختونخوا میں افغان کیمپ ختم کیے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایس ایچ اوز کی ذمہ داری لگائی جا رہی ہے کہ وہ افغان شہریوں کو ڈھونڈیں۔ ان کا کہنا تھا کہ افغان شہریوں کو واپس بھیجنے میں کامیاب ہو رہے ہیں اور سب کو ہر حال میں بھیجیں گے۔ جتنے بھی حملے ہوئے ان میں افغان ملوث ہیں اور سارے خودکش حملہ آور افغانستان سے آرہے ہیں۔ محسن نقوی کا کہنا تھا کہ آج جو ہفتہ شروع ہوا اس سے ایس ایچ اوز کی ذمہ داری لگائی جا رہی ہے کہ وہ اپنے علاقوں میں غیر قانونی طور پر مقیم افغانوں کو ڈھونڈیں اور ان کو ہر حال میں واپس بھجوانا ہے۔ ہم خیبر پختونخوا کی حکومت کو بھی بار بار یہ پیغام دے رہے ہیں کہ اس وقت ضروری بات یہ ہے کہ آپ پہلے اپنے ملک کا سوچیں، اس کے بعد اپنی سیاست کریں۔ ان کو ہر صورت وفاقی حکومت کے فیصلے پر عمل کرانا پڑے گا۔ ان کا کہنا تھا کہ ایک طرف ملک استحکام کی طرف بڑھ رہا ہے، معیشت بہتر ہو رہی ہے اور دوسری طرف ہم یہ دھماکے افورڈ نہیں کر سکتے۔ محسن نقوی کا کہنا تھا کہ پشاور اور نوشہرہ میں قائم کیے گئے کیمپس باقاعدہ ڈی نوٹیفائی کیے گئے ہیں، جبکہ شمالی اور جنوبی وزیرستان میں کیمپس اب بھی فعال ہیں۔ ایئرپورٹ پر مسافروں کو روکے جانے کے حوالے سے وزیر داخلہ نے بتایا کہ 50 سے 60 افراد کو روزانہ آف لوڈ کیا جاتا ہے اور ایف آئی اے تمام ریکارڈ میڈیا کے ساتھ شیئر کرے گی۔ محسن نقوی نے سوشل میڈیا پر فیک نیوز پھیلانے کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ کسی کی بھی تصویر لگا اور فیک نیوز بنا کر چلانے کی کسی صورت اجازت نہیں دی جائے گی۔ اس بارے میں آج صبح وزیر اطلاعات سے بات ہوئی ہے۔ اگر شواہد موجود ہیں تو خبر دیں لیکن اگر نہیں تو یہ نہیں ہو سکتا کہ کسی زندہ کو مار دیں اور کسی مرے ہوئے کو زندہ کر دیں اور کوئی آپ کو کچھ نہ کہے۔ سوشل میڈیا پر 90 فیصد جھوٹی خبریں چلائی جا رہی ہیں، بعض ایجنسیز غلط مہم چلا رہے ہیں، لیکن کچھ بھی ہو حکومت کسی شخص کو غیر قانونی طریقے سے بیرون ملک جانے نہیں دے گی۔ محسن نقوی نے کہا کہ ہم اپنے پاسپورٹ کی رینکنگ بہتر کرنے کی کوشش کر رہے ہیں، جو شخص نوکری پر بیرون ملک جا رہا ہے وہ بالکل جائے، اسکو نہیں روکا جائے گا۔ ایک مثال دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ایک شخص ڈرائیونگ کے شعبے میں سعودی عرب جا رہا تھا جس کے پاس ڈرائیونگ لائسنس ہی نہیں تھا اور اسے گاڑی چلانا بھی نہیں آتی تھی۔ ہمیں اپنے سسٹم کو بھی درست کرنا ہوگا۔

بقیہ 2 — رانا ثناء اللہ

رکاوٹ نہیں، یہ تاثر غلط ہے، نواز شریف نے کبھی بھی ڈی ایف کے بارے میں اس قسم کے خیال کا اظہار نہیں کیا۔ پارلیمنٹ ہاؤس میں گفتگو کرتے ہوئے رانا ثنا اللہ کا کہنا تھا کہ نواز شریف کی گفتگو کو خواہ مخواہ اس معاملے سے جوڑا جا رہا ہے، نواز شریف کی گفتگو کسی اور حوالے سے ہوئی تھی، نواز شریف نے اس دن جو بات کی اس کا پس منظر کچھ اور تھا، جو بھی آئینی ترامیم ہوئی نواز شریف کی بحیثیت پارٹی ہیڈ منظوری سے ہوئی ہے۔ رانا ثنا اللہ کا کہنا تھا کہ کبھی بھی چیز کے زیر غور ہونے میں اور فیصلہ ہونے میں فرق ہوتا ہے، مختلف آپشن مختلف اوقات میں زیر غور ہوتے ہیں، جب تک کوئی فیصلہ نہ ہو ان پر آپ کوئی حتمی بات نہیں کر سکتے، سی ڈی ایف کا ایک نیا ادارہ بنے جا رہا ہے، وہ بہت اہم ادارہ ہوگا، ان ہی معاملات کو پوری طرح سے دیکھتے ہوئے نوٹیفکیشن قلت میں نہیں ہونا چاہیے اور نہ قلت میں ہوگا۔ وزیراعظم کے مشیر برائے سیاسی امور کا کہنا تھا کہ جو آئینی ترمیم ہوئی ہے اس کے مطابق جس دن نوٹیفکیشن ہوگا اس دن سے اس مدت کا تعین ہوگا، نوٹیفکیشن کے بعد اس کی مدت 5 سال ہوگی۔ پی ٹی آئی کے حوالے سے رانا ثنا اللہ کا کہنا تھا کہ جب آپ کسی معاملے کو دھمکی کے ساتھ اور احتجاج کے ساتھ کرنا چاہیں گے تو قانون کا نفاذ بھی اسی انداز سے ہوگا، اگر یہ بھارتی چینلز پر جا کر اس طرح کی ہرزہ سرائی کریں اور پھر دھمکی دیں تو پھر قانون کے مطابق جواب ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی والوں کو چاہیے تھا کہ معاملہ فہمی سے کام لیتے، پی ٹی آئی کا وفد اسپیکر کے پاس آیا تھا میں بھی وہاں موجود تھا، ہم نے انہیں کہا تھا کہ وزیراعظم صاحب کو آنے دیں پھر ہم یہ مسئلہ ان کے سامنے رکھیں گے، پی ٹی آئی کا وفد ہمارے پاس سکیا ہی تھا کہ وزیراعلیٰ کی دھمکی آگئی، ان کاموں کے لیے ملاقات کی اجازت نہیں دی جا سکتی جو وہ کرتے آئے ہیں یا کر رہے ہیں۔ وفاقی وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ نے کہا ہے کہ آئینی ترمیم کے بعد آرمی چیف اور چیف آف ڈیفنس فورسز کا ایک نوٹیفکیشن آئیگا، جلد ہی یہ معاملات حل ہو جائیں گے۔ صحافیوں سے گفتگو میں اعظم نذیر تارڑ نے کہا کہ قانون پاس ہو چکا ہے، نوٹیفکیشن بھی اس سے جڑا معاملہ ہے۔ وفاقی وزیر قانون نے کہا کہ نوٹیفکیشن کے حوالے سے ایسا کچھ نہیں کہ معاملات رک گئے ہوں۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم پاکستان ملک میں واپس آجائیں گے تو وزارت دفاع اس پر معاملات آگے بڑھائے گی

بقیہ 3 — بلاول بھٹو

صوبائی معاملات اور مستقبل کی سیاسی حکمت عملی پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا جبکہ صوبے میں امن و استحکام، سیاسی ہم آہنگی اور پارٹی کے تنظیمی ڈھانچے سے متعلق جاری اقدامات پر بھی گفتگو کی گئی وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کو صوبے کی موجودہ صورتحال، عوامی مسائل اور حکومت کی ترجیحات سے آگاہ کیا، جبکہ چیئرمین پیپلز پارٹی نے صوبائی قیادت کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کرائی۔

بقیہ 4 — ایمان مزار

کر دی، ٹرائل کی کارروائی روکنے کی استدعا درخواست میں کی گئی تھی۔ علاوہ ازیں، دوران سماعت وکیل ریاست علی آزاد نے موقف اختیار کیا تھا کہ ٹرائل شفاف طریقے سے نہیں چل رہا اور گواہوں کے بیانات ملزمان کی غیر موجودگی میں ریکارڈ کیے گئے، جو منصفانہ ٹرائل کے اصولوں کے خلاف ہے۔ انہوں نے کہا کہ ٹرائل کورٹ فیئر ٹرائل کا حق نہیں دے رہی۔ عدالت نے استفسار کیا کہ 24 نومبر کو کیا کارروائی ہوئی؟ جس پر ہادی علی چٹھہ نے بتایا کہ انہوں نے درخواست دی تھی کہ گواہوں کے بیانات ملزمان کی موجودگی میں ریکارڈ کیے جائیں لیکن درخواست مسترد کر دی گئی۔ وکلا نے موقف اپنایا کہ ایک روزہ استثنا کی صورت میں ٹرائل آگے نہیں بڑھ سکتا، جبکہ مستقل استثنا میں پلیڈر کی حاضری کے ساتھ کارروائی جاری رہ سکتی ہے۔ اس پر جسٹس اعظم خان نے کہا کہ وکلا قانون سے بتائیں کہ ایک دن کی استثنا میں ٹرائل کیوں نہیں چل سکتا۔ درخواست گزار وکلا نے ٹرائل کورٹ کی کارروائی روکنے کی استدعا کی، جس پر عدالت نے کہا کہ معاملہ دیکھ لیا جائے گا اور اس حوالے سے آرڈر جاری کیا جائے گا۔ عدالت نے کیس کی مزید سماعت ملتوی کر دی تھی۔

بقیہ 5 — دہشتگرد ہلاک

پر دہشت گردوں کے ٹھکانوں کے خلاف آپریشن کیا جس کے دوران 4 دہشت گرد ہلاک جبکہ متعدد زخمی ہو گئے سیکیورٹی فورسز نے آپریشن کے دوران دہشت گردوں کے متعدد کیمپ تباہ کر دیے۔ سیکیورٹی فورسز نے اتوار کی رات تونسدی میں فرنٹیئر کور (ایف سی) ہیڈکوارٹر پر ہونے والے مسلح حملے کو ناکام بنا دیا اور 3 حملہ آوروں کو ہلاک کر دیا۔ رپورٹ کے مطابق ایف سی جنوبی کے ترجمان کے مطابق دہشت گردوں کے ایک گروہ نے تونسدی ٹاؤن میں ایف سی ہیڈکوارٹرز کو نشانہ بنایا۔ ترجمان نے بتایا کہ ایک خودکش حملہ آور نے ہیڈکوارٹر کے مرکزی دروازے پر خود کو دھماکے سے اڑا لیا، اور دھماکے کے فوراً بعد کم از کم 6 مسلح دہشت گرد کیمپ میں داخل ہونے کی کوشش کرنے لگے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ایف سی کی کوئیک ریسپانس فورس نے فوری کارروائی کرتے ہوئے ایف سی قلعے میں داخل ہونے والے 3 دہشت گردوں کو ہلاک کر دیا۔ ذرائع کے مطابق قلعے کے اندر سے شدید فائرنگ اور متعدد دھماکوں کی آوازیں سنی گئیں، تاہم ایف سی ترجمان کے مطابق سیکیورٹی فورسز نے حملہ ناکام بنا دیا، ترجمان نے بتایا کہ قلعے کے اندر کلیئرنس آپریشن جاری ہے اور صورتحال کنٹرول میں ہے۔ دوسری جانب، کچھ ذرائع نے دعویٰ کیا ہے کہ آپریشن میں 6 دہشت گرد مارے گئے۔ ورین اثنا، دہشت گردوں نے شام کے وقت ضلع خنگور کے علاقے گرمکان میں ایف سی کی ایک چیک پوسٹ پر بھی حملہ کیا۔ رپورٹس کے مطابق سیکیورٹی فورسز اور حملہ آوروں کے درمیان شدید فائرنگ کا تبادلہ ہوا، جو رات گئے تک جاری رہا۔ حکام نے بتایا کہ فائرنگ کے تبادلے میں متعدد دہشت گرد ہلاک ہوئے۔ دونوں حملوں کی ذمہ داری کالعدم تنظیم بلوچستان لبریشن آرمی (بی ایل اے) نے قبول کرلی ہے۔

بقیہ 6 — پاکستان مصر

ترجیحی تعاون اور علاقائی امن و استحکام پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق آرمی چیف فیلڈ مارشل عاصم منیر سے مصر کے وزیر خارجہ ڈاکٹر بدر احمد محمد عبدالعاطی نے ملاقات کی۔ آئی ایس پی آر ملاقات میں برادر ممالک کے درمیان دوطرفہ تعلقات کا جائزہ لیا گیا، دفاعی و سیکیورٹی تعاون، عسکری سطح پر روابط، ترجیحی تعاون اور علاقائی امن و استحکام پر تبادلہ خیال کیا گیا اور دفاع اور وسیع تر اسٹریٹجک شعبوں میں ہم آہنگی اور دیرینہ تعلقات مزید مضبوط کرنے کے عزم کا اعادہ کیا گیا۔ مصری وزیر خارجہ نے اپنی قیادت کی جانب سے گرمجوشی پر مبنی نیک خواہشات بھی پہنچائیں، انہوں نے پاکستان کے ساتھ تمام شعبوں میں تعاون بڑھانے میں دلچسپی کا اظہار کیا، بدلتی علاقائی سیکورٹی صورتحال کے پیش نظر چیلنجز سے نمٹنے کے لیے اعلیٰ سطح کے تبادلوں کی اہمیت پر زور دیا گیا۔

بقیہ 7 — شہید عبدالصمد خان

پارٹی 2 دسمبر دوپہر 1 بجے ایوب اسٹیڈیم کوئٹہ میں خان شہید عبدالصمد خان اچکزئی کی شہادت کی 52 ویں برسی کے موقع پر ان کی بے مثال قومی و جمہوری خدمات کو خراج عقیدت پیش کرنے کیلئے ایک عظیم الشان جلسہ عام منعقد کر رہی ہے۔ اس بڑے عوامی اجتماع میں پارٹی اور تحریک تحفظ آئین پاکستان کے قائدین ملک کی موجودہ سیاسی و معاشی حالات کے تناظر میں خان شہید کے افکار، جدوجہد اور نظریات کی عملی اہمیت پر روشنی ڈالیں گے۔ بیان میں کہا گیا کہ موجودہ معروضی صورتحال ایک بار پھر یہ ثابت کر رہی ہے کہ خان شہید عبدالصمد خان کا سیاسی فلسفہ جس کی بنیاد حقیقی جمہوریت، آئین کی بالادستی، قانون کی حکمرانی، عوامی حاکمیت اور قومی برابری پر ہے۔ یہ وہ واحد راستہ ہے جس کے ذریعے ملک کو موجودہ سیاسی، معاشی اور ریاستی بحرانوں سے نکالا جا سکتا ہے۔ قوموں کے حقوق، وفاقی جمہوریت، پارلیمنٹ کی اتھارٹی، اور اداروں کی آئینی حدود کا تعین ملکی استحکام و ترقی کی بنیادی شرطیں ہیں۔ مرکزی سیکرٹریٹ کے بیان میں کہا گیا ہے کہ پارٹی اس تاریخی موقع پر تمام مکاتب فکر اور شعبہ ہائے زندگی سے وابستہ طبقات خصوصاً طلبہ، مزدور، وکلاء، ڈاکٹرز، صحافی، تاجر برادری، زمینداروں، اور ٹرانسپورٹ سے وابستہ افراد کو جلسہ عام میں بھرپور شرکت کی دعوت دیتی ہے تاکہ ایک اجتماعی قومی و جمہوری پیغام پوری دنیا تک پہنچایا جا سکے۔ بیان میں امید ظاہر کی گئی کہ عوام بڑی تعداد میں جلسے میں شریک ہو کر خان شہید کے عظیم مشن سے اپنی وابستگی اور ملک میں جمہوریت، آئین کی حکمرانی اور عوامی حقوق کی جدوجہد کو مزید آگے بڑھانے کا عزم ظاہر کریں گے۔

بقیہ 8 — ایاز صادق

بیان میں اسپیکر ایاز صادق نے کہا کہ گزشتہ روز اس ہاؤس کے ایک رکن نے ایسی بات کی، جس کا تذکرہ کرنا ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ پہلے اپوزیشن لابی میں یہ کہا گیا کہ ہم اسپیکر چیمبر تک جائیں گے، پھر کہا گیا کہ ہم پبلک کو استعمال کر کے قومی اسمبلی اور سینیٹ نہیں چلنے دیں گے۔

بقیہ 9 — ایل پی جی

فی کلو مہنگی کر دی گئی۔ نوٹیفکیشن کے مطابق ایل پی جی کا 11.8 کلو کا گھریلو سلنڈر 87 روپے 21 پیسے مہنگا ہو گیا۔ فی کلو ایل پی جی کی نئی قیمت 208 روپے 99 پیسے اور ایل پی جی کے گھریلو سلنڈر کی نئی قیمت 2466 روپے 10 پیسے مقرر ہوگئی ہے۔ اوگرا کے نوٹیفکیشن میں کہا گیا کہ ایل پی جی کی قیمتوں میں اضافے کا اطلاق فوری ہوگا۔

بقیہ 10 — عطا تارڑ

کیلئے ہوتی ہے۔ قومی اسمبلی میں اظہار خیال کرتے ہوئے وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطا تارڑ نے کہا کہ جیل کی ملاقات صرف قانونی مشاورت کے لیے ہوتی ہے، جیل کی ملاقات اس لیے نہیں ہوتی کہ اداروں کو بدنام کرو۔ وزیر اطلاعات عطا تارڑ نے کہا کہ جیل کی ملاقات اس لیے نہیں ہوتی کہ شہدا کی تضحیک کی جائے، غیر قانونی مطالبہ کریں گے تو وہ بھی پورا نہیں ہوگا، غیر قانونی ڈیمانڈ بھی پوری نہیں ہوگی۔ وفاقی وزیر اطلاعات نے کہا کہ پی ٹی آئی دور میں سیاسی مخالفین کو انتقام کا نشانہ بنایا گیا، بانی پی ٹی آئی دورہ امریکا میں کہتے رہے کہ میں جیلوں میں ان کے اے سی اتروا دوں گا۔

بقیہ 11 — خفیہ مذاکرات

ساتھ پاکستان اور افغانستان کے درمیان سرحد پار دہشت گردی پر پیدا ہونے والی کشیدگی کم کرنے کے لیے براہ راست مذاکرات کے ایک دور کا اہتمام کیا، تاہم اجلاس سے واقف دو ذرائع کے مطابق یہ بات چیت اتوار کی رات گئے بغیر کسی پیش رفت کے ختم ہو گئی۔ نجی ٹی وی کے مطابق ذرائع نے بتایا کہ بند کمرے میں ہونے والا یہ اجلاس ریاض میں اختتام پذیر ہوا جہاں دونوں فریق اپنے دیرینہ موقف پر قائم رہے اور سمجھوتے کے لیے زیادہ آمادگی نہ دکھائی۔

بقیہ 12 — قرارداد منظور

پیپلز پارٹی کے بانی ذوالفقار علی بھٹو کو قومی شہید قرار دینے کی قرارداد متفقہ طور پر منظور کر لی گئی، یہ قرارداد پیپلز پارٹی کے پارلیمانی لیڈر راحد کریم کنڈی نے ایوان میں پیش کی۔ قرارداد میں ذوالفقار علی بھٹو کی قومی، سیاسی اور جمہوری خدمات کو خراج تحسین پیش کیا گیا اور اس بات پر زور دیا گیا کہ وہ ایک مضبوط جمہوری اور عوامی پاکستان بنانے میں اپنا کردار ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔ قرارداد میں بھی مطالبہ کیا گیا کہ ذوالفقار علی بھٹو کو سرکاری سطح پر قومی شہید تسلیم کیا جائے، ایوان کے اراکین نے قرارداد پر بحث کے بعد متفقہ طور پر اس کی منظوری دی، جسے سیاسی حلقوں اور عوامی سطح پر بھی ایک اہم اقدام قرار دیا جا رہا ہے۔

بقیہ 13 — اعظم نذیر تارڑ

دیں کہ ہم بات کرنے کیلئے تیار ہیں۔ قومی اسمبلی میں خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر اعظم نذیر تارڑ نے کہا کہ پارلیمان کی عزت، تکریم اور حرمت سب کو عزیز ہے، کہا گیا کہ ہمیں دیوار کے ساتھ مت لگائیں، تاریخ بتاتی ہے کہ پی ٹی آئی کا اسمبلی چھوڑ کر جانے کا فیصلہ غلط تھا، یہ ثابت ہو گیا، اگر سیاسی فیصلے لیتے، ایوان کے اندر رہتے تو شاید معاملات یہاں تک نہ جاتے، پی ٹی آئی نے ہمیں خود چھوڑی، عوام کا خیر خواہ بننے کی بجائے اقتدار کو ترجیح دی۔ انہوں نے کہا کہ جو غلطیاں جس طرف سے ہوئیں تاریخ انہیں کبھی معاف نہیں کرتی۔ انہوں نے وزیراعظم کی بات کو دوہرایا کہ پاکستان رہے گا تو ہم سب رہیں گے اور بانی پی ٹی آئی بھی سیاست کرتے رہیں گے۔ انہوں نے کہا کہ ذوالفقار علی بھٹو کو پھانسی کے پھندے تک لے جایا گیا،

بقیہ 14 — کرغزستان صدر

وزیراعظم نے کرغز منصب کو ستمبر 2022 میں ایس سی او اجلاس کے موقع پر دورے کی دعوت دی تھی۔ کرغز صدر کے ہمراہ کرغز وزیر خارجہ جین بیک کلو بائیو بھی پاکستان آئیں گے، کرغز صدر کے ہمراہ ایک اعلیٰ سطح وفد بھی پاکستان پہنچے گا، وفد میں کرغزستان کے سینئر وزراء بھی شامل ہیں۔ سفارتی ذرائع نے کہا کہ کرغز وفد کے دورہ پاکستان سے متعلق کرغز ایڈوانس ٹیم پاکستان پہنچ چکی ہے

بقیہ 15 — شرائط پیش

تشکیل دے گا، میڈیا کی آزادی اور پیکا جیسے قوانین کو لازمی طور پر ختم کیا جائے۔ مطالبات میں کہا گیا کہ آزاد اور خود مختار الیکشن کمیشن کے تحت شفاف انتخابات کرائے جائیں۔

بقیہ 16 — خودکش حملہ

پولیس اہلکار شہید اور 5 زخمی ہوگئے۔ پولیس کے مطابق حملے کے فوری بعد پولیس کی بھاری نفری موقع پر پہنچی اور علاقے میں سرچ آپریشن شروع کر دیا۔

بقیہ 17 — بیرسٹر گوہر

میں اظہار خیال کرتے ہوئے کہا ہے کہ وہ عوام کے ووٹ سے واپس آئیں گے اور ترامیم کو واپس کریں گے۔ انہوں نے یقین دہانی کرائی کہ پی ٹی آئی پارلیمنٹ پر کبھی حملہ آور نہیں ہوگی، ہم اس ایوان اور جمہوریت کے لیے کام کرتے رہیں گے، جمہوریت میں اختلاف رائے ہوتا ہے۔ رہنما تحریک انصاف نے ارکان اسمبلی کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ آپ لوگوں نے ایک دوسرے کو چور کہا، ہمیں نہیں پتا تھا کہ آپ میں سے چور کون ہے، کیا آپ کو وزیراعلیٰ نیا کے وفد میں نہیں کہا تھا کہ تالیاں توڑ دیں گے؟ پارلیمنٹ کے وقار کو مجروح کرنے کی کبھی کوشش نہیں کی۔ اجلاس کے دوران اسپیکر قومی اسمبلی نے کہا کہ ان کی نظر میں محمود اچکزئی اپوزیشن لیڈر نہیں اس پر بیرسٹر گوہر نے موقف اختیار کیا کہ محمود اچکزئی اپوزیشن لیڈر کی حیثیت رکھتے ہیں۔ بیرسٹر گوہر نے کہا کہ ان کی محمود خان اچکزئی تو آپ لوگوں کے ساتھ 30 سال سے اکٹھے تھے، انہوں نے جنرل ضیا کی 8 ویں ترمیم کو بھی چیلنج کیا تھا، محمود خان اچکزئی کے والد نے جمہوریت کیلئے جان دی۔ رہنما تحریک انصاف نے کہا کہ محمود خان اچکزئی کو ہمارے ساتھ ڈیڑھ سال ہوا ہے، کیا یہ جمہوریت ہے جو آپ کیساتھ اتفاق کرے تو ٹھیک ورنہ غدار ہیں، آپ مہربانی کرکے حکومت کی سائیڈ نہ لیں۔

بقیہ 18 — پوری فائل

2 کرنے کی بات نہیں کی، میرا کلپ اے آئی کے ذریعے حکومت نے بنا کر سوشل میڈیا پر ڈالا۔ انسداد دہشت گردی عدالت کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے علیمہ خان نے سوال اٹھایا کہ سب سے زیادہ دوستی مودی سے کس کی تھی؟ بغیر ویزے کے مودی پاکستان کس کے پاس آیا تھا؟ انہوں نے کہا کہ انڈیا میں کیا میری مل لگی ہے؟ مودی سے کیا ہماری دوستی ہے۔ مودی بغیر ویزے کے پاکستان آسکتا ہے لیکن ہم اپنے بھائی کی بات نہیں کر سکتے۔ علیمہ خان نے کہا کہ انڈین میڈیا کے ذریعے ہمارے میڈیا نے بانی پی ٹی آئی کی خبر چلائی، ہمارا میڈیا بتائے وہ خود کیوں نہیں بانی پی ٹی آئی کی خبر چلاتے، نورین نیازی کا جو کلپ وائرل کیا گیا وہ اے آئی سے بنایا گیا ہے کیونکہ میری بہن ایسی باتیں نہیں کر سکتی، اے آئی سے ویڈیوز حکومت نے بنائی ہیں۔ عمران خان کی ہمشیرہ کا کہنا تھا کہ بانی پی ٹی آئی کے پاس نواز شریف کی منی لانڈرنگ کی پوری فائل ہے، نواز شریف نے نیو یارک بینک کے ذریعے منی لانڈرنگ کی۔ علیمہ خان نے انکشاف کیا کہ بانی پی ٹی آئی کے پاس پوری فائل ہے جس میں ان کے انڈیا پیسے بھیجنے کے ثبوت موجود ہیں، ہم نے خود وہ فائل دیکھی ہے جو 10 سال پہلے بانی کو دی گئی تھی۔

بقیہ 19 — رجسٹرڈ مریض

707 خواتین اور 90 خواجہ سرا بھی شامل ہیں۔ گزشتہ ایک سال کے دوران صوبے میں 452 اموات رپورٹ ہوئی ہیں۔ حکام نے بتایا کہ کیسز کی تعداد میں اضافہ دراصل نگرانی کے بہتر ہونے کی وجہ سے ہے۔ رجسٹرڈ مریضوں کی تعداد 2024 میں 2 ہزار 851 سے بڑھ کر 2025 میں 3 ہزار 303 ہوگئی، یعنی سالانہ 452 نئے کیسز سامنے آئے۔ یہ حوصلہ افزا بات ہے کہ زیادہ مریض ٹیسٹنگ اور رجسٹریشن کے لیے آگے آرہے ہیں۔

بقیہ 20 — بل منظور

طور پر بتایا جائے کہ اسے کیوں پکڑا گیا۔ انہوں نے کہا کہ اگر کوئی جیل میں ہو تو اسے گھر کا کھانا، دوائیاں دی جائیں، ان سب کے لیے پہلے اسے عدالت سے رجوع کرنا پڑتا ہے اور یہ عدالت کی صوابدید ہے۔ سینیٹر فاروق ایچ نائیک نے کہا کہ ملزم کو جرم ثابت ہونے سے پہلے بھی اس کے حقوق ہیں۔

بقیہ 21 — فیصل واوڈا

کوشش ہونی چاہیے خیبر پختونخوا کے وزیراعلیٰ اپنی ذمہ داریاں نبھائیں۔ انہوں نے کہا کہ میں خیبر پختونخوا کے وزیراعلیٰ سے کہوں گا وہ اپنی حکومت چلائیں۔ انہوں نے کہا کہ ہائی کورٹ کے آرڈر کے بعد ایک ایچ کی غلطی ہے ان کی نااہلی کا سبب بن سکتی ہے۔ سینیٹر فیصل واوڈا نے کہا کہ ہم نہیں چاہتے خیبر پختونخوا میں گورنر راج لگے، اگر آپ نے فتنہ گردی کرنی ہے تو پھر ہمارے پاس کوئی اور آپشن نہیں بچے گا۔ فیصل واوڈا نے کہا کہ ہماری خواہش ہے فیصل کریم کنڈی ہی خیبر پختونخوا میں رہیں، اگر کسی اور نام کا قرعہ نکلتا ہے تو وہ بھی پھر سیاسی نہیں ہو سکتا۔ فیصل کریم کنڈی کے نام پر ہمیں کوئی مسئلہ نہیں ہے۔ سینیٹر فیصل واوڈا نے کہا کہ اگر اب بھی انہیں بانی پی ٹی آئی سے ملاقات کی خواہش ہے تو دیوار سے ٹکریں مارتے رہیں، دیوار کو کچھ نہیں ہونا اور دیوار سے کچھ نہیں ملنا۔ فیصل واوڈا نے کہا کہ ایک ہی راستہ ہے کہ آپ سیاسی طور پر وزیراعظم اور صدر مملکت کے پاس جائیں، صدر آصف علی زرداری اور وزیراعظم شہباز شریف سے ملنے سے ان کا مسئلہ حل ہو جائے گا، ہر مسئلے کی چابی صدر آصف علی زرداری کے پاس ہوتی ہے۔ سینیٹر فیصل واوڈا نے کہا کہ نواز شریف کا بیان اور اسمبلی میں آنا بتاتا ہے کہ وہ حکومت کے ساتھ ہیں۔

بقیہ 22 — قاسم عرف حسن

طالبان کمانڈر ارمانی کے ساتھ ملاقات ہوئی جس نے جہاد کی طرف دعوت دی۔ دہشت گرد نے کہا کہ کمانڈر ارمانی نے مجھے فدائی کرنے کا کہا، کمانڈر ارمانی نے فوجی قلعہ پر فدائی کرنے کی غرض سے ریکی کرائی لیکن مناسب موقع نہ ملنے پر ہم فوجی قلعہ پر فدائی حملہ نہیں کر سکے۔ گرفتار دہشت گرد نے کہا کہ کمانڈر ارمانی کے مشورے پر تنظیم میں واپس چلا گیا، تنظیم میں کمانڈر ارمانی نے نئے لوگ تلاش کرنے کے لیے کہا، میں نے 5 بندے کمانڈر ارمانی کے حوالے کیے، فی بندہ مجھے 10 ہزار روپے ملے۔ گرفتار دہشت گرد نے کہا کہ ستمبر میں پنجاب چلا گیا جس کا مقصد لڑکوں کی تلاش کرنا تھا اور انہیں تنظیم میں شامل کرنا تھا۔ پنجاب میں کچھ دن گزارنے کے بعد مجھے پولیس نے گرفتار کرلیا۔

بقیہ 23 — سہیل آفریدی

گفتگو میں سہیل آفریدی نے کہا کہ بند کمروں کی پالیسیاں خیبر پختونخوا میں نافذ کرنے والوں کو احساس کرنا چاہیے۔ اس سے قبل ایک تقریب سے خطاب میں وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا نے کہا کہ وفاق کے ذمے ہمارے 3 ہزار ارب روپے سے زیادہ پیسے ہیں، ہمارے صوبے کے ساتھ امتیازی سلوک کیا جا رہا ہے۔ سہیل آفریدی نے کہا کہ خصوصی افراد کی فلاح و بہبود کیلئے آئندہ بھی مزید اقدامات کریں گے، ضم اضلاع میں خصوصی افراد کیلئے بھی بسوں کا بندوبست کیا جا رہا ہے، خصوصی افراد کیلئے ہم بسیں اور وہیل چیئرز دے رہے ہیں۔

بقیہ 24 — اکاؤنٹ ڈی فریز

یونیورسٹی کے اکاؤنٹ بھی ڈی فریز کرنے کا حکم دے دیا۔ پراسیکیوٹر ظہیر شاہ نے کہا کہ شوکت خانم ہسپتال کے اکاؤنٹ فریز کرنے کی کوئی تحریری درخواست دائر نہیں کی گئی۔ واضح رہے کہ راولپنڈی کی انسداد دہشت گردی عدالت نے پیش نہ ہونے پر علیمہ خان کا شناختی کارڈ اور پاسپورٹ ضبط کرنے کا حکم دیا تھا۔ انسداد دہشت گردی عدالت نے بانی پی ٹی آئی کی بہن علیمہ خان کے بینک اکاؤنٹ بھی فریز کرنے کے احکامات دیے تھے۔

بقیہ 25 — افسر برطرف

ایک ڈپٹی ڈائریکٹر، 2 اسسٹنٹ ڈائریکٹرز کو برطرف کر دیا گیا۔ فیصل آباد ایئرپورٹ کے ایک اسسٹنٹ ڈائریکٹر کو بھی یونان کشتی حادثہ 2023 میں غفلت کے الزامات ثابت ہونے پر برطرف کر دیا گیا، ملتان ایئرپورٹ پر تعینات ڈپٹی ڈائریکٹر کو انسانی اسمگلرز سے مبینہ روابط پر 3 سال کے لیے عہدے اور تنخواہ میں تنزلی کی سزا دی گئی۔ تفتیش پر 2 سینئر انویسٹی گیٹرز کو بھی غفلت اور لاپروائی پر ایک اسسٹنٹ ڈائریکٹر ایڈمنسٹریٹر کو بھی ملازمت سے فارغ کر دیے گئے۔

بقیہ 26 — شیخ حسینہ واجد

بنگلادیشی میڈیا کے مطابق شیخ حسینہ کی بہن کو 7 سال قید کی سزا کا حکم دیا گیا ہے، اس کے علاوہ شیخ حسینہ کی بھانجی اور برطانوی رکن پارلیمنٹ ٹیولپ صدیق کو 2 سال قید کی سزا سنائی گئی ہے۔ بنگلادیشی میڈیا کے مطابق بدعنوانی کے مقدمے میں نامزد دیگر ملزمان کو 5،5 سال قید کی سزا سنائی گئی، ملزمان پر اثر و رسوخ کے ذریعے ڈھاکا کے ڈپلومیٹ ایریا میں پلاٹ لینے کا الزام تھا۔ اس سے قبل شیخ حسینہ کو دو مختلف مقدمات میں سزائے موت اور 21 سال قید کی سزا بھی سنائی جا چکی ہے۔ دوسری جانب 2009 میں بنگلادیش میں بغاوت سے متعلق تحقیقاتی کمیشن کی رپورٹ سامنے آگئی۔ تحقیقاتی کمیشن کے مطابق سابق وزیراعظم شیخ حسینہ نے 2009 کی بغاوت میں فوجی افسران کے قتل کا حکم دیا، بغاوت میں درجنوں اعلیٰ فوجی افسران سمیت 74 افراد ہلاک ہوئے تھے۔

بقیہ 27 — گاڑیاں ضبط

چیف کلکٹر آف کسٹمز (انفورسمنٹ) اسلام آباد کی ہدایت پر شروع کیے گئے وسیع کریک ڈاؤن کے سلسلے میں پہلی کارروائی کے دوران انفورسمنٹ کسٹمز کوئٹہ نے بارہ کروڑ میں لاکھ روپے مالیت کی 19 نان کسٹم پیڈ گاڑیاں قبضے میں لے لیں۔ ضبط کی گئی گاڑیوں میں ٹویوٹا لینڈ کروزر، کرولا، پراڈو، پریس، فیلڈر، کران، مارک ایکس، پریمیو، اکیوا، وٹز، بیواکس، میرا اور آلٹو جیسے قیمتی ماڈلز شامل ہیں۔ تمام گاڑیوں کو کسٹمز ایکٹ 1969 کے تحت قانونی کارروائی کے لیے قبضہ میں لے لیا گیا ہے۔ خفیہ اطلاع کی بنیاد پر 28 نومبر 2025 کو کی جانے والی ایک اور کارروائی میں کسٹمز انفورسمنٹ کوئٹہ کے موبائل اسکواڈ نے ایف سی 74 ونگ کے ہمراہ کوئٹہ شہر میں ایک گودام پر چھاپہ مار کر مزید 9 این سی پی گاڑیاں قبضے میں لے لیں جن کی مالیت پندرہ کروڑ روپے ہے۔ ان میں 2 ٹویوٹا لینڈ کروزر، 2 کران ہائبرڈ کاریں، 1 ٹویوٹا لینڈ کروزر پراڈو، 2 ٹویوٹا پراکس کاریں، 1 سوزوکی آلٹو اور 1 سوزوکی ہیوی بائیک شامل ہیں۔ ایف بی آر نے انفورسمنٹ کوئٹہ کی ٹیموں کو ان کی موثر کوآرڈینیشن، کڑی نگرانی اور آپریشنل بہترین کارکردگی پر سراہا ہے۔ یہ اقدامات اسمگلنگ کی روک تھام، قومی محصولات کے تحفظ اور پاکستان بھر میں قانونی تجارتی طریقوں پر عمل درآمد کو یقینی بنانے کے لیے ایف بی آر کے غیر متزلزل عزم کی عکاسی کرتے ہیں۔

بقیہ 28 — تاجکستان

سوویت جمہوریہ ہے اور طالبان حکام کے ساتھ کشیدہ تعلقات رکھتا ہے۔ تاجک حکام، جنہوں نے پہلے بھی دور دراز سرحدی علاقوں میں منشیات اسمگل کرنے والوں اور سونے کی غیر قانونی کان کنی کرنے والوں کی نشاندہی کی تھی، کا کہنا تھا کہ افغانستان سے کیے گئے گزشتہ ہفتے ایک ڈرون حملے میں 3 چینی شہری ہلاک ہوگئے۔ تاجک صدر امام علی رحمٰن کی پریس سروس نے کہا کہ امام علی رحمٰن نے صورتحال پر تبادلہ خیال اور سرحدی سلامتی کو مضبوط کرنے کے طریقوں پر غور کے لیے سیکیورٹی ایجنسیوں کے سربراہوں سے ملاقات کی۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ صدر امام علی رحمٰن نے افغان شہریوں کے غیر قانونی اور اشتعال انگیز اقدامات کی سخت مذمت کی اور مسئلے کے حل اور دوبارہ ایسے واقعات کو روکنے کے لیے مؤثر اقدامات کرنے کا حکم دیا۔ افغان حکام کی جانب سے تاجک بیان پر فوری ردعمل موصول نہیں ہوا۔

بقیہ 29 — سلمان اکرم راجا

بانی پی ٹی آئی کا پیغام ٹھیک طرح سے نہ پہنچانے کا الزام لگایا جس پر سلمان اکرم راجا نے ان الزامات کو جھوٹ قرار دے دیا۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ سلمان اکرم راجا نے کہا کہ جن افراد کی ملاقات یا پیغام لانے کی ذمہ داری ہے وہ درست پیغام پہنچاتے ہیں، ملاقات محدود ہوتی ہیں، ہمیں مجبوراً ان افراد کی بات پر اعتماد کرنا ہوتا ہے۔ جس کے بعد مشال یوسفزئی نے سلمان اکرم راجا سے سخت جملوں کے تبادلے پر موقف دینے سے گریز کیا۔ مشال یوسف زئی نے کہا کہ میں اس معاملے پر کوئی بات نہیں کرنا چاہتی۔ اس سے قبل بھی مشال یوسف زئی اور سلمان اکرم راجا کے درمیان اختلافات سامنے آچکے ہیں۔

بقیہ 30 — افغان باشندے

کا یہ بیان اس وقت سامنے آیا ہے، جب وائٹ ہاؤس کے قریب افغان شہری کی فائرنگ سے 2 نیشنل گارڈ فوجیوں کی ہلاکت کے بعد امریکی انتظامیہ نے غیر معینہ مدت کے لیے افغان شہریوں کی تمام امیگریشن درخواستوں کی پراسیسنگ اچانک روک دی۔ میڈیا کے ساتھ شیئر کیے گئے بیان میں کہا گیا ہے کہ ہم امریکی اتحادی اور شراکت دار جو حملہ شدہ ون، ٹی ڈبلیو کیسز رکھتے ہیں، اپنی گہری تشویش اور فوری مدد کی اپیل کا اظہار کرتے ہیں، ہمارے کیسز مکمل طور پر پروسیس ہو چکے تھے اور ہم اپنی پرواز کی تاریخوں کے منتظر تھے کہ 20 جنوری 2025 کو پروگرام کسی بھی وضاحت کے بغیر معطل کر دیا گیا۔ بیان میں مزید کہا گیا کہ گزشتہ 3 سال سے ہم پاکستان میں انتہائی مشکلات اور مسلسل خوف کے ماحول میں رہ رہے ہیں، بیان میں واشنگٹن حملے کی مذمت بھی کی گئی ہے۔

بقیہ 31 — دوستی کا ثبوت

لوگوں کو بلوچستان پر مسلط کیا گیا اس کے نتائج آج سب کے سامنے ہیں بدامنی، بے روزگاری، کرپشن تعلیم کے حصول کے دروازے طلباء پر بند کرنے سمیت دیگر مسائل فارم 47 کے حکمرانوں کے تحفے ہیں جنہوں نے اہل بلوچستان کو اذیت میں مبتلا کر دیا بیان میں کہا گیا ہے کہ بلوچستان نیشنل پارٹی قائد سردار اختر جان مینگل کی قیادت میں عوام کو ان کے بنیادی حقوق دلانے، لاپتہ افراد کی بازیابی سمیت تمام مسائل کے حل کی جدوجہد کر رہی ہے موجودہ نام نہاد غیر سیاسی لوگوں کے دور میں جس طرح بلوچستانی عوام پر روزگار کے دروازے بند کرنے کے ساتھ ساتھ ان کے کئی مسائل میں الجھا دیا گیا ہے تاکہ عوام کی توجہ حقیقی مسائل کی جانب راغب نہ ہو بیان میں اہل بلوچستان سے اپیل کی گئی کہ وہ رواں ماہ ہونے والے کوئٹہ کے بلدیاتی انتخابات میں پارٹی امیدواروں کو کامیاب کر کے قوم وطن دوستی کا ثبوت دیں۔

بقیہ 32 — روڈ پر چلنا محال

نام دے رہی ہے جو سالوں میں مکمل نہیں ہوتے تعمیراتی کام میں سست روی کے باعث عوام ذہنی کوفت کا شکار ہو رہے ہیں گوالمنڈی چوک سیورج نالے کی تعمیر میں سست روی سے ٹریفک جام اور گھنٹوں انتظار کی زحمت سے عوام دو چار ہیں انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ کام میں سست روی کا نوٹس لیں تعمیراتی منصوبوں کی تکمیل میں تاخیر سے ہزاروں دکانداروں اور تاجروں کا بھی کاروبار بری طرح متاثر ہو رہا ہے سیوریج کے پانی میں سڑکیں ڈوبی ہوئی ہیں ترین روڈ، عبدالقدوس روڈ گوالمنڈی چوک سے تارو چوک تک میں روڈ کو چار ماہ سے کھنڈرات میں تبدیل کر دیا گیا ہے جس کی وجہ سے روڈ پر چلنا محال ہو گیا ہے۔

بقیہ 33 — مزید آزمائش

فراہم کی جائیں۔ بیان میں شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا گیا ہے کہ ننانی بابا سے زیارت روڈ غیر ضروری تاخیر کا شکار ہونے کے باعث عوام کو شدید مشکلات کا سامنا ہے یہ شاہراہ نہ صرف زیارت بلکہ سنجاوی، ضلع دکی اور لورالائی کے شہریوں کیلئے آمد و رفت کا اہم ذریعہ ہے۔ افسوسناک طور پر اس سڑک کی حالت اب کھنڈرات جیسی ہو گئی ہے اور برفباری کے دوران یہاں پیدل چلنا بھی ممکن نہیں ہوگا۔ مزید برآں، یہ سڑک صوبائی دارالخلافہ تک مریضوں کی بروقت رسائی کے لئے بھی استعمال ہوتی ہے، لیکن متعلقہ اداروں کی غیر سنجیدہ رویے نے اس اہم شاہراہ کی اہمیت کو نظرانداز کر دیا ہے، جو ایک سنگین انسانی مسئلہ ہے علاقے کی دیگر اہم شاہراہیں بھی اسی طرح زوال پذیر حالت میں ہیں، جس سے عوام کو نقل و حرکت میں شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ بیان میں کہا گیا کہ گیس اور بجلی کے بنیادی مسائل کے بعد اب سڑکیں عوام کے لئے مزید آزمائش بن گئی ہیں۔

بقیہ 34 — حقیقی سہارا بنے

کے الیکشن کمیٹی کے چیئرمین و مشیر وزیراعلیٰ نسیم الرحمان ملاخیل، رکن اسمبلی شیخ زرک خان مندوخیل، حیدر خان اچکزئی، ضلع کوئٹہ کے صدر سحر گل خلجی، میر یونس بلوچ، میر نور اللہ لہڑی، ملک مصلح الدین مینگل، انور نسیم کاسی، چوہدری شبیر، فتح جمالی، شاکر محمد حسنی، ارباب اقبال کاسی سمیت دیگر رہنماؤں نے شرکت کی جمال شاہ کاکڑ نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) کے ورکرز نے ہمیشہ پارٹی کا پرچم بلند رکھا اور کوئٹہ کے شہریوں کی نظریں آج بھی مسلم لیگ (ن) پر مرکوز ہیں انہوں نے کہا کہ پارٹی ٹکٹ کے حصول کیلئے بڑی تعداد میں درخواستیں موصول ہوئیں، جو عوام کے اعتماد کی علامت ہے انہوں نے کہا کہ کچھ لوگ صرف اچھے حالات میں سرگرم ہوتے ہیں وہ بھی حقیقی قیادت کے خلاف پروپیگنڈہ کرنے کیلئے جبکہ مشکل وقت میں ورکر ہی قیادت کا حقیقی سہارا بنتے ہیں

بقیہ 35 — حالات مزید خراب

کیا جاتا رہا، خدمت نہیں کی گئی گندگی، ٹوٹی سڑکیں، پانی و گیس کا بحران، بجلی کی لوڈ شیڈنگ، بلدیاتی اداروں کی نااہلی اور انتظامی بے حسی نے شہر کو تباہی کے دہانے پر پہنچا دیا ہے انہوں نے واضح کیا کہ کوئٹہ کے مسائل کے حل کیلئے جمعیت علماء اسلام کے امیدواروں کی کامیابی ناگزیر ہے، کیونکہ اس وقت شہر کو نعروں یا کاغذی وعدوں کی نہیں بلکہ ذمہ داری، دیانت اور عملی کارکردگی والی قیادت کی ضرورت ہے انہوں نے کہا کہ جو لوگ برسوں سے شہر کو خراب کرتے آئے، اب وہی اصلاح کے دعوے کر رہے ہیں، جبکہ حقیقت یہ ہے کہ انہیں عوام کے دکھ، تکلیف یا مسائل سے کوئی سروکار نہیں۔ انہوں نے کارکنوں اور شہریوں سے اپیل کی کہ آنے والے بلدیاتی انتخابات میں صرف وہی قیادت چنی جائے جو کوئٹہ کے ہر محلے، ہر گلی، اور ہر گھر کے مسئلے کو اپنا مسئلہ سمجھتی ہے کوئٹہ کو بچانے اور بدلنے کا واحد راستہ جمعیت علماء اسلام کے امیدواروں کی کامیابی ہے، اس کے بغیر حالات مزید خراب ہوں گے۔

بقیہ 36 — رہنمائی فراہم

سے دستبردار ہوئے پسماندہ علاقے میں تعلیم جیسے زیور سے وہاں کے عوام کو آراستہ کیا انہوں نے کہا کہ عزیز ماما نے اپنی پوری زندگی جہد مسلسل قومی خدمت اور فکری استقامت کے ساتھ گزاری عزیز ماما کی شخصیت بیک وقت کئی اوصاف کا حسین مجموعہ تھی زمانہ طالب علمی سے ہی وہ فخر باچا خان کے پیروکار رہے اور پشتون سٹوڈنٹس فیڈریشن کے پلیٹ فارم سے عملی سیاست کا آغاز کیا جہاں انہوں نے نہ صرف قومی سیاسی جدوجہد کو اپنی ترجیح بلکہ اپنی نصابی سرگرمیوں کو بھی بھرپور انداز میں جاری رکھا نوجوانوں کی سیاسی و نظریاتی تربیت کے ساتھ ساتھ وہ انہیں عصر حاضر کے تقاضوں کے مطابق تعلیمی و فکری رہنمائی فراہم کرتے رہے

بقیہ 37 — عوام میں گھری

لنک کے ذریعے خصوصی خطاب کیا، جس میں انہوں نے پارٹی کی 58 سالہ جدوجہد، جمہوری تسلسل اور عوامی خدمت کے عزم کو اجاگر کیا اس موقع پر صوبائی وزیر زراعت اور ترجمان آصف علی زرداری برائے بلوچستان، میر علی حسن زہری نے بھی بھرپور اور ولولہ انگیز خطاب کیا انہوں نے پارٹی کے نظریے، عوامی خدمت کے مشن، اور بلوچستان میں جاری ترقیاتی منصوبوں پر روشنی ڈالی۔ ان کا کہنا تھا کہ حب اور گرد و نواح کے عوام نے ثابت کر دیا کہ پیپلز پارٹی کی جڑیں عوام میں گہری ہیں

بقیہ 38 — لیے نئے منصوبے

ری کیں انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں پانی کا بحران سنگین صورت اختیار کرتا جا رہا ہے، جسے جدید منصوبہ بندی، شفاف اقدامات اور ہنگامی بنیادوں پر کام کر کے حل کیا جائے گا۔ سردار عبدالرحمان کھیتران نے کہا کہ موسمیاتی تبدیلی نے پورے صوبے، خاص طور پر دیہی علاقوں کو شدید متاثر کیا ہے، اس لئے حکومت پانی کے ذخائر، سپلائی لائنوں کی بہتری اور متبادل ذرائع کے لیے نئے منصوبے شروع کر رہی ہے

بقیہ 39 — نمٹائے جاتے

ی و نجی اداروں میں قانون پر عملدرآمد کو مضبوط بنانے پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ بلال خان کاکڑ نے کہا کہ بلوچستان میں سرمایہ کاری کے فروغ، معاشی سرگرمیوں کے استحکام اور خواتین کی ورک فورس میں زیادہ شمولیت کے لیے محفوظ، باوقار اور ہراسگی سے پاک ماحول ناگزیر ہے۔ انہوں نے یقین دہانی کرائی کہ بی پی او اپنی پی او کی کاوشوں کو ہر ممکن تعاون فراہم کرے گا، جس میں آگاہی سیشنز، تربیتی ورکشاپس اور کاروباری اداروں کے ساتھ روابط شامل ہیں۔ محترمہ فوزیہ وقار نے ادارے کے وسعت پذیر مینڈیٹ پر بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ نیا ریجنل آفس کوئٹہ شہریوں کو فوری انصاف اور معاونت کی فراہمی میں اہم سنگ میل ثابت ہوگا کیونکہ پہلے بلوچستان کے زیادہ تر کیسز اسلام آباد میں نمٹائے جاتے تھے۔

بقیہ 40 — ریشنل کونسل

کی ذمہ داری سنبھالے ہوئے ہیں اور وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کے وژن کے مطابق محکمہ یوتھ کو شفافیت، میرٹ اور جدید تقاضوں کے مطابق ترقی کی راہ پر گامزن کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے مزید کہا، محکمے کو کئی چیلنجز کا سامنا ہے، مگر میں واضح کرنا چاہتی ہوں کہ میں نہ خوفزدہ ہوں اور نہ مایوس۔ میں بلوچستان کے نوجوانوں کے حقوق کیلئے جدوجہد کر رہی ہوں اور ان کا حق ہر صورت دلاؤں گی۔ تقریب کی نظامت عبدالستار، پروگرام مینجر سحر نے انجام دی، جنہوں نے مہمانوں کا تعارف اور پروگرام کے مقاصد نہایت خوبصورتی سے پیش کیے اور سیشن کو منظم و موثر انداز میں آگے بڑھایا۔

بقیہ 41 — علاقوں کی ترقی

ئی جا رہے کے حقیقی امین تھے۔ انہوں نے ہمیشہ بردباری، وقار اور اعلیٰ اخلاق کو سیاست کا بنیادی حصہ بنایا اور صوبوں کے درمیان ہم آہنگی کیلئے مسلسل جدوجہد کی۔ انہوں نے کہا کہ میر ظفر اللہ خان جمالی کی شخصیت پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ وہ دیندار، اصول پسند اور عشق رسول ﷺ کے سچے پیروکار تھے۔ پروفیسر حبیب اللہ گلشنی کے مطابق میر ظفر اللہ خان جمالی نے ختم نبوت بل کے معاملے پر اسمبلی کی تیور یاد کر کر ثابت کیا کہ وہ اصولوں پر سمجھوتہ نہ کرنے والے سیاسی رہنما تھے۔ میر عمر خان جمالی نے مزید کہا کہ میر ظفر اللہ خان جمالی نے بلوچستان کو قومی دھارے سے جوڑنے، وفاق اور صوبے کے درمیان مضبوط رابطہ پیدا کرنے اور پسماندہ علاقوں کی ترقی کے لئے اہم کردار ادا کیا۔

بقیہ 42 — ایسے پروگرام

و صدر اپرکا جیل خانہ جات غلام نبی محمد حسنی سمیت دیگر بھی موجود تھے آئی جی جیل خانہ جات عبدالسعید نوید نے کہا کہ پولیس کی طرز پر جیل کے ملازمین کے لئے ویلفیئر فنڈ کیلئے کوشاں ہیں مشکلات کو عبور کر کے اس میں ضرور کامیاب ہوں گے پنجاب کی طرز پر ملازمین کی تنخواہیں بڑھانا بھی میرے مشن میں شامل ہے۔ تقریب سے اے آئی جی ایڈمن شکیل بلوچ نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ آئی جی جیل خانہ جات یونٹ کے جو روایات قائم کی وہ قابل تعریف ہیں اس اقدام کو سراہتے ہیں اور آئندہ بھی ایسے پروگرام ترتیب دیں گے

بقیہ 43 — وفاقی ادارہ شماریات

پی بی ایس کی جانب سے شائع کردہ رپورٹ کے مطابق مجموعی مہنگائی اکتوبر کے مقابلے میں معمولی کم رہی اور سالانہ بنیاد پر 6.1 فیصد تک پہنچ گئی۔ جبکہ ماہانہ بنیاد پر نومبر میں مہنگائی 0.4 فیصد رہی، جو اکتوبر میں 1.8 فیصد کے اضافے کے مقابلے میں کم ہے۔ رپورٹ کے مطابق "نومبر 2025 میں سالانہ بنیاد پر ایس پی آئی مہنگائی میں 4.2 فیصد اضافہ ہوا، جبکہ اس سے ایک ماہ قبل یہ اضافہ 4.8 فیصد تھا اور نومبر 2024 میں 7.3 فیصد ریکارڈ کیا گیا تھا۔" "ماہانہ بنیاد پر نومبر 2025 میں یہ 0.4 فیصد بڑھی، جبکہ ایک ماہ قبل یہ 0.9 فیصد اور نومبر 2024 میں 1 فیصد بڑھی تھی۔" اگر چہ گزشتہ سال اسی عرصے میں مہنگائی تقریباً 30 فیصد کے قریب تھی، لیکن عارضی سپلائی مشکلات اور پہلے آنے والے سیلاب سے ہونے والے نقصانات کی وجہ سے خوراک کی قیمتیں اب بھی غیر یقینی کا شکار ہیں۔ گزشتہ ہفتے وزارت خزانہ نے کہا تھا

بقیہ 44 — فائدہ پہنچا رہی

میں ایسے لوگ لگائے جائیں جن کا متعلقہ شعبے میں وسیع تجربہ ہو ایف بی آر نے محصولات کی مد میں ہزاروں ارب روپے اکٹھے کرنے ہیں تو ایسے افسران اور اہلکار لگائے جائیں جنہوں نے کم از کم چار پانچ سال محصولات وصولی کا کام کیا ہو۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا کہ ہر حکومت کلین انرجی اپنانے کی ترغیب دیتی ہے حکومت کہتی ہے سولر انرجی پر جائیں لیکن جو سولر انرجی پر جا رہے ہیں حکومت انکی حوصلہ شکنی کرتی ہے ایسا رویہ اپنا کر حکومت پیسے ہوئے صارفین کو فائدہ پہنچانے اور انہیں ریلیف دینے کی بجائے آئی پی پیز مالکان کو فائدہ پہنچا رہی ہوتی ہے

بقیہ 45 — مثبت تبدیلیاں

ہوئے انہوں نے کہا کہ چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کی متحرک، عوام دوست اور مستقبل کے تقاضوں سے ہم آہنگ قیادت نے پیپلز پارٹی کو ایک بار پھر عوام کی امیدوں کا مرکز بنا دیا ہے انہوں نے کہا کہ یوم تاسیس کے پروگراموں میں عوام کی بڑی تعداد میں شرکت ظاہر کرتی ہے کہ پیپلز پارٹی آج بھی ملک کی سب سے منظم، فعال اور نظریاتی سیاسی جماعت ہے۔ سردار زادہ فیصل خان جمالی نے کہا کہ پیپلز پارٹی نے ہمیشہ جمہوریت کے فروغ، آئین کی پاسداری، عوامی حقوق کے تحفظ اور ملک کی تعمیر و ترقی کو اپنی جدوجہد کا محور بنایا ہے۔ انہوں نے کہا کہ عوامی بھروسہ، کارکنان کا جذبہ اور شہید بھٹو خاندان کی قربانیاں پارٹی کی اصل طاقت ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان سمیت پورے ملک میں فلاحی منصوبے جاری ہیں جبکہ صوبے میں لائیو اسٹاک کے شعبے کی بہتری، دیہی ترقی اور روزگار کے نئے مواقع پیدا کرنے کے لیے متعدد اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ پیپلز پارٹی ہمیشہ کی طرح مستقبل میں بھی عوام کی خدمت کے ایجنڈے پر ثابت قدم رہے گی۔ انہوں نے اس عزم کا بھی اظہار کیا کہ پارٹی قیادت بلوچستان کے عوام کو مزید ترقیاتی منصوبے فراہم کرنے کیلئے سنجیدہ ہے اور آنے والے دنوں میں عوام کو مثبت تبدیلیاں نظر آئیں گی۔

بقیہ 46 — کردار ادا کرتی

حمد کھوسہ نے کہا کہ آر ایچ سی جھنڈا تالاب کی عمارت پر کام تکمیل کی جانب بڑھ رہا ہے، جس سے علاقے کے عوام کو معیاری اور بروقت صحت کی سہولیات میسر آئیں گی۔ صحت کا شعبہ حکومت کے اصلاحاتی ایجنڈے کا اہم حصہ ہے اور ضلع صحت پور کے دیہی علاقوں کو بھی اس سہولت کا براہ راست فائدہ پہنچے گا انہوں نے مزید بتایا کہ چتن پٹی تا جہانی روڈ کے شولڈر کا کام تیزی سے جاری ہے، جس سے نہ صرف ٹریفک کے دباؤ میں بہتری آئے گی بلکہ مقامی آبادی کی آمد و رفت میں درپیش طویل مسائل کا خاتمہ بھی ہوگا۔ بہتر سڑکیں معاشی سرگرمیاں فروغ دیتی ہیں اور علاقے کی معاشی ترقی میں بنیادی کردار ادا کرتی ہیں

بقیہ 47 — آزادانہ فیصلوں

دمیں نے کرکل کرا لگاتے تو حالات اس نہج پر نہ پہنچتے کہ آج زمینداروں کا بیڑہ غرق ہو رہا ہے افغانستان اور پاکستان کے مابین بہتر تعلقات وتجارت پورے خطے کیلئے اہم ہے مذاکرات کی تعطلی سے تجارت معیشت واقتصاد اور سفارتی تعلقات پر اثر انداز ہوئی پاک افغان مسئلہ پیچیدہ نہیں تھا کہ جسے حکمرانوں نے بنایا بدقسمتی سے ملکی حالات پر غیر سنجیدہ فیصلوں نے اسے ناقابل تلافی نقصان پہنچایا ہے ناعاقبت اندیشی سے ملک کو امن ومعاش، بحران اور مسائل کا سامنا ہے انہوں نے کہا کہ امن اور مضبوط معیشت واقتصادی ترقی کا دارو مدار خود مختار پالیسیوں اور پارلیمنٹ کے آزادانہ فیصلوں پر ہے۔

بقیہ 48 — کردار ادا کر رہا

کر یکوڈک منصوبہ سے 37 سالوں میں 74 ارب ڈالر کی آمدنی متوقع ہے۔ ریکوڈک منصوبہ شفاف ٹریس ایبلٹی اور ریفائننگ کی صلاحیت کی بدولت سونے کی سپلائی چین کو مستحکم بنائے گا جبکہ گولڈ اینڈ جیم اسٹون اتھارٹی کے قیام سے ڈیجیٹل ٹریک اینڈ ٹریس اور گولڈ بینکنگ سسٹم کا آغاز غیر دستاویزی تجارت میں کمی کا باعث بن سکتا ہے۔ مزید برآں ایس آئی ایف سی اور سی پی کے موثر اقدامات سے ریفائننگ اور زیورات کی صنعت میں فروغ اور مارکیٹ کی شفافیت میں اضافہ ممکن ہو گا ریکوڈک منصوبہ بلوچستان میں ہزاروں ملازمتیں اور نئے کاروباری مواقع فراہم کرے گا۔ ایس آئی ایف سی پاکستان میں کان کنی کے مختلف شعبہ جات میں ترقی کیلئے اپنا انقلابی کردار ادا کر رہا ہے۔

بقیہ 49 — حلقے کے عوام

حلقہ پی بی 36 میں فی الفور الیکشن کرانے کا مطالبہ کیا اور فیصلہ کیا گیا کہ بی اے پی کا اعلیٰ سطح وفد چیف الیکشن کمیشن کمشنر سے ملاقات کر یگا بلوچستان عوامی پارٹی کے قلات کے حلقہ 36 میں الیکشن کرانے سے متعلق قومی اسمبلی، سینیٹ اور بلوچستان اسمبلی میں آواز اٹھانے کا فیصلہ کیا اور کہا کہ ڈیڑھ سال سے قلات کے حلقہ 36 اپنے نمائندے سے محروم ہے، الیکشن کمیشن جلد سے جلد الیکشن کرا کے حلقے کے عوام کو نمائندگی دے۔

بقیہ 50 — میں لایا جائے گا

حکام کے مطابق ملزم کے خلاف مقدمہ درج کیا جا رہا ہے اور قتل کے محرکات کو مختلف پہلوؤں سے دیکھا جا رہا ہے۔ انہوں نے یقین دلایا کہ انصاف کے تمام تقاضے پورے کیے جائیں گے اور ملزم کو قانون کے کٹہرے میں لایا جائے گا۔

بقیہ 51 — جمالی اور دیگر

کہا کہ ہم پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو صدر آصف علی زرداری اور ادی فریال تالپور کے ہر حکم پر لبیک کہیں گے جو حکم ملا اسے فالو کیا جائے گا پاکستان پیپلز پارٹی عوام کے دلوں کی دھڑکن ہے 58 ویں یوم تاسیس ملک بھر کی طرح بلوچستان کے جیالوں نے جوش جذبے سے منایا جس پر انہیں مبارک باد پیش کرتا ہوں انہوں نے کہا کہ میری صحت ٹھیک ہوتی تو میں خود بھی موجود ہوتا انہوں نے آئے ہوئے تمام دوستوں کا شکریہ ادا کیا کہ عیادت کرنے آئے یہ آپ سب کی محبت ہے اس موقع پر میر عبدالستار خان عمرانی، منیر خان عمرانی، صبور خان عمرانی، عبدالستار لانگ، ارشاد جمالی اور دیگر بھی موجود تھے۔

بقیہ 52 — تک اپنی کوششیں

ہی مہمات کے بغیر یہ ہدف حاصل نہیں کیا جا سکتا انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ وہ ایڈز سے متعلق غلط فہمیوں کو ختم کریں، مستند معلومات حاصل کریں اور احتیاطی اقدامات اختیار کریں بخت محمد کاکڑ نے کہا کہ صوبائی حکومت، بلوچستان ایڈز کنٹرول پروگرام کے ذریعے متاثرہ افراد کو مفت علاج، مشاورت اور ٹیسٹنگ کی سہولیات فراہم کر رہی ہے، جبکہ ہائی رسک گروپس تک رسائی بڑھا رہی ہے، نوجوانوں اور کمیونٹیز میں آگاہی پھیلانے کیلئے جامع اقدامات جاری ہیں انہوں نے کہا کہ ایڈز سے ڈرنے کی نہیں، سمجھنے اور بروقت تشخیص کے ذریعے اس کا مقابلہ کرنے کی ضرورت ہے اگر ہم اجتماعی کوشش کریں تو ہم ایچ آئی وی کے پھیلاؤ کو روک سکتے ہیں اور ایک صحت مند معاشرہ تشکیل دے سکتے ہیں۔ وزیر صحت نے اس عزم کا اظہار کیا کہ محکمہ صحت ایڈز کے خاتمے کے عالمی اہداف کے حصول تک اپنی کوششیں جاری رکھے گا۔

بقیہ 53 — شیری رحمان

معیشت پر اثر انداز ہو رہی ہے، آبادی پر کنٹرول کے بغیر معاشی ترقی ممکن نہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں پانی ذخیرہ کے لیے کوئی بڑا ڈیم بھی نہیں بنایا گیا، آبادی سے واٹر سیکیورٹی اور فوڈ سیکیورٹی جڑی ہے، پاکستان میں بچوں کی بڑی تعداد غذائی قلت کا شکار ہے، بڑھتی آبادی جاب مارکیٹ پر اثر انداز ہو رہی ہے، نئے گریجویٹس کے لیے نوکریاں نہیں مل رہیں۔ شیری رحمان نے کہا کہ ملک میں پاپولیشن فنڈ میں مزید فنڈز فراہم کیے جانے چاہئیں۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ ملک میں لیڈی ہیلتھ ورکرز کو مزید مؤثر بنایا جائے، لیڈی ہیلتھ ورکرز ملک میں آبادی کنٹرول میں اہم کردار ادا کر سکتی ہیں۔

بقیہ 54 — عوام کے مینڈیٹ

متفقہ آئین کا چہرہ مسخ کر کے مخصوص شخصیات کو اشتثنیٰ دیا جائے۔ ان کا کہنا تھا کہ پارلیمنٹ اس وقت ربڑ اسٹیمپ بن چکی ہے اور بیشتر سیاستدان صرف انگوٹھا لگانے کے کردار تک محدود ہو کر رہ گئے ہیں انہوں نے اس امر پر زور دیا کہ ملک میں پائیدار استحکام کا واحد راستہ صاف، شفاف اور غیر جانبدارانہ انتخابات ہیں جو عوام کو حقیقی نمائندگی اور اعتماد فراہم کریں مولانا حافظ محمد اللہ نے کہا کہ جب تک آئین بالادست نہیں ہوگا، سی ڈی ایف جیسے امور کی نوٹیفکیشن ہو یا نہ ہو، ملک میں کسی قسم کی بہتری ممکن نہیں انہوں نے تمام قومی اداروں اور سیاسی قوتوں سے اپیل کی کہ ملک کو بحرانوں سے نکالنے کیلئے آئین کو مقدم رکھا جائے اور عوام کے مینڈیٹ کا احترام کیا جائے۔

بقیہ 55 — ڈاکٹر مالک بلوچ

سازش کی عملی مخالفت کرنا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ 18 ویں آئینی ترمیم اور این ایف سی ایوارڈ نے قومی اکائیوں کو بااختیار بنایا اور اکائیوں کے درمیان اعتماد کو بحال کرایا۔ 18 ویں آئینی ترمیم نے قومی اکائیوں کی سیاسی ومعاشی حقوق کو تحفظ فراہم کیا۔ جو چارٹر آف ڈیموکریسی کی اجتماعی بصیرت، مفاہمت اور طویل سیاسی جمہوری جدوجہد کا تاریخی اقدام ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک اس وقت سیاسی ومعاشی چیلنجز کا شکار ہے ایسے میں تمام جمہوری قوتیں آئین کی حکمرانی، پارلیمان کی بالادستی صوبوں کی خود مختاری اور 18 ویں ترمیم کے تحفظ کے لیے متحد ہو کر جدوجہد کریں

بقیہ 56 — راست ریلیف

میں دلچسپی اور مسائل کے حل کیلئے موثر اقدامات کو سراہا۔ سردار عبدالرحمان کھیتران نے اس موقع پر کہا کہ صوبے کی ترقی اور عوام کی فلاح حکومت کی اولین ترجیح ہے، اور تمام اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ مشاورت کا عمل جاری رکھا جائے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ باہمی رابطوں اور تعاون کے ذریعے صوبے میں ترقیاتی عمل کو تیز کیا جائے گا تاکہ عوام کو براہ راست ریلیف مل سکے۔

بقیہ 57 — اقدامات یقینی

ور ڈسٹرکٹ الیکشن کمشنر کوئٹہ سید نذیر احمد بھی موجود تھے۔ صوبائی الیکشن کمشنر نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پریذائیڈنگ اور سینئر پریذائیڈنگ افسران انتخابی عمل کی شفافیت، منصفانہ طریقہ کار اور موثر انتظامات میں بنیادی کردار ادا کرتے ہیں اور تربیت میں شریک افسران کی محنت اور عزم قابل ستائش ہے، جبکہ الیکشن کمیشن آف پاکستان شفاف اور منظم بلدیاتی انتخابات کے انعقاد کیلئے تمام اقدامات یقینی بنا رہا ہے

بقیہ 58 — واقعہ کی مزید تفتیش

جاں بحق ہوئے، نعش کو میر گل خان نصیر ٹیچنگ ہسپتال میں پہنچا کر ضروری کارروائی کے بعد ورثا کے حوالے کر دیا گیا پولیس واقعہ کی مزید تفتیش کر رہی ہے۔

بقیہ 59 — کمشنر کوئٹہ ڈویژن

سے چمن تک قومی شاہراہ کے مختلف سیکشنز پر کام تیزی سے جاری ہے بلیلی چیک پوسٹ سے کچلاک اور چمن تک مختلف مقامات پر تعمیر و بحالی کے منصوبے فعال انداز میں جاری ہیں جبکہ لکپاس کے مقام پر بھی سڑک کی بہتری کے کام تیزی سے مکمل کیا جا رہا ہے این ایچ اے حکام نے بتایا کہ ٹریفک کی روانی برقرار رکھنے اور سفری سہولیات میں بہتری کے لیے کچلاک، خیزی چوک اور جبل نور بس اڈے پر فلائی اوور بنانے کے منصوبے زیر غور ہیں اس کے علاوہ چمن، قلعہ عبداللہ، سرانان اور جنگل پیر علیزئی سمیت مختلف علاقوں میں بھی سڑک کے انفراسٹرکچر کو بہتر بنانے کیلئے اقدامات جاری ہیں اس موقع پر کمشنر کوئٹہ ڈویژن شاہزیب خان کاکڑ نے متعلقہ حکام کو ہدایت دیتے ہوئے کہا کہ بلیلی چیک پوسٹ سڑک کی تعمیر کا کام جلد از جلد مکمل کیا جائے اور جہاں بھی سڑک کی کھدائی کی جائے وہاں سے ملبہ فوری طور پر اٹھایا جائے تاکہ شہریوں کو مشکلات کا سامنا نہ ہو کیونکہ بلیلی چیک پوسٹ پر ٹریفک کا ہجوم لگا ہوتا ہے اور عوام گھنٹوں رش میں پھنسی رہتی ہے جو کسی اذیت سے کم نہیں لہذا بلیلی چیک پوسٹ پر تعمیراتی کام جلد از جلد مکمل کیا جائے اور ٹریفک کی روانی کو برقرار رکھنے کیلئے ڈپٹی کمشنر، ایس پی ٹریفک اور این ایچ اے افسران کو ہدایت دی کہ وہ آج ہی بلیلی کا دورہ کریں اور متبادل راستے یا ایسی مینجمنٹ کریں جس سے وہاں پر ٹریفک جام نہ ہو انہوں نے مزید کہا کہ تعمیراتی مرحلے کے دوران ٹریفک کے متبادل اور بہتر انتظامات یقینی بنائے جائیں، تاکہ عوام کے روزمرہ سفر میں کسی قسم کی رکاوٹ نہ آئے اجلاس میں تمام متعلقہ محکموں کے افسران نے شرکت کی دریں اثناء کمشنر کوئٹہ ڈویژن شاہزیب خان کاکڑ کی زیر صدارت کوئٹہ شہر میں ٹریفک کے نظام کی بہتری اور ڈیری فارمز کو شہر سے باہر منتقل کرنے کے حوالے سے اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی، ایس ایس پی ٹریفک پولیس کوئٹہ، ڈائریکٹر انجینئرنگ بیورو، سیکرٹری آر ٹی اے کوئٹہ، اسسٹنٹ کمشنر پولیٹیکل کوئٹہ ڈویژن سید کلیم اللہ اور دیگر متعلقہ محکموں کے افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں کمشنر کوئٹہ ڈویژن کو بتایا گیا

بقیہ 60 — مثبت تبدیلی

ورد وفد سے ملاقات کے دوران گفتگو میں کیا انہوں نے کہا کہ گوادر کے عوام بھی مسائل کا شکار ہیں ماہی گیر اور ووٹرز کے مسائل حل کریں گے انشاء اللہ عوام بہت جلد مثبت تبدیلی محسوس کریں گے

بقیہ 61 — دفعہ 144 نافذ

سے زیادہ افراد کے اجتماع پر پابندی عائد کر سکے۔ نوٹیفکیشن، جو 18 نومبر کی تاریخ کا ہے اور ڈان نیوز کے پاس موجود ہے، کے مطابق یہ حکم اس وجہ سے نافذ کیا گیا کہ "معاشرے کے بعض طبقات اسلام آباد کیپٹل ٹیریٹری کے دائرہ اختیار میں غیر قانونی اجتماعات منعقد کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں۔" نوٹیفکیشن میں یہ واضح نہیں کیا گیا کہ کون سے غیر قانونی اجتماعات متوقع تھے۔ حکم کے مطابق اسلام آباد ضلع کی ریونیو حدود، بشمول ریڈزون، میں ہر قسم کے پانچ یا اس سے زیادہ افراد کے اجتماع، جلوس، ریلیوں اور مظاہروں پر پابندی عائد کر دی گئی ہے۔ نوٹیفکیشن میں مزید کہا گیا ہے

بقیہ 62 — درخواست خارج

علیمہ خان کی جانب سے دائرہ اختیار کے خلاف دائر درخواست پر دلائل دیتے ہوئے کہا کہ سیکشن 23 کا اطلاق کسی بھی مقدمے کے آغاز میں کیا جا سکتا ہے۔ پراسیکیوٹر ظہیر شاہ نے کہا کہ ملزمہ پر فرد جرم عائد ہو چکی ہے اب دائرہ اختیار چیلنج نہیں ہو سکتا، 12 ملزمان عدالت کے روبرو جرم کا اعتراف بھی کر چکے ہیں۔ پراسیکیوٹر ظہیر شاہ نے عدالت کو بتایا کہ عدالت شواہد کا جائزہ لے چکی ہے، سماعت قانونی طور پر درست ہے

بقیہ 63 — حنیف عباسی

کے ذریعے پاکستان کو وہ بے مثال ہے، اپنی حدود میں رہ کر بھارت کے طیارے گرائے جس کو دنیا مان رہی ہے۔ حنیف عباسی نے کہا کہ پی ٹی آئی کا حساب ہے بلی کے خواب میں چھیچھڑے، ہم نے بہت جیلیں دیکھیں لیکن کبھی ملک کیخلاف سازش نہیں کی، آرمی چیف بنتے وقت کس نے لانگ مارچ کیا کہ وہ نہ بن سکیں، وزیراعظم کو یاد دھمکی نہ دی گئی لیکن عاصم منیر آرمی چیف بنے۔ وفاقی وزیر کا کہنا تھا کہ خواجہ آصف کو قمر باجوہ پر بات نہیں کرنی چاہیے تھی کہ وہ فائدہ لے چکے ہیں، جو انے لے فائدہ بھول جائے پھر وہ آج کی رجیم سے متعلق بھی یہی کریگا، نواز شریف اور فیلڈ مارشل لیکن گارنٹیوں کا بعد میں بھی ایسا ہی کہوں گا، میری خواجہ آصف سے بول چال نہیں کیونکہ میں ایسا تعلق نہیں رکھتا۔ حنیف عباسی نے کہا کہ شہباز شریف کے پاس اور بہت کام ہیں وہ صلح کیوں کرائیں گے

بقیہ 64 — خان شہید عبدالصمد

خطاب کرتے ہوئے کیا اجلاس میں مختلف علاقائی سیکرٹریز نے اپنی تنظیمی رپورٹس پیش کیں جن کا تفصیلی جائزہ لیا گیا، جبکہ آئندہ کے لائحہ عمل کے سلسلے میں اہم فیصلے بھی کیے گئے اجلاس کی نظامت کے فرائض ضلع سینئر معاون سیکرٹری ندا سنگر اور رحمت اللہ صابر نے انجام دیئے، جبکہ تلاوت کلام پاک کی سعادت حاجی شائستہ خان بڑیچ نے حاصل کی۔ اجلاس میں پارٹی کے سینئر سیکرٹری سید عبدالقادر آغا ایڈووکیٹ، صوبائی ڈپٹی سیکرٹریز عبدالرزاق خان بڑیچ، علی محمد ترین، زمان خان کاکڑ، سلیمان خان بازئی، عبیداللہ نوتی سمیت ضلع ایگزیکٹیو اور ضلعی کمیٹی کے اراکین نے شرکت کی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے پارٹی رہنماؤں نے کوئٹہ میں پارٹی کی تنظیمی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ خان شہید عثمان خان کاکڑ نے جس تنظیمی بنیاد کو استوار کیا تھا، آج پارٹی اسی بنیاد پر مضبوطی کے ساتھ آگے بڑھ رہی ہے انہوں نے کہا کہ اجلاس میں پیش کی گئی تنظیمی کارکردگی اطمینان بخش ہے، تاہم پارٹی ڈسپلن، منظم حکمت عملی اور نظریاتی اساس کو مزید مضبوط بنا کر ہم عوام کی قومی وملی نجات کی تحریک کو کامیابی سے ہمکنار کر سکتے ہیں۔ رہنماؤں نے کہا کہ پشتون قومی تحریک کی بنیاد ہمارے عظیم رہنماؤں نے رکھی، جن میں سر فہرست خان شہید عبدالصمد خان اچکزئی ہیں

سیاسی قوتوں کی جمہوری جدوجہد سنجیدہ سیاسی عمل کی مرہون منت ہے، مالک بلوچ

جمہوری جماعتوں کو 18 ویں آئینی ترمیم کا تحفظ اور سازشوں کی بھرپور مخالفت کرنی چاہیے، سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان

اصلاحات وفاقی ڈھانچے کی مضبوطی اور قومی اکائیوں کی سیاسی و معاشی استحکام کی بنیاد اور علامت ہے، سربراہ نیشنل پارٹی

کوئٹہ (آن لائن) نیشنل پارٹی کے سربراہ و سابق وزیر اعلیٰ ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری کی 18 آئینی ترمیم اور این ایف سی ایوارڈ کی مضبوط دفاع کے متعلق گفتگو کو نہایت مثبت اور سنجیدہ قرار دیتے ہوئے کہا کہ یہ جمہوری و منتقلہ ترمیمات و اصلاحات وفاقی ڈھانچے کی مضبوطی اور قومی اکائیوں کی سیاسی و معاشی استحکام کی بنیاد اور علامت ہے۔ جو جمہوری سیاسی قوتوں کی طویل جمہوری جدوجہد و سنجیدہ سیاسی عمل کے مرہون منت ہے۔ تمام سیاسی جمہوری جماعتوں کو 18 ویں آئینی ترمیم کو رول بیک کرنے کی .... بقیہ 55 صفحہ نمبر 7 پر

تربت، اسسٹنٹ کمشنر تمپ شفیق حیات کاسوراپ مند کا دورہ کر رہے ہیں

جسٹس طارق جہانگیری کی عدالت میں انکے استعفے کی خبر کی گونج

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) جسٹس طارق جہانگیری کے استعفے سے متعلق خبروں پر ان کی اپنی عدالتی کارروائی میں تذکرہ ہوگیا۔ کیس کی سماعت کے دوران ایڈووکیٹ حافظ عرفات احمد نے جسٹس طارق جہانگیری سے مکالمہ کرتے ہوئے کہا کہ بڑی تشویش ناک خبریں ہمیں سننے کو مل رہی ہیں۔ آپ جیسے آزاد منش جج سے ہی یہ نظام توانا رہے گا۔ انہوں نے کہا کہ ہم جو سن رہے ہیں

دس دن میں چینی کی فی کلو قیمت میں 24 روپے کی کمی

لاہور (بیورو رپورٹ) چینی کی قیمت میں بڑی کمی ہوگئی۔ دس دن میں چینی کی فی کلو قیمت میں 24 روپے کی کمی ہوئی ہے۔ چینی کی قیمت 210 روپے فی کلو سے کم ہوکر 186 روپے تک پہنچ گئی ہے، ہول سیل مارکیٹ میں چینی کی 50 کلو بوری کی قیمت 10,500 روپے سے کم ہوکر 9,300 روپے ہوگئی ہے۔ چینی کی قیمتوں میں کمی کی وجہ گنے کی کرشنگ کے آغاز کو قرار دیا جا رہا ہے جس کی وجہ سے مارکیٹ میں چینی کی دستیابی پر مثبت اثر پڑا ہے جس سے قیمتیں بھی کم ہوئی ہیں۔ تاجروں نے چینی کی قیمتوں میں دسمبر میں مزید کمی ہونے کی امید ظاہر کی ہے

سردار عبدالرحمان کھیتران سے صابر بلوچ وحاجی اسلام بلوچ کی ملاقات

صوبے کی مجموعی سیاسی صورتحال، عوامی مسائل اور ترقیاتی حکمت عملی پر تفصیلی بات چیت

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی وزیر سردار عبدالرحمان کھیتران سے سابق ڈپٹی چیئرمین سینیٹ صابر بلوچ اور سابق رکن صوبائی اسمبلی حاجی اسلام بلوچ نے ملاقات کی۔ ملاقات میں صوبے کی مجموعی سیاسی صورتحال، عوامی مسائل اور ترقیاتی حکمت عملی پر تفصیلی بات چیت کی گئی ملاقات کے دوران رہنماؤں نے صوبائی وزیر کی عوامی خدمات، ترقیاتی منصوبوں .... بقیہ 56 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ پریذائیڈنگ وسینئر اسسٹنٹ پریذائیڈنگ افسران کی تربیت کا آغاز

الیکشن کمیشن شفاف انتخابات کے انعقاد کیلئے اقدامات یقینی بنا رہا ہے صوبائی الیکشن کمشنر علی اصغر سیال

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ میں بلدیاتی انتخابات 2025 کی تیاریوں کے سلسلے میں پریذائیڈنگ افسران اور سینئر اسسٹنٹ پریذائیڈنگ افسران کی دو روزہ تربیت کا آغاز کیا گیا ہے، اس سلسلے میں صوبائی الیکشن کمشنر بلوچستان، علی اصغر سیال نے کوئٹہ میں قائم دو تربیتی سینٹرز (مرد و خواتین) کا دورہ کیا۔ اس موقع پر ان کے ہمراہ ڈائریکٹر ایڈمن، نعیم احمد ا......... بقیہ 57 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ مشرقی بائی پاس پر گھر میں فائرنگ سے خاتون جاں بحق

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) مشرقی بائی پاس گھر میں فائرنگ سے خاتون جاں بحق ہوگئی پولیس کے مطابق مشرقی بائی پاس پر کاتی اسٹریٹ میں فائرنگ سے خاتون جاں بحق ہوگئی اطلاع ملنے پر پولیس موقع پر پہنچ کر لاش کو ہسپتال منتقل جہاں ضروری کارروائی کے بعد لاش ورثا کے حوالے کردی۔

نوشکی، بوزر گاڑی کی ٹکر سے موٹر سائیکل سوار جاں بحق

حادثہ جنگلات ایریا آر سی ڈی شاہراہ پر پیش آیا، پولیس مزید تحقیقات کر رہی ہے

نوشکی (آن لائن) آر سی ڈی شاہراہ پر بوزر گاڑی اور موٹر سائیکل کے مابین ٹریفک حادثے کے نتیجے میں موٹر سائیکل سوار جاں بحق تفصیلات کے مطابق سوموار کے روز ضلع نوشکی کے علاقہ ہو کے قریب جنگلات ایریا میں آر سی ڈی شاہراہ پر ٹریفک حادثہ میں بوزر گاڑی نے موٹر سائیکل پر سوار عطاء اللہ ولد گل محمد مینگل کو کچل ڈالا جس کے نتیجے میں وہ موقع پر .... بقیہ 58 صفحہ نمبر 7 پر

کمشنر کوئٹہ شاہزیب خان کاکڑ شہر سے ڈیری فارموں کی منتقلی کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ٹریفک کی روانی اولین ترجیح، ادارے اقدامات میں تیزی لائیں، کمشنر کوئٹہ

بلیلی چیک پوسٹ سڑک کی تعمیر کا کام جلد مکمل اور کھدائی کے بعد ملبہ فوری وہاں سے ہٹایا جائے، شاہزیب خان کاکڑ

ٹریفک کی روانی برقرار رکھنے کیلئے ڈپٹی کمشنر، ایس پی ٹریفک اور این ایچ اے افسران بلیلی کا دورہ کریں اور متبادل راستے کیلئے بہتر مینجمنٹ کریں

ڈیری فارمز کی شہر سے منتقلی کیلئے کیو ڈی اے و متعلقہ ایسوسی ایشن جگہ کی نشاندہی کر کے رپورٹ پیش کریں زیر صدارت اجلاسوں سے خطاب

کوئٹہ (آن لائن) کمشنر کوئٹہ ڈویژن شاہزیب خان کاکڑ کی زیر صدارت نیشنل ہائی وے N-25 مستونگ، کوئٹہ، چمن (سیکشن پر پاکستان ایکسپریس وے ڈیولائزیشن منصوبے کے حوالے سے اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں نیشنل ہائی وے اتھارٹی (این ایچ اے) کے حکام، ڈپٹی کمشنر کوئٹہ کیپٹن ریٹائرڈ مہر اللہ بادینی، ایس پی ٹریفک کوئٹہ، ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ کوئٹہ ڈویژن ظہور احمد سمیت دیگر متعلقہ افسران شریک تھے اجلاس میں این ایچ اے کے حکام نے کمشنر کو منصوبے کی پیش رفت پر تفصیلی بریفنگ دی۔ بریفنگ کے دوران بتایا گیا کہ کوئٹہ .... بقیہ 59 صفحہ نمبر 7 پر

صوبائی وزیر نور محمد دمڑ کے خصوصی فنڈ سے سنجاوی میں شاہراہوں پر سٹریٹ لائٹس نصب کرنے کا کام جاری ہیں

بلوچستان کو نو آبادی بنانے والے وسائل پر قابض ہیں، مولانا ہدایت الرحمن

اعتماد سے محروم نمائندے مسائل میں اضافہ کر رہے ہیں جو خود مالا مال اور عوام بدحال ہو رہے ہیں، صوبائی امیر جماعت اسلامی

سول حکومت میں شامل مخلص و دیانتدار لوگوں کے راستے میں مشکلات و رکاوٹیں کھڑی کی جا رہی ہیں، ممبر صوبائی اسمبلی

جماعت اسلامی حقوق کے حصول، ظلم و جبر، بارڈر بندش، لوگوں کو لاپتہ کرنے کیخلاف جدوجہد کر رہی ہے، گوادر میں تقاریب سے خطاب

کوئٹہ (آن لائن) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے کہا کہ بلوچستان کو نوآبادی بنانے والے زبردستی وسائل و اختیارات پر مسلط ہیں عوام کے اعتماد سے محروم نمائندے مسائل میں کمی کی بجائے اضافہ کر رہے ہیں یہ لوگ خود مالا مال اور عوام کو بدحال کر رہے ہیں جماعت اسلامی حق دو بلوچستان مہم کے ذریعے حقوق کے حصول کیلئے ظلم و جبر لاقانونیت بدامنی بدعنوانی بارڈر بندش لوگوں کو لاپتہ کرنے کے خلاف اسمبلی کے اندر و باہر جدوجہد کر رہی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گوادر میں تقاریب سے خطاب ا......... بقیہ 60 صفحہ نمبر 7 پر

ڈی سی کوئٹہ مہر اللہ بادینی گراں فروشوں کے خلاف کارروائی کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

وفاقی دارالحکومت میں دو ماہ کیلئے دفعہ 144 نافذ

چار یا اس سے زیادہ افراد کے اجتماع پر پابندی عائد ہوگی

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں دو ماہ کے لیے دفعہ 144 نافذ کردی گئی۔ اسلام آباد کے ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کی جانب سے جاری ایک نوٹیفکیشن کے مطابق اسلام آباد کیپیٹل ٹیریٹری میں دو ماہ کے لیے دفعہ 144 نافذ کر دی گئی ہے۔ فوج داری ضابطہ کارروائی (کریمنل پروسیجر کوڈ) کی دفعہ 144 ایک قانونی شق ہے جو ضلعی انتظامیہ کو یہ اختیار دیتی ہے کہ وہ کسی مخصوص علاقے میں ایک مقررہ مدت کے لیے چار یا اس .... بقیہ 61 صفحہ نمبر 7 پر

لائٹ ڈیزل آئل اور مٹی کے تیل کی قیمتوں میں کمی کا اعلان

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) گزشتہ شب پیٹرول سستا ہونے کے بعد عوام کے لیے ایک اور اچھی خبر ہے۔ نیوز کے مطابق حکومت نے گزشتہ شب آئندہ 15 روز کے لیے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی کا اعلان کیا تھا، جس میں پیٹرول اور ہائی اسپیڈ ڈیزل کے نرخ کم کیے گئے تھے۔ پیٹرول اور ہائی اسپیڈ ڈیزل کی قیمت میں کمی کے بعد آج حکومت نے لائٹ ڈیزل آئل اور مٹی کے تیل کی قیمت بھی کم کردی۔ نوٹیفکیشن کے مطابق لائٹ ڈیزل 7 روپے 3 پیسے فی لیٹر سستا کردیا گیا ہے۔

غیر رجسٹرڈ وی پی این قومی سلامتی کے لیے سنگین خطرہ

دہشتگرد شناخت چھپانے کے لیے غیر قانونی وی پی این استعمال کر رہے ہیں، حکام

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) غیر رجسٹرڈ وی پی این پاکستان کی قومی سلامتی کے لیے بڑا خطرہ بن چکے ہیں، دہشت گرد، غیر ملکی ایجنٹ، جرائم پیشہ افراد اور شدت پسند اپنے وجود کو چھپانے کے لیے غیر قانونی وی پی این استعمال کر رہے ہیں، حکام کے مطابق ان غیر رجسٹرڈ وی پی این کے ذریعے حملوں کی منصوبہ بندی، افواہیں، پروپیگنڈا اور غیر قانونی سرگرمیاں چلائی جا رہی ہیں، ایسی سرگرمیوں سے پاکستان کا ہر شہری غیر محفوظ ہو جاتا ہے، اپنے ملک اور اپنی حفاظت .... بقیہ 62 صفحہ نمبر 7 پر

گندم کا سرکاری ریٹ 3500 روپے من مقرر کئے جانے کا امکان

فیصل آباد (بیورو رپورٹ) آئندہ سیزن کیلئے گندم کا سرکاری ریٹ 3500 روپے فی من مقرر کئے جانے کا امکان ہے۔ فیصل آباد کمشنر آفس میں مشاورتی اجلاس کا انعقاد کیا گیا جس میں بتایا گیا کہ فیصل آباد ڈویژن میں گندم کی کاشت کا 99 فیصد ہدف مکمل کرلیا گیا ہے۔ وزیر زراعت کا کہنا تھا کہ کسانوں کو بہتر ریلیف دینے اور مارکیٹ کے استحکام کیلئے گندم کا سرکاری ریٹ 3500 روپے فی من مقرر کرنے پر مشاورت جاری ہے، جبکہ خریداری پالیسی جلد جاری کردی جائے گی۔

اعلان کر رہا ہوں عاصم منیر چیف آف ڈیفنس فورسز ہیں، حنیف عباسی

جو عزت اللہ نے فیلڈ مارشل کے ذریعے پاکستان کو دی وہ بے مثال ہے، وفاقی وزیر

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وفاقی وزیر حنیف عباسی نے کہا ہے کہ اعلان کر رہا ہوں جنرل عاصم منیر چیف آف ڈیفنس فورسز ہیں۔ وفاقی وزیر حنیف عباسی نے نجی ٹی وی چینل کے خصوصی انٹرویو میں کہا کہ اعلان کر رہا ہوں جنرل عاصم منیر چیف آف ڈیفنس فورسز ہیں، جنرل عاصم منیر فیلڈ مارشل ہے یہ بھی میں نے 2 دن پہلے بتا دیا تھا۔ حنیف عباسی کا کہنا ہے کہ ہوسکتا ہے نوٹیفکیشن ہو گیا ہو، ہماری مرضی جب چاہیں اعلان کردیں، جو عزت اللہ نے فیلڈ مارشل .... بقیہ 63 صفحہ نمبر 7 پر

بلدیاتی انتخابات میں حکومتی مداخلت کے باوجود پارٹی بھرپور حصہ لے گی، پشتونخوا نیپ

ملی شہید عثمان خان کاکڑ نے جس تنظیمی بنیاد کو استوار کیا آج پارٹی اسی پر مضبوطی کے ساتھ آگے بڑھ رہی ہے، رضا محمد رضا

اپنے ہمدردوں سے توقع کہ وہ پارٹی کے نامزد کونسلران کے انتخابی نشان "انگور" پر مہر لگا کر انہیں کامیابی سے ہمکنار کریں گے، نصر اللہ زیرے

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے سینئر ڈپٹی چیئرمین اور سابق سینیٹر رضا محمد رضا، صوبائی صدر نصر اللہ خان زیرے نے کہا ہے کہ ضلع پشین کی ضلعی کانفرنس، جو آج منعقد ہو رہی ہے، انتہائی اہمیت کی حامل ہے یہ کانفرنس خان شہید عبدالصمد خان اچکزئی کی شہادت کی 52 ویں برسی اور پشتون قومی تحریک کے رہنماء میرا خان مندوخیل کی 34 ویں برسی کے موقع پر منعقد کی جارہی ہے، جو قومی تحریک کی تاریخی جدوجہد کو نئے عزم کے ساتھ آگے بڑھانے کا ذریعہ ثابت ہوگی رہنماؤں نے ان خیالات کا اظہار ضلع کوئٹہ کی ماہانہ ضلعی کمیٹی کے اجلاس سے .... بقیہ 64 صفحہ نمبر 7 پر

عوام متحد ہوں تو ان کے مینڈیٹ پر کوئی شب خون نہیں مار سکتا، بی این پی

بلدیاتی انتخابات میں بلوچ، پشتون، ہزارہ، سیٹلرز پارٹی کے امیدواروں کی کامیابی یقینی بنائیں

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی بیان میں کہا گیا ہے کہ اگر عوام متحد ہوں تو ان کے مینڈیٹ پر کوئی شب خون نہیں مار سکتا کوئٹہ کے بلدیاتی انتخابات میں بلوچ، پشتون، ہزارہ، سیٹلرز بی این پی کے امیدواروں کی کامیابی یقینی بنائیں گزشتہ عام انتخابات میں جس طرح فارم 47 کے ذریعے عوامی مینڈیٹ پر شب خون مار کر غیر سیاسی .... بقیہ 31 صفحہ نمبر 7 پر

گوالمنڈی چوک برساتی نالہ کی تعمیر عوام کیلئے عذاب سے کم نہیں، قاری مہر اللہ

تعمیراتی کام میں سست روی کے باعث عوام ذہنی کوفت کا شکار ہو رہے ہیں، رہنماء جمعیت نظریاتی

کوئٹہ (پ ر) جمعیت علماء اسلام نظریاتی صوبائی کونوینر مولانا قاری مہر اللہ، حاجی حبیب اللہ صافی، مولانا نیاز محمد، آغا ابراہیم شاہ، مولانا رحمت اللہ حقانی، مولانا محمد ابراہیم نے کہا کہ گوالمنڈی چوک برساتی نالہ کی تعمیر میں سست روی دوکانداروں گاہکوں اور ٹریفک کیلئے عذاب بن چکا ہے فارم 47 کی حکومت بجائے گڑھے کھود کر اسے ترقیاتی منصوبوں کا......... بقیہ 32 صفحہ نمبر 7 پر

جماعت سیاست میں شائستگی کے اصولوں کی سخت پابند ہے، جے یو آئی

جے یو آئی عوامی مسائل کے حل کیلئے مسلسل جدوجہد کرتی رہی ہے عوام کو تنہا نہیں چھوڑیں گے

زیارت کے شہری شدید سردی میں مشکلات میں زندگی گزارنے پر مجبور ہیں، بیان

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام بلوچستان نے اپنے پریس ریلیز میں واضح کیا ہے کہ جماعت سیاست میں شائستگی، اخلاقی اقدار اور عوامی خدمت کے اصولوں کی سختی سے پابند ہے جے یو آئی ہمیشہ عوامی مسائل کے حل کے لئے مسلسل جدوجہد کرتی رہی ہے اور اس کا مقصد یہ ہے کہ عوام کو مشکلات کے بھنور میں تنہا نہ چھوڑا جائے بلکہ ان کے لئے آسانیاں .... بقیہ 33 صفحہ نمبر 7 پر

مشکل وقت میں ورکرز ہی قیادت کا حقیقی سہارا بنتے ہیں، جمال شاہ کاکڑ

کوئٹہ کے بلدیاتی انتخابات میں مسلم لیگ (ن) کے میدان میں اترنے والے امیدوار ہی کامیابی حاصل کریں گے، رکن قومی اسمبلی

مسلم لیگ (ن) مضبوط ٹیم بنا رہی ہے جو بلدیاتی انتخابات میں کامیابی حاصل کر کے میئر، ڈپٹی میئر و ٹاؤن چیئرمین نامزد کرے گی، نسیم الرحمان ملاخیل

ورکرز نے ہمیشہ پارٹی کا پرچم بلند رکھا، کوئٹہ کے شہریوں کی نظریں ہماری جماعت پر مرکوز ہیں، کوئٹہ پریس کلب میں جلسے سے خطاب

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے جنرل سیکرٹری و رکن قومی اسمبلی جمال شاہ کاکڑ نے کہا ہے کہ بلدیاتی انتخابات میں مسلم لیگ (ن) کے میدان میں اترنے والے امیدوار ہی کامیابی حاصل کریں گے، کیونکہ پارٹی ورکرز نے ہمیشہ مشکل حالات میں بھی قیادت کا ساتھ نبھایا ہے، کوئٹہ کے شہریوں کی نظریں مسلم لیگ (ن) پر ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے کوئٹہ پریس کلب میں پارٹی ورکرز اور بلدیاتی انتخابات کے امیدواروں کے ایک بڑے جلسے سے خطاب کرتے ہوئے کیا جلسے سے پاکستان مسلم لیگ (ن)......... بقیہ 34 صفحہ نمبر 7 پر

مسلم لیگ ن کے زیر اہتمام کوئٹہ میں تقریب میں جمال شاہ، نسیم الرحمن ملاخیل، سحر گل خلجی و دیگر اسٹیج پر بیٹھے ہیں

سپریم کورٹ کے 19 افسران، ملازمین کی خدمات وفاقی آئینی عدالت کے سپرد

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سپریم کورٹ کے 19 افسران اور ملازمین کی خدمات وفاقی آئینی عدالت کے سپرد کردی گئی، رجسٹرار سپریم کورٹ نے رجسٹرار آئینی عدالت کو خط لکھوا دیا۔ خط میں کہا گیا کہ ڈپٹی رجسٹرار عباس زیدی کی خدمات آئینی عدالت کے سپرد کردی گئیں، اسسٹنٹ رجسٹرار ارشاد حسین، شاہد حبیب انصاری، غلام رضا کی خدمات آئینی عدالت کے سپرد کی گئیں

مسائل سے نجات کیلئے جمعیت کی جیت ناگزیر ہے، مولانا عبدالرحمان رفیق

ماضی میں بلدیاتی اداروں کی نااہلی نے شہر کو تباہی کے دہانے پر پہنچا دیا، رہنماء جمعیت

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا عبدالرحمان رفیق اور سیکرٹری جنرل حاجی عین اللہ شمس نے مختلف کمیٹیوں کے اجلاسوں سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ کوئٹہ کو پریشانیوں کے گرداب سے نکالنے کیلئے جمعیت کے امیدواروں کی جیت ناگزیر ہے موجودہ ناگفتہ بہ حالات اس بات کا کھلا ثبوت ہیں کہ گزشتہ ادوار میں شہر کو صرف نظر انداز .... بقیہ 35 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان میں پانی کا بحران سنگین ہوتا جا رہا ہے، سردار عبدالرحمن کھیتران

موسمیاتی تبدیلی سے صوبہ شدید متاثر جس سے نمٹنے کیلئے حکومت پانی کے ذخائر، سپلائی لائنوں کی بہتری کے نئے منصوبے شروع کر رہی ہے، صوبائی وزیر

عوامی شکایات کا بروقت ازالہ حکومت کی اولین ترجیح، درپیش مسائل جلد حل کریں گے، کھلی کچہری سے خطاب میں صوبائی وزیر کی یقین دہانی

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی وزیر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ سردار عبدالرحمان کھیتران نے منسٹر ہی ایچ ای آفس میں ایک اہم عوامی کھلی کچہری منعقد کی، جس میں رکنی، کوئٹہ اور مختلف علاقوں سے شہریوں، عمائدین اور نمائندہ وفود نے شرکت کی کھلی کچہری میں شہریوں نے اپنے مختلف مسائل، خصوصاً پینے کے صاف پانی کی قلت، واٹر سپلائی اسکیموں میں رکاوٹوں اور موسمیاتی تبدیلی کے باعث درپیش چیلنجز سے آگاہ کیا صوبائی وزیر نے تمام درخواستوں اور مسائل کو فرداً فرداً سنا اور موقع پر موجود افسران کو عوامی مسائل کے فوری حل کی ہدایات جا......... بقیہ 38 صفحہ نمبر 7 پر

عزیز ماما نے اصولوں پر کبھی سودے بازی نہیں کی، زمرک خان اچکزئی

عزیز ماما زمانہ طالب علمی سے ہی فکر باچا خان کے پیروکار رہے، پارلیمانی لیڈر اے این پی

کوئٹہ (آن لائن) عوامی نیشنل پارٹی کے پارلیمانی لیڈر انجینئر زمرک خان اچکزئی نے پشتون قوم پرست رہنماء ادیب لیکوال قانون دان اور عوامی نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنماء عزیز ماما کی 16 ویں برسی کے موقع پر انہیں زبردست خراج تحسین و عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ عزیز ماما بھی اصولوں پر سودے بازی نہیں کی اور نہ ہی پشتونوں کے حقوق......... بقیہ 36 صفحہ نمبر 7 پر

وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے میر صادق عمرانی کی عیادت کی

کراچی (یو این اے) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے صوبائی وزیر آبپاشی میر محمد صادق عمرانی کی عیادت کی اور ان کی خیریت دریافت کی۔ وزیر اعلیٰ نے اس موقع پر میر محمد صادق عمرانی کی جلد صحت یابی کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا اور دعا کی کہ وہ جلد اپنی تمام سرکاری و عوامی ذمہ داریوں کی انجام دہی کے قابل ہو جائیں۔

حب، پیپلز پارٹی کا 58 واں یوم تاسیس، بلاول بھٹو زرداری کا ویڈیو لنک خطاب

پیپلز پارٹی کی جڑیں عوام میں گہری ہیں، جلسہ عام سے علی حسن زہری و دیگر رہنماؤں کا خطاب

حب (آن لائن) حب میں پاکستان پیپلز پارٹی کا 58 واں یوم تاسیس نہایت شاندار اور تاریخی انداز میں منایا گیا، جسے حب کی سیاسی تاریخ کے سب سے بڑے جلسے کے طور پر دیکھا جا رہا ہے۔ جلسہ عام میں ہزاروں افراد نے شرکت کی اور پورا میدان کارکنان اور عوام سے لبریز رہا۔ تقریب سے چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری نے ویڈیو......... بقیہ 37 صفحہ نمبر 7 پر

بلال خان کاکڑ سے خواتین وفاقی محتسب فوزیہ وقار کی ملاقات

ہراسانی کے نئے ریجنل آفس کوئٹہ کے قیام کیلئے ادارہ جاتی تعاون میں اضافے پر تبادلہ خیال

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ سے خواتین وفاقی محتسب فوزیہ وقار نے ملاقات کی۔ اس موقع پر وفاقی محتسب برائے انسداد ہراسانی کے نئے ریجنل آفس کوئٹہ کے قیام کے تناظر میں ادارہ جاتی تعاون میں اضافے پر تبادلہ خیال کیا گیا بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے سینئر افسران بھی ملاقات میں شریک تھے۔ اجلاس میں ہراسگی سے بچاؤ کے قوانین سے متعلق آگاہی بڑھانے، شکایات کے موثر ازالے اور سرکار......... بقیہ 39 صفحہ نمبر 7 پر

محکمہ یوتھ کو شفافیت کی راہ پر گامزن کیا جا رہا ہے، مینا مجید

میں مایوس نہیں، بلوچستان کے نوجوانوں کے حقوق کیلئے جدوجہد کر رہی ہوں، تقریب سے خطاب

کوئٹہ (آن لائن) سوسائٹی فار امپاورنگ ہیومن ریسورس (سحر) کے زیر اہتمام، یو این ایف پی اے اور محکمہ کھیل و امور نوجوانان حکومت بلوچستان کے تعاون سے بلوچستان یوتھ پالیسی کے موثر نفاذ، پلاننگ اور مانیٹرنگ اینڈ ایویلیوایشن فریم ورک پر اہم سٹیک ہولڈرز سیشن منعقد ہوا۔ تقریب کی مہمان خصوصی محترمہ مینا مجید بلوچ، ایڈوائزر وزیر اعلیٰ بلوچستان برائے اسپورٹس اینڈ یوتھ افیئر تھیں اپنے خطاب میں انہوں نے کہا کہ وہ ایک نہایت اہم شعبے .... بقیہ 40 صفحہ نمبر 7 پر

چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

سابق وزیر اعظم ظفر اللہ جمالی کی برسی عقیدت و احترام کیساتھ منائی گئی

والد بلوچستان اور وفاق میں بھائی چارے کے حقیقی امین تھے، فرزند عمر خان جمالی

حمید آباد (آئی این پی) سابق وزیر اعظم پاکستان میر ظفر اللہ خان جمالی کی پانچویں برسی گزشتہ روز روجھان جمالی میں عقیدت و احترام کیساتھ منائی گئی اس موقع پر سیاسی و سماجی حلقوں کی جانب سے ان کی قومی خدمات اور اصول پسند سیاست کو شاندار الفاظ میں خراج تحسین پیش کیا۔ اس موقع پر سابق وزیر اعظم کے فرزند اور سابق صوبائی وزیر میر عمر خان جمالی نے کہا کہ ان کے والد میر ظفر اللہ خان جمالی بلوچستان اور وفاق میں سیاسی شرافت، محبت اور بھا......... بقیہ 41 صفحہ نمبر 7 پر

ملازمین کو ویلفیئر فنڈ سے مستفید کرنے کیلئے عملی کام کریں گے، آئی جی جیل خانہ جات

پنجاب کی طرز پر ملازمین کی تنخواہیں بڑھانے کیلئے کوشاں ہیں، عبدالسعید نوید

اپیکا جیل خانہ جات کی روایات قابل تعریف ہیں، اے آئی جی شکیل بلوچ، سید انور شاہ

کوئٹہ (آن لائن) آئی جی جیل خانہ جات عبدالسعید نوید نے کہا ہے کہ جیل خانہ جات کے ملازمین کو ویلفیئر فنڈ سے مستفید کرنے کیلئے عملی کام کریں گے پنجاب کی طرز پر ملازمین کی تنخواہیں بڑھانے کیلئے کوشاں ہیں ان خیالات کا اظہار آئی جی جیل خانہ جات عبدالسعید نوید نے اپیکا کے زیر اہتمام محمد قاسم بزدار کی ریٹائرمنٹ کے موقع پر الوداعی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر اے آئی جی ایڈمن شکیل بلوچ، اے آئی جی سید انور شا......... بقیہ 42 صفحہ نمبر 7 پر

ملک میں مہنگائی کی شرح کم ہو کر 6.1 فیصد رہ گئی، وفاقی ادارہ شماریات

ماہانہ بنیاد پر نومبر میں مہنگائی 0.4 فیصد رہی، جو اکتوبر میں 1.8 فیصد کے اضافے کے مقابلے میں کم ہے، رپورٹ

مہنگائی اکتوبر میں بڑھ کر 6.24 فیصد ہوگئی تھی، جو ستمبر میں 5.6 فیصد رہی، آئندہ چند ماہ 7 فیصد اوپر رہ سکتی ہے

اسلام آباد (شاکر رحمان سے) سرکاری اعداد و شمار کے مطابق نومبر میں مہنگائی کی شرح کم ہو کر 6.1 فیصد رہ گئی، جو گزشتہ ماہ کے اضافے کے بعد معمولی کمی کو ظاہر کرتی ہے اور وزارت خزانہ کی جانب سے اندازہ لگائے گئے دائرہ کار کے اندر رہی۔ پاکستان بیورو آف اسٹیٹسٹکس (پی بی ایس) نے نومبر کے اوائل میں رپورٹ کیا تھا کہ اشیائے خوراک اور توانائی کی قیمتوں میں اضافے کے باعث کنزیومر پرائس انڈیکس (سی پی آئی) کے تحت ناپی جانے والی مہنگائی اکتوبر میں بڑھ کر 6.24 فیصد ہوگئی تھی، جو ستمبر میں 5.6 فیصد تھی۔ آج پی......... بقیہ 43 صفحہ نمبر 7 پر

ایڈیشنل آئی جی پی کمانڈنٹ بلوچستان کانسٹیبلری اشفاق احمد خان محکمے میں بھرتی کے عمل کی نگرانی کر رہے ہیں

ملک میں ٹیکنیکل عہدوں پر غیر متعلقہ افراد تعینات ہیں، محمد عبدالقادر

ٹیکس کے نظام میں کرپشن جیسے مسائل کے حل کیلئے اقدامات ناگزیر ہیں، سینیٹر

کوئٹہ (این این آئی) چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے وفاقی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا ہے کہ ملک میں ٹیکنیکل عہدوں پر غیر متعلقہ افراد کی تعیناتی ٹیکس کے نظام میں خامیاں اور کرپشن جیسے مسائل پر قابو پانے کیلئے مناسب اقدامات کرنے کی ضرورت ہے ہمارے ملک میں منسٹریز یا آرگنائزیشن کے ایسے سربراہ لگائے جاتے ہیں جنہوں نے پچھلے 25 یا 30 سال میں کبھی بھی اس آرگنائزیشن میں کام نہیں کیا ہوتا فنانس، ایف بی آر، پیٹرولیم اور ٹیکنیکل ڈیپارٹمنٹس .... بقیہ 44 صفحہ نمبر 7 پر

پاک افغان معاملہ پیچیدہ نہیں حکمرانوں نے اسے بگاڑ دیا، جمعیت نظریاتی

حکمران پاک افغان تعلقات پر ملک کے سیاسی جماعتوں کو اعتماد میں لیتے تو آج حالات اس نہج تک نہ پہنچتے، مولانا عبدالقادر لونی

امن و مضبوط معیشت و اقتصادی ترقی کا دارومدار خود مختار پالیسیوں و پارلیمنٹ کے آزادانہ فیصلوں پر ہے، مولانا ڈاکٹر شمس الہدیٰ، مفتی شفیع الدین

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام نظریاتی پاکستان کے مرکزی قائمقام امیر مولانا عبدالقادر لونی مرکزی سرپرست اعلیٰ مولانا ڈاکٹر شمس الہدیٰ مرکزی جنرل سیکرٹری مفتی شفیع الدین مرکزی نائب امیر مولانا عبدالرؤف مرکزی ڈپٹی جنرل سیکرٹری نجم خان ایڈووکیٹ مرکزی جوائنٹ سیکرٹری مولانا محمود الحسن قاسمی نائب امیر مولانا عزیز اللہ شاہ امروٹی مرکزی سیکرٹری اطلاعات سید حاجی عبدالستار شاہ چشتی نے کہا کہ پاک افغان تعلقات پر حکمرانوں کی ہٹ دھرمی نے ملک کی معیشت کو تباہ کر دیا پاک افغان تعلقات پر ملک کے سیاسی جماعتوں کو اعتما......... بقیہ 47 صفحہ نمبر 7 پر

جے یو آئی کوئٹہ کے امیر مولانا عبدالرحمن رفیق تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

مین ہول میں گرنے والے بچے کی لاش 15 گھنٹے بعد برآمد

کراچی (بیورو رپورٹ) گلشن اقبال کے علاقے میں نیپا پل کے قریب مین ہول میں گر کر لاپتہ ہونے والے بچے کی لاش نصف کلومیٹر فاصلے سے 15 گھنٹے بعد مل گئی۔ نیوز کے مطابق مین ہول میں گرنے والے 3 سالہ ابراہیم کی لاش جائے حادثہ سے کچھ سو میٹر دوری سے ملی ہے، جسے اس کے دادا کے حوالے کردیا گیا ہے۔ ابتدائی اطلاعات کے مطابق بچے کی لاش کے ایم سی کی ٹیم کو ملی، جو جائے حادثہ سے تقریباً آدھا کلومیٹر نکاسی لائن میں بہتی ہوئی ایک مقام سے ملی۔

پیپلز پارٹی کے 58 ویں یوم تاسیس کے پروگرام کامیاب رہے، فیصل جمالی

بلاول بھٹو زرداری کی قیادت نے پارٹی کو عوام کی امیدوں کا مرکز بنا دیا، صوبائی وزیر

اوستہ محمد (آئی این پی) صوبائی وزیر لائیو اسٹاک اور پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر رہنماء سردار زادہ فیصل خان جمالی نے کہا ہے کہ پیپلز پارٹی کے 58 ویں یوم تاسیس کے سلسلے میں ملک بھر میں منعقد ہونے والے پروگرام غیر معمولی طور پر کامیاب رہے، جن میں عوام اور کارکنان کی بھرپور شرکت نے پارٹی کی مضبوطی اور مقبولیت کا واضح ثبوت پیش کیا۔ اپنی رہائشگاہ اوستہ محمد میں آئی این پی کے نمائندے محمد رفیق چندرائی سے خصوصی گفتگو کرتے .... بقیہ 45 صفحہ نمبر 7 پر

بنیادی ڈھانچے کی مضبوطی کیلئے منصوبوں پر کام جاری ہے، سلیم کھوسہ

صحت کا شعبہ حکومت کے اصلاحاتی ایجنڈے کا اہم حصہ صحت پور کو بھی اس کا براہ راست فائدہ پہنچے گا

بہتر سڑکیں معاشی سرگرمیاں فروغ اور علاقے کی ترقی میں کردار ادا کرتی ہیں، صوبائی وزیر

کوئٹہ (اے پی پی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے بلوچستان اسمبلی میں پارلیمانی لیڈر و صوبائی وزیر مواصلات میر سلیم احمد کھوسہ نے کہا ہے کہ صحت پور اور اس کے مضافاتی علاقوں کی ترقی و خوشحالی کو اپنی اولین ترجیحات میں شامل کئے ہوئے ہیں، عوام کی سہولت، بہتر سڑکی روابط اور بنیادی ڈھانچے کی مضبوطی کیلئے متعدد منصوبوں پر کام تیزی سے جاری ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے مختلف وفود سے بات چیت کرتے ہوئے کیا۔ صوبائی وزیر میر سلیم ا......... بقیہ 46 صفحہ نمبر 7 پر

ریکوڈک کے حوالے سے کمپٹیشن کمیشن کی جامع رپورٹ جاری

منصوبہ شفاف ٹریس ایبلٹی کی بدولت سونے کی سپلائی چین کو مستحکم بنائے گا، رپورٹ

کوئٹہ (اے این این) ریکوڈک منصوبہ سے ملکی معدنیات کی صنعت میں انقلاب، کمپٹیشن کمیشن آف پاکستان (سی سی پی) کی جامع رپورٹ جاری تفصیلات کے مطابق ایس آئی ایف سی کی معاونت سے پاکستان کے کان کنی کے شعبہ میں اہم پیش رفت سامنے آئی ہے۔ سی سی پی کی جاری کردہ رپورٹ کے مطابق نایاب معدنیات سے مالا مال پاکستان میں سونا، چاندی، تانبہ، پلاٹینم اور جیم اسٹون کے وسیع ذخائر موجود ہیں رپورٹ میں بتایا گیا ہے .... بقیہ 48 صفحہ نمبر 7 پر

سندھ حکومت کرپشن کا بدترین شاہکار بن چکی ہے، حافظ نعیم

کراچی (بیورو رپورٹ) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمن نے ادارہ نور حق میں امیر کراچی منعم ظفر خان و دیگر رہنماؤں کے ہمراہ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پیپلز پارٹی ایک قبضہ مافیا، سندھ حکومت کرپشن، نااہلی اور لوٹ مار کا بدترین شاہکار بن چکی ہے اور اس کے سرپرست وہ لوگ ہیں جن کو اپنی مرضی کی ترامیم اور قانون سازی کرنی اور استثنیٰ حاصل کرنے ہوتے ہیں، کراچی صوبے کے بجٹ کا 98 فیصد حصہ فراہم کرتا ہے لیکن اس شہر اور عوام کا کوئی پرسان حال نہیں، سندھ حکومت گزشتہ 15 برس میں کراچی کے 3360 ارب روپے کھا چکی ہے، صوبوں اور انتظامی یونٹس بنانے کی بحثیں چھیڑ کر عوام کو الجھایا جاتا ہے

بی اے پی کا اجلاس، حلقہ 36 قلات میں انتخابات کرانے کا مطالبہ

الیکشن کمیشن جلد الیکشن کرا کر حلقے کے عوام کو نمائندگی دے، وفاقی وزیر خالد خان مگسی

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان عوامی پارٹی کے مرکزی صدر و وفاقی وزیر خالد خان مگسی کی زیر صدارت کا اعلیٰ سطحی اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں سابق چیئرمین سینیٹ صادق سنجرانی، سینیٹر عبدالقادر، سینیٹر منظور کاکڑ، سینیٹر دنیش کمار، سید عابد حسن، پرنس احمد عمر احمدزئی، میر ضیاء لانگو، سینیٹر نصیب اللہ بازئی سمیت دیگر نے اجلاس میں شرکت کی۔ اجلاس میں ملکی مجموعی سیاسی و بلوچستان کی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ بی اے پی کے رہنماؤں نے الیکشن کمیشن سے قلات کے......... بقیہ 49 صفحہ نمبر 7 پر

یوم تاسیس ثبوت کہ عوام کی محبت پی پی کیساتھ ہے، صادق عمرانی

چیئرمین بلاول بھٹو، صدر آصف علی زرداری اور ادی فریال تالپور کے ہر حکم پر لبیک کہیں گے، صوبائی وزیر

پاکستان پیپلز پارٹی عوام کے دلوں کی دھڑکن ہے، عیادت کیلئے آنے والوں سے بات چیت

اوستہ محمد (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی عوام کی پارٹی ہے 58 ویں یوم تاسیس ثبوت ہے کہ عوام کی چاہت پیپلز پارٹی سے ہے میں ورکروں کا بلوچستان بھر میں کامیابی پر مبارکباد پیش کرتا ہوں پارٹی قیادت کے حکم افضل ہیں جو حکم ملا اس کو فالو کیا جائے گا ان خیالات کا اظہار پاکستان پیپلز پارٹی کے سنٹرل کمیٹی کے ممبر صوبائی وزیر آبپاشی میر محمد صادق خان عمرانی نے عیادت پر آئے ہوئے سینئر صحافی علی مردان جمالی سے باتیں کرتے ہوئے کیا انہوں نے .... بقیہ 51 صفحہ نمبر 7 پر

قلعہ سیف اللہ، ایک شخص کو ذبح کرنے والا ملزم موقع پر گرفتار

انصاف کے تقاضے پورے اور ملزم کو قانون کے کٹہرے میں لایا جائے گا، پولیس

قلعہ سیف اللہ (یو این اے) قلعہ سیف اللہ کے مضافاتی علاقے میں ایک دلخراش واقعہ پیش آیا، جہاں نامعلوم وجوہات کی بنا پر ایک شخص کو بے دردی سے ذبح کر کے قتل کر دیا گیا۔ واقعہ کی اطلاع ملتے ہی ایس ایچ او عصمت اور ایڈیشنل ایس ایچ او رحم الدین کاکڑ پولیس ٹیم کے ہمراہ فوری طور پر موقع پر پہنچ گئے۔ پولیس نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے ملزم کو موقع پر ہی گرفتار کرلیا جبکہ جائے وقوعہ سے اہم شواہد اکٹھے کر کے مزید تفتیش شروع کر دی۔ پولیس .... بقیہ 50 صفحہ نمبر 7 پر

ایچ آئی وی/ایڈز کا خاتمہ آگاہی مہم کے بغیر ممکن نہیں، صوبائی وزیر صحت

حکومت ایڈز کنٹرول پروگرام کے ذریعے متاثرہ افراد کو مفت علاج و مشاورت فراہم کر رہی ہے

ایڈز سے ڈرنے کی نہیں بروقت تشخیص کے ذریعے مقابلہ کرنے کی ضرورت ہے، پیغام

کوئٹہ (اے پی پی) صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے عالمی دن برائے ایڈز کے موقع پر اپنے خصوصی پیغام میں کہا ہے کہ یہ دن دنیا بھر میں ایچ آئی وی/ایڈز کے بارے میں شعور و آگاہی بڑھانے، متاثرہ افراد سے اظہار یکجہتی کرنے اور اس بیماری کے پھیلاؤ کو روکنے کے عزم کی تجدید کا موقع فراہم کرتا ہے۔ وزیر صحت نے کہا کہ بلوچستان میں ایچ آئی وی/ایڈز کے خاتمے کیلئے موثر حکمت عملی، بروقت اسکریننگ، علاج معالجے کی بہتر سہولیات اور آگا......... بقیہ 52 صفحہ نمبر 7 پر


صوبائی وزیر نور محمد دمڑ سے مفتی اے سی زیارت افضل باقی کے صاحبزادے مستنصر بلال ملاقات کر رہے ہیں

کے پی کے میں گورنر راج کسی طور حالات کو بہتر نہیں بنا سکتا، حافظ حمد اللہ

ملک میں سیاسی، معاشی اور سیکورٹی استحکام کا انحصار آئین کی مکمل عملداری پر ہے، محض نوٹیفکیشنز یا عارضی فیصلے کافی نہیں، مرکزی رہنماء جمعیت

پارلیمنٹ ربڑ اسٹیمپ، بیشتر سیاستدان صرف انگوٹھا لگانے کے کردار تک محدود ہو کر رہ گئے ہیں، سابق سینیٹر

کوئٹہ (آئی این پی) جمعیت علماء اسلام پاکستان کے مرکزی رہنماء مولانا حافظ حمد اللہ نے کہا ہے کہ خیبر پختونخوا میں وزیر اعلیٰ کی تبدیلی سے امن قائم نہیں ہوا اور نہ ہی گورنر راج کسی طور حالات کو بہتر بنا سکتا ہے، ایسے اقدامات سے صورتحال مزید گھمبیر ہونے کا خدشہ ہے، ملک میں سیاسی، معاشی اور سیکورٹی استحکام کا انحصار آئین کی مکمل عملداری پر ہے، محض نوٹیفکیشنز یا عارضی فیصلوں سے کوئی دیرپا نتیجہ حاصل نہیں کیا جا سکتا۔ مولانا حافظ حمد اللہ نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ ایسے ملک میں استحکام کا تصور بھی محال ہے جہاں آئینی ترمیم کے نام پر 1973 کے......... بقیہ 54 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان میں 45 فیصد لوگ خط غربت سے نیچے ہیں، شیری رحمان

آبادی میں اضافہ، پانی کی قلت اور موسمیاتی تبدیلی بڑے چیلنجز ہیں، نائب صدر پی پی

اسلام آباد (زاہد احمد خان) پارلیمنٹری فورم کی چیئرپرسن سینیٹر شیری رحمان نے کہا ہے کہ آبادی میں اضافہ، پانی کی قلت اور موسمیاتی تبدیلی تینوں بڑے چیلنجز ہیں، پاکستان میں عالمی بینک کے مطابق 45 فیصد لوگ خط غربت سے نیچے ہیں۔ سینیٹر شیری رحمان نے پاکستان پاپولیشن سمٹ سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ بڑھتی آبادی وسائل پر دباؤ ہے، پاکستان کو سالانہ 15 لاکھ نوکریاں درکار ہیں۔ شیری رحمان نے کہا کہ موسمیاتی تبدیلی بھی ہماری .... بقیہ 53 صفحہ نمبر 7 پر